بسم اللہ الرحمن الرحیم

حدیث سلسلۃ الذھب
اہل سنت کی نظر میں

مؤلف

محمد محسن طبسی

مترجم

سید سبط حیدر زیدی

طبسی، محمد محسن، ۱۳۴۴۔
(حدیث سلسلۃ الذهب از دیدگاه اہل سنت ۔اردو)
حدیث سلسلۃ الذهب اہل سنت کی نظر میں /مؤلف: محمد محسن طبسی، مترجم: سید سبط حیدر زیدی۔ مشہد مقدس: بنیاد پژوہشہای اسلامی، ۱۳۹۳۔ ۱۸۲ ص۔
ISBN:978-964-971-419-6
فیپا
۱۔ احادیث خاص (حدیث سلسلۃ الذهب)۔ الف: زیدی، سید سبط حیدر، مترجم۔ ب: بنیاد پژوہشہای اسلامی۔ ج: عنوان۔
BP ۱۴۵ /۸س /۸۳۰۴۶ ۲۹۷/۲۱۴
کتابخانہ ملی جمہوری اسلامی ایران ۲۱۶۶۰۶۰

نام کتاب: حدیث سلسلۃ الذهب اہل سنت کی نظر میں
مؤلف: محمد محسن طبسی
مترجم: سید سبط حیدر زیدی
نظر ثانی: ڈاکٹر حیدر رضا ضابط
ناشر: (اسلامی تحقیقات فاؤنڈیشن) بنیاد پژوہشہای اسلامی آستان قدس رضوی مشہد مقدس
مطبع: آستان قدس رضوی پبلیشرز
طبع اول: ۲۰۱۴ء بمطابق ۱۴۳۵ھ و ۱۳۹۳ش۔ تعداد: ۳۰۰۰

حرم مطہر امام رضا ۔صحن جمہوری اسلامی ۔ مشہد مقدس ۔ ایران
ص.پ: ۱۳۱۳ ۔ ۹۱۳۷۵ ۔ ٹیلی فون: ۲۲۵۹۰۹۰ ۔ ۲۲۱۳۴۷۴ ۔ ۹۸+
مدیریت امور زایرین غیر ایرانی
iro@imamrezashrine.com www.imamrezashrine.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

عـن ابی الصلت الهروی قال: قال علی بن موسی الرضا
لـقد حدثنی ابی موسی الکاظمؑ ، عن ابیه جعفر الصادق ؑ ، عن ابیه
مـحـمـد البـاقـر ؑ ، عـن ابیـه عـلـی زین العابدینؑ ، عن ابیه الحسین
الشهیـد بکربلاء ، عن ابیه علیؑ بن ابی طالبؑ، عن رسول اللهؐ ، انه
قـال : سـمـعـت جبرائیل ،یقول: سمعت رب العزة سبحانه و تعالی
یقول :" انی انا الله لااله الاانا فاعبدونی من جاء بشهادة ان لااله الا
الـلـه بـالاخلاص دخل حصنی فمن دخل حصنی امن من عذابی "
وفـی روایة فلما مرت الراحلة نادانا : "الابشروطها وانا من شروطها
"قیل : من شروطها الاقرار بانه امام مفترض الطاعة"

احمد ابن حنبل (۲۴۱ھ):

وہ اہل سنت کی چار فقہی اماموں میں سے ایک ہیں، کہتے ہیں:

لو قرأت هذا اسناد علی مجنون لبرئ من جنته۔ ہے

اگر اس سلسلہ سند کو کسی دیوانے پر پڑھوں تو وہ اس دیوانگی سے نجات حاصل کر لے۔

ابو نعیم اصفہانی شافعی (۴۳۰ھ):

وہ اس حدیث کے متعلق ایک مفصل بیان میں فرماتے ہیں:

هذا حدیث ثابت مشهور بهذا الاسناد من روایة الطاهرین عن آبائهم الطیبین وکان بعض سلفنا من المحدثین اذا روی هذا الاسناد قال: لو قرئ هذا الاسناد علی مجنون لافاق۔

یہ حدیث ثابت اور ان اسناد کے ساتھ مشہور ہے کہ جو پاک و پاکیزہ حضرات نے اپنے طیب و طاہر آباء و اجداد سے نقل کی ہے، ہمارے بعض گذشتہ محدثین جب ان اسناد کو نقل کرتے تو کہتے تھے کہ یہ اسناد اگر کسی دیوانے پر پڑھے جائیں تو اسے افاقہ حاصل ہو جائے۔

دیلمی شافعی (۵۰۹ھ):

وہ حدیث حصن کو صحیح جانتے اور کہتے ہیں:

هذا حديث ثابت

یہ حدیث ثابت ہے۔

جلال الدین سیوطی شافعی (۹۱۱ھ):

وہ حدیث حصن کو صحیح جانتے اور کہتے ہیں:

حديث صحيح۔

حدیث صحیح ہے۔

عبدالواسع بن یحی واسعی یمانی حنفی:

وہ بھی کہتے ہیں:

فما احق ان يكتب هذا المسند بالذهب لاشتماله على السند المسلسل بالسلسلة الطاهرة و العترة النبوية الفاخرة ۔

یہ حدیث کہ جو نبوت کی عترت طاہرہ اور پاک و پاکیزہ سلسلۂ سند کے ساتھ درج ہے، حق تو یہ ہے کہ اس کو سونے سے لکھا جائے۔

فہرست مطالب

حرف آغاز ---------------------------------- ۱۷

تمہید -- ۲۱

مقام اختلاف کی تعیین ---------------------------- ۲۱

حدیث سلسلۃ الذہب کو لکھنے والے افراد -------------------- ۲۴

پہلا باب-حدیث حصن / ۲۵

متن حدیث ------------------------------------ ۲۷

راوی حضرات ------------------------------------ ۲۸

تیسری صدی ------------------------------------ ۲۸

پانچویں صدی ----------------------------------- ۳۱

چھٹی صدی ------------------------------------ ۳۲

ساتویں صدی ----------------------------------- ۳۲

آ ٹھویں صدی ------------------------------ ۳۳
نویں صدی ------------------------------ ۳۴
دسویں صدی ------------------------------ ۳۴
گیارہویں صدی ------------------------------ ۳۵
بارہویں صدی ------------------------------ ۳۶
تیرہویں صدی ------------------------------ ۳۶
چودھویں صدی اوراس کے بعد ------------------------------ ۳۶
طرق روایت ------------------------------ ۳۷
روایت کا بقیہ ------------------------------ ۴۰
محمد خواجہ پارسای بخاری حنفی ------------------------------ ۴۱
قاضی بہجت آفندی شافعی ------------------------------ ۴۲
روایت حصن کے متعلق اہل سنت کے نظریات ------------------------------ ۴۳
موافقین ------------------------------ ۴۴
ابوصلت ہروی ------------------------------ ۴۴
احمد بن حنبل ------------------------------ ۴۵
یحی بن حسین حسنی ------------------------------ ۴۶

ابونعیم اصفہانی ---------------------------- ۴۶
ابوالقاسم عبدالکریم بن ہوازن قشیری شافعی ------------------- ۴۶
ابوحامد محمد غزالی شافعی ------------------------------ ۴۷
دیلمی شافعی -- ۴۸
زمخشری حنفی --------------------------------------- ۴۸
ابن قدامہ مقدسی حنفی ------------------------------ ۴۸
سبط ابن جوزی حنفی -------------------------------- ۴۹
زرندی حنفی -- ۴۹
سیوطی شافعی --------------------------------------- ۴۹
خنجی اصفہانی حنفی -------------------------------- ۵۰
عبداللہ بن یحی واسعی یمانی حنفی ---------------------- ۵۰
حدیث سلسلۃ الذہب کی برکت سے شفاء --------------------- ۵۱
ابن خلکان شافعی کا بیان ------------------------------ ۵۲
خنجی حنفی کا بیان ---------------------------------- ۵۳
مخالفین -- ۵۴

دوسرا باب: حدیث ایمان / ۵۵

متن روایت -- ۵۷

راوی حضرات -- ۵۸

تیسری صدی --- ۵۸

چوتھی صدی --- ۶۰

پانچویں صدی --------------------------------------- ۶۱

چھٹی صدی -- ۶۱

ساتویں صدی -- ۶۲

آٹھویں صدی -- ۶۳

نویں صدی -- ۶۳

دسویں صدی -- ۶۴

گیارہویں صدی ------------------------------------ ۶۴

بارہویں صدی --------------------------------------- ۶۵

تیرہویں صدی اور اس کے بعد ------------------------ ۶۵

طرق روایت --- ۶۵

روایت ایمان کے متعلق اہل سنت کے نظریات ------------------ ۷۲
موافقین -- ۷۳
محمد ابن ادریس شافعی ------------------------------ ۷۳
عبداللہ بن طاہر ---------------------------------- ۷۴
ابوصلت ہروی ---------------------------------- ۷۵
احمد بن حنبل ----------------------------------- ۷۵
ابن ماجہ قزوینی -------------------------------- ۷۶
ابوحاتم رازی شافعی ------------------------------ ۷۶
یحی بن حسین حسنی ------------------------------ ۷۶
ابوبکر محمد بن حسین آجری شافعی ------------------------- ۷۷
دارقطنی شافعی -------------------------------- ۷۷
منصور بن حسین آبی ------------------------------ ۷۸
ابونعیم اصفہانی شافعی ---------------------------- ۷۸
بیہقی شافعی --------------------------------- ۷۸
شجری جرجانی حنفی ----------------------------- ۷۹

ابو حامد محمد غزالی شافعی -------------------------------- ۷۹
زمخشری حنفی -- ۷۹
ابن قدامہ مقدسی حنفی ---------------------------------- ۸۰
سبط ابن جوزی حنفی ------------------------------------ ۸۰
جمال الدین مزی شافعی --------------------------------- ۸۰
ابن حجر عسقلانی شافعی -------------------------------- ۸۱
محمد بن محمد جزری شافعی ------------------------------ ۸۱
عبدالرحمٰن صفوری شافعی ------------------------------- ۸۲
سیوطی شافعی --- ۸۲
ابوالحسن علی بن محمد کنانی شافعی ------------------------ ۸۲
ابوالحسن سندی حنفی ---------------------------------- ۸۳
عجلونی شافعی --- ۸۴
قندوزی حنفی -- ۸۵
محمد بن فواد عبدالباقی حنفی ---------------------------- ۸۵
دکتر فاروق حمادہ ------------------------------------- ۸۵
مخالفین -- ۸۶

روایت ''حصن'' و''ایمان'' میں یکسانیت -------------------- ۸۶
حضرت امام رضاؑ کا نیشاپور میں داخل ہونا اور علماء اہل سنت وعوام کا استقبال----۸۷
واقدی کا بیان ---------------------------------- ۸۷
ابن جوزی کا بیان ------------------------------- ۸۸
حاکم نیشاپوری کا بیان ---------------------------- ۸۸
تاریخی واقعات سے نکات --------------------------- ۹۴
علماء نیشاپور کا مقام و منزلت -------------------------- ۹۵
تیسرا باب: ابوصلت ہروی اہل سنت کی نظر میں/ ۱۰۳
اہل سنت کے علم رجال میں ابوصلت ہروی کا مقام--------------- ۱۰۵
پہلا نظریہ ------------------------------------- ۱۰۶
یحی ابن معین ----------------------------------- ۱۰۷
عجلی -- ۱۱۰
ابوداوٗد سجستانی ---------------------------------- ۱۱۰
محمد بن اسماعیل بخاری ------------------------------ ۱۱۱
ابن شاہین -------------------------------------- ۱۱۱

حاکم نیشابوری شافعی ---------------------------- ۱۱۱
ابویعلی قزوینی ---------------------------------- ۱۱۲
حاکم حسکانی حنفی ---------------------------- ۱۱۳
مزی شافعی ------------------------------------ ۱۱۳
محمد بن محمد جزری شافعی -------------------------- ۱۱۴
ابن حجر عسقلانی شافعی ------------------------- ۱۱۴
ابن تغری بردی حنفی ---------------------------- ۱۱۵
ابوالحسن کنانی شافعی -------------------------- ۱۱۶
ابوالحسن سندی حنفی --------------------------- ۱۱۶
عجلونی شافعی ---------------------------------- ۱۱۷
دوسرا نظریہ ------------------------------------ ۱۱۷
زکریا بن یحی ساجی بصری شافعی ------------------- ۱۱۸
نقاش حنبلی ----------------------------------- ۱۱۸
ابونعیم اصفہانی شافعی --------------------------- ۱۱۸
تنقید و تحقیق ---------------------------------- ۱۱۹

تیسرا نظریہ ---------------------------------- ۱۱۹
ابراہیم بن یعقوب جوزجانی ----------------------- ۱۲۰
ابوحاتم رازی شافعی ---------------------------- ۱۲۰
ابوزرعہ دمشقی حنبلی ---------------------------- ۱۲۱
نسائی شافعی ----------------------------------- ۱۲۱
عقیلی مکی ------------------------------------- ۱۲۱
ابن حبان بستی شافعی --------------------------- ۱۲۲
ابن عدی جرجانی شافعی -------------------------- ۱۲۳
دارقطنی بغدادی شافعی --------------------------- ۱۲۳
محمد بن طاہر مقدسی ظاہری ------------------------ ۱۲۴
ابوسعد عبدالکریم سمعانی شافعی -------------------- ۱۲۵
ابوالفرج ابن جوزی حنبلی ------------------------- ۱۲۶
ذھبی شافعی ------------------------------------ ۱۲۶
ابن کثیر دمشقی شافعی ---------------------------- ۱۲۷
بوصیری شافعی ---------------------------------- ۱۲۸

تنقید وتحقیق --- ۱۲۹
جوز جانی اور ابوصلت پر تہمتیں ------------------------------ ۱۳۱
اہل سنت کے بزرگوں کا اعتراف کہ جوز جانی دشمن اہل بیتؑ ہے ---------- ۱۳۲
نتیجہ -- ۱۳۶
ابوصلت ہروی کا مذہب---------------------------------- ۱۳۸
اہل سنت کے نزدیک ''شیعہ'' ''شیعہ جلد'' اور ''رافضی خبیث'' کے معانی ----- ۱۳۹
نقد وتحقیق --- ۱۴۱
نتیجہ -- ۱۴۳

چوتھا باب: دیگر احادیث / ۱۴۵

تمام احادیث سلسلۃ الذھب ------------------------------ ۱۴۷

حرف آخر / ۱۵۷

کتابنامہ / ۱۶۳

حرف آغاز

تاریخ اسلام کے الہام بخش وخوبصورت حصوں میں سے ایک حضرت امام علی رضاؑ کا خراسان کے خطہ،شہر نیشاپور میں تشریف آوری و رونق افروز ہونا ہے،آنخضرتؑ کے وجود مبارک سے عوام وخواص اور علماء اہل سنت کا متبرک ہونا ،شوق دیدار میں گریہ کرنا، آپ کی سواری کے پاؤں کے بوسے لینا ،آپؑ کے حضور التماس کرنا ، گڑگڑانا ،رونا پیٹنا آپ کی زیارت سے مشرف ہونا اس تاریخی واقعہ کی عظمت کی طرف نشاندہی کرتا ہے وہ بھی خصوصاً اس علاقہ میں کہ جو تیسری و چوتھی صدی ہجری میں اہل سنت کے بڑے بڑے علماء ودانشمندوں اور محدثین کی جائے ولادت وقیام گاہ تھا جیسے اسحاق بن راہویہ، محمد بن اسلم طوسی ، احمد بن حرب وغیرہ۔آپ کی نیشاپور تشریف آوری کا اہم ترین واقعہ اس حدیث شریف کا بیان ہے کہ جو آپنے اپنے آباء واجداد طاہرین سے نقل فرمائی کہ جو سلسلۃ الذہب کے نام سے مشہور ہوئی اس طرح کہ ہر لکھنے والے نے اس کو بڑے شوق وشغف سے تحریر کیا اور ہر نقل کرنے والے نے اس کو بہت ہی اشتیاق وافتخار سے منتقل کیا اور ہر سننے والے نے اس کو انتہائی لذت، دلچسپی وتعجب سے سماعت کیا ، یہ تعجب و حیرت اس وقت اور بھی زیادہ ہو جاتی ہے کہ جب اس عظیم واقعہ و حدیث کو لکھنے والے اور بیان کرنے والے علماء و بزرگان اہل سنت ہوں۔

حدیث سلسلۃ الذہب کی دلالت وسند پر اعتراضات وانکار، اور اس سلسلے میں کسی جامع مستقل تحقیق کا نہ پایا جانا، یہ سبب بنا کہ اس تحریر کو اہل سنت کے معتبر منابع ومدارک سے استفادہ کرتے ہوئے معرض وجود میں لایا جائے اس تحریر میں کوشش کی گئی ہے کہ حدیث سلسلۃ الذہب کے متعلق حضرت امام رضاؑ کے زمانے سے عصر حاضر تک علماء اہل سنت کے تمام کلمات وعبارات اور نظریات کو جمع کیا جائے اور پھر درجہ بندی کر کے تمام مطالب کو تحقیقی صورت دیتے ہوئے چار ابواب (حدیث حصن، حدیث ایمان، ابوصلت ہروی اہل سنت کی نظر میں، دیگر احادیث) میں مرتب کیا جائے اور ایک کتاب کی صورت میں بنام ''حدیث سلسلۃ الذہب اہل سنت کی نظر میں'' پیش کی جائے۔

یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ یہ تحریر سب سے پہلے ایک مقالہ کی صورت میں بعنوان ''سلسلۃ الذہب بہ روایت اہل سنت'' فارسی زبان میں آمادہ کر کے ایک علمی تحقیقی کانفرنس میں کہ جو ''سلسلۃ الذہب چھٹا عمومی فسٹیوال امام رضاؑ'' کے عنوان سے تحقیقات اسلامی فاؤنڈیشن مشہد مقدس کی جانب سے سن ۲۰۰۸ میں منعقد ہوئی تھی، پیش کیا گیا تھا، یہ مقالہ پہلے نمبر پر آیا اور اساتید وحاضرین کانفرنس کی جانب سے کافی حوصلہ افزائی کی گئی۔

بعض اساتید کی فرمائش کے مطابق مقالہ مستقل طور پر چھپ کر منظر عام پر آیا لیکن اب اس مقالہ میں کچھ اضافات واصلاحات کر کے ایک مستقل کتاب کی صورت میں پیش کیا جارہا ہے۔

آخر میں چند نکات کا ذکر کرنا ضروری ہے:

۱- اس تحریر میں اہل سنت سے مراد عموماً پانچ مذاہب شافعی، مالکی، حنبلی، حنفی اور ظاہری کے علماء و بزرگان ہیں اور زمان کے اعتبار سے دوسری صدی ہجری سے عصر حاضر تک کے علما منظور ہیں لیکن خودساختہ اور تفرقہ انگیز فرقہ وہابیت کے نظریات سے اجتناب کیا گیا ہے۔

۲- یہ تحقیق توصیفی تحلیلی ہے یعنی جس طرح حضرت امام علی رضاؑ کا شہر نیشاپور میں وارد ہونا تاریخ میں ذکر ہوا اور آپ کی حدیث شریف سلسلۃ الذہب کو نقل کیا گیا اسی طرح درجہ بندی کی گئی ہے اور بعض مواقع پر کسی نظریہ کی نقد و تحلیل بھی کی گئی ہے لیکن یہ سب کچھ اہل سنت کے نظریات کو سامنے رکھتے ہوئے انجام پایا ہے لہذا اس تحریر کو مذہب شیعہ کے نظریات سے تطبیق دینے کی کوشش نہیں کی گئی ہے۔

۳- اس تحریر کے مطالب کو تقریباً سو سے زیادہ اہل سنت کے منابع و مآخذ سے براہ راست وبغیر واسطہ اخذ کیا گیا اور بہت کم ایسے موارد ہیں کہ جہاں اصل کتاب کے دستیاب نہ ہونے یا خطی ہونے کی وجہ سے دوسرے معتبر منابع و مآخذ سے استفادہ کیا گیا ہے لہذا حدیث سلسلۃ الذہب کے متعلق اہل سنت کی روایات جس طرح شیعوں نے اپنے یہاں نقل کیا ہے وہ مطالب اس تحریر میں نہیں ملیں گے۔

اگرچہ اس تحقیق کو اس سلسلے میں ایک نیا قدم سمجھا جا سکتا ہے لیکن مؤلف کا یہ دعوی نہیں ہے کہ اس میں نقص نہیں ہے لہذا دوستوں کی جانب سے دلسوز نکات وتنقید کا کاملاً کھلے ذہن کے ساتھ استقبال کیا جائے گا۔

آخر میں بزرگ اساتذہ حضرات آیات حاج شیخ نجم الدین طبسی وحاج شیخ محمد ہادی یوسفی غروی کی راہنمائی اور حجت الاسلام حاج شیخ محمد باقر پورامینی کے بے بہا نکات پر کہ جو اس کتاب کی تالیف میں اہم نقش رکھتے تھے، قدردانی اور شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔

محمد حسن طبسی

قم مقدس

تمہید

سلسلۃ الذھب، یہ وہ اصطلاح ہے کہ جس سے حضرت امام رضاؑ کے نیشاپور تشریف لانے کا تاریخی واقعہ، لوگوں کا بے نظیر استقبال خصوصاً علماء و محدثین اہل سنت کا آپ کی زیارت کے لیے جمع ہونا اور حدوداً بیس ہزار کاتب و محدثین کا اس روایت کو تحریر کرنا یاد آ جاتا ہے۔

حاکم نیشاپوری شافعی کا بیان ہے:

امام رضاؑ ۲۰۰ھ میں نیشاپور میں وارد ہوئے۔

اس سال کے تاریخی واقعات میں اس نے اس عظیم واقعہ کو بھی درج کیا ہے۔(۱)

مقام اختلاف کی تعیین

اہل سنت کی کتابوں میں حضرت امام رضاؑ کی زبان مبارک سے شہر نیشاپور میں بیان ہونے والی حدیث، سلسلۃ الذہب دو طرح سے مذکور ہے کہ دونوں دلالت کے اعتبار سے مختلف لیکن سند کے اعتبار سے متحد ہیں۔

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضیٰ والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج ۲، ص ۱۹۹، ح ۴۷۸ بنقل از تاریخ نیشاپور، حاکم نیشاپوری شافعی۔

ایک حدیث حصن اور دوسری حدیث ایمان۔

دوسرا نکتہ یہ ہے کہ حدیث سلسلۃ الذھب حصن وایمان کے علاوہ بھی بہت سی دوسری احادیث موجود ہیں کہ جو حضرت امام رضاؑ سے نقل ہوئی ہیں اور آپ نے ان کو بھی اسی روش پر یعنی اپنے آباء واجداد سے بیان فرمایا ہے لیکن ان کا متن حدیث حصن وایمان سے مختلف ہے لہذا اس طرح حدیث سلسلۃ الذھب بہت زیادہ ہیں اور ظاہراً حضرت امام رضاؑ کا طریقہ یہ رہا کہ آپ نے اکثر روایات کو اپنے آباءواجداد سے نقل فرمایا ''روایة الابناء عن الآباء'' کہ جن کو آپؑ کے بعض اصحاب نے ایک صحیفہ کے شکل میں جمع کیا ہے۔جیسا کہ سمعانی شافعی کہتا ہے ''یروی صحیفة عن آبائه ---'' ایک صحیفہ آپ نے آپنے آباءواجداد سے نقل فرمایا ہے۔ ''والمشهور من روایا ته الصحیفة ''(۱) اور آپ کی مشہور روایات کا مجموعہ صحیفہ ہے۔اس مجموعہ وصحیفہ کو ''مسند الرضا'' بھی کہا جاتا ہے۔(۲)

ابن شیرویہ دیلمی شافعی اس صحیفہ کو صحیح ومعتبر جانتا ہے اور اپنی مسند میں اس صحیفہ سے کافی روایات بھی نقل کی ہیں۔(۳)

---

(۱) الانساب، ج۳،ص۷۴-۷۵۔ الصلة بین التصوف والتشیع، ج۱،ص۲۳۸۔

(۲) التدوین فی اخبار قزوین، ج۱،ص۴۷۰، وج۲،ص۳۰۶و۴۰۷۔

(۳) فردوس الاخبار بماثور الخطاب، ج۱،ص۴۰۔

جبکہ افسوس کا مقام ہے کہ بعض راویوں نے اس صحیفہ یا مسند کی روایات کو بغیر کسی دلیل کے تضعیف وکمزور پیش کرنے کی کوشش کی ہے اوراس کی روایات کو بے اعتبار جانا ہے۔(۱)

اس حصہ میں اہل سنت کی جانب سے ان کی کتابوں میں اس طرح کی احادیث کی جمع آوری ونقل کو پیش کرتے ہوئے ابتداءً مشہور ومعروف حدیث سلسلۃ الذھب اوردونوں احادیث ،حدیث حصن وایمان کے متعلق اہل سنت کے علماء و بزرگوں کے نظریات کو بیان کیا جائے گا اور پھر دوسری احادیث امام رضا کہ جن کی سند کاملاً حدیث سلسلۃ الذہب کی طرح ہے پیش کی جائیں گی۔

---

(۱) کتاب المجروحین، ج۲،ص ۱۰۶۔ کتاب الثقات، ج۸،ص ۴۵۶۔

حدیث سلسلۃ الذہب کو لکھنے والے افراد

حضرت امام رضاؑ کی نیشا پور تشریف آوری کے عظیم واقعہ کو ایک روایت کے مطابق دس ہزار ،(۱) دوسری روایت کے مطابق بیس ہزار(۲) اور تیسری روایت کے مطابق تیس ہزار راویوں اور کاتبوں نے تحریر کیا(۳) کہ جن میں بیس ہزار والی روایت زیادہ مشہور ہے۔

---

(۱) مہمان نامہ بخارا،ص ۳۴۵۔

(۲) الفصول المہمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ،ص ۲۴۳۔جواہر العقدین فی فضل الشرفین،ص ۳۴۴۔الصواعق المحرقہ،ج ۲،ص ۵۹۵۔اخبار الدول وآثار الاول،ص ۱۱۵۔فیض القدیر بشرح جامع الصغیر،ج ۴،ص ۴۸۹۔ نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار،ص ۲۳۶۔اسرار الشریعہ یا الفتح الربانی والفیض الرحمانی،ص ۲۲۴۔ ان تمام کتابوں میں تاریخ نیشا پور سے نقل ہوا ہے۔

(۳) وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہاردہ معصوم،ص ۲۲۹۔

پہلا باب

حدیث حسن

متن روایت:

''قال علی بن موسی الرضاؑ ، حدثنی ابی موسی الکاظمؑ ، عن ابیه جعفر الصادقؑ ، عن ابیه محمد الباقرؑ ، عن ابیه علی زین العابدینؑ ، عن ابیه الحسین الشهید بکربلاء ، عن ابیه علیؑ بن ابی طالبؑ، قال : حدثنی حبیبی و قرۃ عینی رسول اللہؐ ، قال : حدثنی جبرائیل ،قال: سمعت رب العزۃ سبحانه و تعالی یقول : کلمة لااله الا الله حصنی فمن قالها دخل حصنی و من دخل حصنی امن من عذابی ''۔(۱)

حضرت امام رضاؑ نے فرمایا: میرے والدگرامی موسیٰ کاظمؑ نے اپنے پدر بزرگوار امام جعفر صادقؑ سے آپ نے اپنے والد ماجد امام محمد باقرؑ سے، آپ نے اپنے والد بزرگوار امام زین العابدین سے، آپ نے اپنے پدر بزرگوار امام حسینؑ شہید کربلا سے، آپ نے اپنے والدگرامی امیرالمؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے حدیث نقل کی ہے۔

---

(۱) الفصول المہمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ،ص۲۴۲-۲۴۳۔

حضرت علیؑ نے فرمایا کہ مجھ سے میرے محبوب رسول خداؐ نے فرمایا کہ آپ سے جبرئیل نے کہا کہ میں نے رب العزت سبحانہ تعالی سے سنا کہ اس نے فرمایا: کلمہ لااله الا الله میرا قلعہ ہے پس جو بھی یہ کلمہ کہے میرے قلعہ میں داخل ہوگا اور جو میرے قلعہ میں داخل ہوگیا وہ میرے عذاب سے محفوظ رہے گا۔

راوی حضرات

اس واقعہ کو اہل سنت کے بہت سے علماء و بزرگوں نے نقل کیا ہے کہ ہم ترتیب کے ساتھ حضرت امام رضاؑ کے ہم عصر علماء و محدثین سے لیکر آج تک کے علماء کا تذکرہ کریں گے۔

یہ بھی واضح رہے کہ تیسری صدی ہجری کے دس ہزار، بیس ہزار یا تیس ہزار راویوں و کاتبوں میں سے عصر حاضر میں صرف پچاس راویوں کی روایات مختلف بیانات کے ساتھ باقی رہ گئی ہیں ۔

تیسری صدی:

امام محمد تقیؑ (۲۲۰ھ)(۱)

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمة من ذریتهم ، ج۲،ص ۱۸۹، ح ۴۶۶۔ الاتحاف بحب الاشراف ، ج۳،ص ۱۴۷۔

محمد بن عمر واقدی (۲۰۷ھ)(۱)

یحی بن یحی (۲۲۶ھ)(۲)

احمد بن حرب نیشاپوری (۲۳۴ھ)(۳)

ابوصلت عبدالسلام بن صالح ہروی (۲۳۶ھ)(۴)

اسحاق بن راہویہ مروزی (۲۳۸ھ)(۵)

محمد بن اسلم کندی طوسی (۲۴۲ھ)(۶)

---

(۱) تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔

(۲) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج ۶، ص ۱۲۵۔

(۳) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج ۶، ص ۱۲۵۔ تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔

(۴) ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج ۳، ص ۱۲۲-۱۲۳ و ۱۶۸۔ ابوصلت ہروی اکثر اہل سنت کی نظر میں سنی مذہب ہے، یہ بحث تیسری فصل میں مفصل ذکر ہوگی۔

(۵) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج ۶، ص ۱۲۵۔ تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔

(۶) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج ۶، ص ۱۲۵۔ تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔

محمد بن رافع قشیری (۲۴۵ھ)(۱)

ابوزرعہ رازی (۲۶۱ھ)(۲)

احمد بن عامر طائی (۳)

احمد بن عیسی علوی (۴)

احمد بن علی بن صدقہ (۵)

---

(۱) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج ۶، ص ۱۲۵۔ تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔

(۲) الفصول المہمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ، ص ۲۴۲-۲۴۳۔ الصواعق المحرقہ، ج ۲، ص ۵۹۴-۵۹۵۔ اخبار الدول وآثار الاول، ص ۱۱۵۔ فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج ۴، ص ۴۸۹-۴۹۰۔ نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص ۲۳۶۔

(۳) تاریخ دمشق الکبیر، ج ۵۱، ص ۲۵۳، ح ۱۱۴۷۳۔ کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال، ج ۱، ص ۵۲، ح ۱۵۸۔ مسند الامام زید، ص ۴۳۹۔

(۴) التدوین فی اخبار قزوین، ج ۲، ص ۲۱۳۔

(۵) مسند الشہاب، ج ۲۷، ص ۳۲۳، ح ۱۴۵۱۔

پانچویں صدی

حاکم نیشاپوری شافعی (۴۰۵ھ)(۱)

احمد بن عبد الرحمٰن شیرازی (۴۰۷ھ یا ۴۱۱ھ)(۲)

ابونعیم اصفہانی شافعی (۴۳۰ھ)(۳)

قضاعی شافعی (۴۵۴ھ)(۴)

شجری جرجانی حنفی (۴۹۹ھ)(۵)

---

(۱) تاریخ نیشاپور حاکم بنابر نقل الفصول المہمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ، ص۲۴۲-۲۴۳۔ الصواعق المحرقہ، ج۲، ص۵۹۴-۵۹۵۔ اخبار الدول وآثار الاول، ص ۱۱۵۔ فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج ۴، ص ۴۸۹-۴۹۰۔ نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص ۲۳۶۔

(۲) جامع الصغیر من حدیث البشیر النذیر، ص۳۷۶، ح ۶۰۴۷۔ فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج ۴، ص ۴۸۹-۴۹۰۔ بنقل از کتاب الالقاب شیرازی۔ لیکن افسوس کہ کتاب الالقاب اب نایاب ہوچکی ہے، بعض کہتے ہیں کہ اس کا خطی نسخہ موجود ہے، دیکھیے: تاریخ التراث العربی، ج۱، ص۳۷۶۔ سیر اعلام النبلاء، ج ۱۷، ص۲۴۲۔ مختصر کتاب الالقاب۔ اس کا بھی فقط خطی نسخہ موجود ہے، دیکھیے: الفہرس الشامل للتراث العربی الاسلامی المخلوط، الحدیث النبوی الشریف وعلومہ ورجالہ، ج۱، ص۶۳، شمارہ ۴۵۴، وص۲۳۳۔

(۳) حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ج ۳، ص۱۹۱-۱۹۲۔

(۴) مسند الشہاب، ج ۷، ص۳۲۳، ح ۱۴۵۱۔

(۵) الامالی الخمیسہ، ج۱، ص۱۵-۱۶۔

چھٹی صدی

ابوحامد محمد غزالی شافعی (۵۰۵ھ)(۱)

ابن شیرویہ دیلمی شافعی (۵۰۹ھ)(۲)

زمخشری حنفی (۵۳۸ھ)(۳)

ابن عساکر دمشقی شافعی (۵۷۱ھ)(۴)

ابن جوزی حنبلی (۵۹۷ھ)(۵)

ساتویں صدی

ابن قدامہ مقدسی حنبلی (۶۲۰ھ)(۶)

---

(۱) شرح حدیث سلسلۃ الذہب، یہ کتاب خطی ہے اوراس کا ایک نسخہ محمدیہ لائبریری ہندوستان میں ہے، دیکھیے: اہل البیت فی المکتبۃ العربیۃ، ص۲۳۷، شمارہ۳۹۱۔

(۲) فردوس الاخبار بماثور الخطاب، ج۳، ص۲۱۱، ح۴۴۵۸۔ اورج۵، ص۳۵۱، ح۸۱۳۸، دیکھیے: فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج۴، ص۴۹۰۔

(۳) ربیع الابرار ونصوص الاخبار، ج۲، ص۳۸۵، ح۲۲۷۔

(۴) تاریخ دمشق الکبیر، ج۵۱، ص۲۵۲-۲۵۳، ح۲۱۴۷۱۱و۲۱۴۷۳۱۱، شمارہ۴۲۷۵۔

(۵) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶، ص۱۲۵۔

(۶) التبیین فی انساب القرشیین، ص۱۳۳۔

رافعی قزوینی شافعی (۶۲۳ ھ)(۱)

محمد بن طلحہ شافعی (۶۵۲ ھ)(۲)

سبط ابن جوزی حنفی (۶۵۴ ھ)(۳)

آٹھویں صدی

ابن منظور افریقی (۷۱۱ ھ)(۴)

جوینی شافعی (۷۳۰ ھ)(۵)

ذہبی شافعی (۷۴۸ ھ)(۶)

---

(۱) التدوین فی اخبار قزوین، ج۲، ص۲۱۳۔

(۲) وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہاردہ معصوم، ص۲۲۷۔ یہ مطلب بھی قابل ذکر ہے کہ محمد بن طلحہ شافعی نے اس روایت کو اپنی کتاب مطالب السؤول فی مناقب آل الرسول میں ذکر نہیں کیا ہے ممکن ہے اپنی دوسری کتاب زبدۃ المقال فی فضائل الآل میں ذکر کیا ہو کہ جو اب دستیاب نہیں ہے بہر حال گنجی حنفی نے اس مطلب کو ذکر کیا ہے، دیکھیے: اہل البیت فی المکتبۃ العربیۃ، ص۲۰۵، شمارہ ۳۴۶۔

(۳) تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص۳۱۵۔

(۴) مختصر تاریخ دمشق، ج۲۰، ص۲۹۳۔

(۵) فرائد السمطین فی فضائل المرتضیٰ والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج۲، ص۱۸۹، ح۴۶۶۔

(۶) سیر اعلام النبلاء، ج۹، ص۳۹۰۔

زرندی حنفی (۷۵۷ھ)(۱)

خلیفہ نیشاپوری شافعی (آٹھویں صدی)(۲)

نویں صدی

محمد خواجہ پارسائی بخاری حنفی (۸۲۲ھ)(۳)

ابن حجر عسقلانی شافعی (۸۵۲ھ)(۴)

ابن صباغ مالکی (۸۵۵ھ)(۵)

دسویں صدی

سیوطی شافعی (۹۱۱ھ)(۶)

---

(۱) معارج الوصول الی معرفة فضل آل الرسول والبتول، ص۱۶۵-۱۶۶۔

(۲) تلخیص وترجمہ تاریخ نیشاپور، ص۱۳۱-۱۳۲۔

(۳) فصل الخطاب لوصل الاحباب بنابر نقل ینابیع المودة لذوی القربی، ج۳، ص۱۶۸۔

(۴) تہذیب التہذیب، ج۷، ص۳۳۹۔

(۵) الفصول المہمہ فی معرفة احوال الآئمہ، ص۲۴۲-۲۴۳۔

(۶) جامع الصغیر من حدیث البشیر النذیر، ص۳۷۶، ح۶۰۷۴۔

سمہودی شافعی (۹۱۱ھ)(۱)

خنجی اصفہانی حنفی (۹۲۷ھ)(۲)

ابن حجر ھیثمی شافعی (۹۷۴ھ)(۳)

متقی ہندی (۹۷۵ھ)(۴)

گیارہویں صدی

قرمانی دمشقی (۱۰۱۹ھ)(۵)

عبدالرؤوف مناوی شافعی (۱۰۳۱ھ)(۶)

---

(۱) جواہر العقدین فی فضل الشرفین، ص۳۴۲-۳۴۳۔

(۲) وسیلۃ الخادم الی المخدوم درشرح صلوات چہاردہ معصوم، ص۲۲۷۔ مہمان نامہ بخارا، ص۳۴۳-۳۴۵۔

(۳) الصواعق المحرقۃ، ج۲، ص۵۹۴-۵۹۵

(۴) کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال، ج۱، ص۵۲، ح۱۵۸۔

(۵) اخبار الدول وآثار الاول، ص۱۱۵۔

(۶) فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج۴، ص۴۸۹-۴۹۰۔

بارہویں صدی

نابلسی دمشقی حنفی (۱۱۴۳ھ)(۱)

میرزا محمد خان بدخشی ہندی حنفی (بارہویں صدی)(۲)

تیرہویں صدی

زبیدی حنفی (۱۲۰۵ھ)(۳)

قندوزی حنفی (۱۲۹۴ھ)(۴)

شبلنجی شافعی (۱۲۹۸ھ)(۵)

چودہویں صدی کے بعد

قاضی بہجت آفندی شافعی (۱۳۵۰ھ)(۶)

---

(۱) اسرار الشریعہ یا فتح الربانی والفیض الرحمانی،۲۲۳-۲۲۴۔

(۲) مفتاح النجا فی مناقب آل عبا،ص۱۷۹۔

(۳) الاتحاف بحب الاشراف، ج۳،ص۱۴۷۔

(۴) ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج۳،ص۱۲۲-۱۲۳و۱۶۸۔

(۵) نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار،ص۲۳۶۔

(۶) تشریح ومحاکمہ در تاریخ آل محمد،ص۱۹۰-۱۹۱۔

سید محمد طاہر ہاشمی شافعی (۱۴۱۲ھ) (۱)

شیخ احمد تابعی مصری شافعی (۲)

عبد العزیز بن اسحاق بغدادی حنفی (۳)

طرق روایت

اگرچہ حضرت امام رضاؑ کا شہر نیشاپور میں وارد ہونے کے واقعے اور حدیث حصن کو اس زمانے یعنی تیسری صدی ہجری کے ان دس ہزار، بیس ہزار یا تیس ہزار راویوں و کاتبوں نے تحریر کیا لیکن افسوس کہ یہ حدیث بھی حدیث غدیر کی طرح عمداً بھلا دی گئی اور اس کے اسناد بھی مختلف دلیلوں کے سبب مفقود ہو گئے۔

بہر حال معروف یہ ہے کہ یہ حدیث ابوصلت عبد السلام بن صالح ہروی نے حضرت امام رضاؑ سے نقل کی ہے لہذا البعض کا گمان یہ ہے کہ ابوصلت کی حیثیت کو کم کر کے اس حدیث کے اعتبار کو ساقط کر دیا جائے۔

ان کا جواب یہ ہے کہ اولاً: جیسا کہ آگے یہ تذکرہ آئے گا کہ اہل سنت کے علماء و محدثین ابوصلت پر اعتماد رکھتے ہیں۔

----

(۱) مناقب اہل بیت از دیدگاہ اہل سنت، ۲۰۲۔

(۲) الاعتصام بحبل الاسلام، ص ۲۰۵-۲۰۶۔

(۳) مسند الامام زید، ص ۴۳۹-۴۴۰۔

ثانیاً: ابوصلت کے علاوہ دوسرے افراد نے بھی حضرت امام رضاؑ سے اس حدیث کو نقل کیا ہے کہ جن کا تذکرہ ملاحظہ فرمائیں:

۱-امام محمد تقیؑ - جوینی شافعی (۱) وزبیدی حنفی (۲) دونوں نے اپنی اپنی اسناد کے ساتھ اس حدیث کو امام محمد تقیؑ سے نقل کیا ہے۔

۲-ابوصلت عبدالسلام بن صالح ہروی - وہ حضرت امام رضاؑ کے خادم تھے اور اس تاریخی واقعہ کو تفصیل کے ساتھ نقل کرتے ہیں۔تقریباً سبھی علماء ہل سنت نے ابوصلت کی اس روایت کو مختلف طرق واسناد کے ساتھ نقل کیا ہے۔(۳)

۳-احمد بن عامر طائی - ابن عساکر دمشقی شافعی نے اپنی اسناد کے ساتھ اس حدیث کو احمد بن عامر طائی سے نقل کیا ہے۔(۴)

۴-احمد بن عیسی علوی - رافعی قزوینی شافعی نے مذکورہ روایت کو اپنی اسناد کے ساتھ احمد بن عیسی علوی سے نقل کیا ہے۔(۵)

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج۲، ص۱۸۹، ح۴۶۶۔

(۲) الاتحاف بحب الاشراف، ج۳، ص۱۴۷۔

(۳) ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج۳، ص۱۲۲-۱۲۳و۱۶۸۔

(۴) تاریخ دمشق الکبیر، ج۵۱، ص۲۵۳، ح۱۱۴۷۳۔ کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال، ج۱، ص۵۲، ح ۱۵۸۔ مسند الامام زید، ص۴۳۹۔

(۵) التدوین فی اخبار قزوین، ج۲، ص۲۱۳۔

۵-احمد بن علی بن صدقہ -ابوعبداللہ محمد بن سلالہ قضاعی شافعی نے مذکورہ حدیث کو اپنی اسناد کے ساتھ احمد بن علی بن صدقہ سے نقل کیا ہے۔(۱)

۶- محمد بن عمر واقدی- سبط ابن جوزی حنفی نے اس روایت کو از طریق واقدی نقل کیا ہے (۲)۔

۷-ابوزرعہ رازی-

۸-محمد بن اسلم طوسی-

حاکم نیشاپوری شافعی نے اس عظیم واقعہ کو مندرجہ بالا دو افراد سے نقل کیا ہے۔(۳)

۹-اسحاق بن راہویہ مروزی-

۱۰-محمد بن رافع قشیری-

۱۱-احمد بن حرب نیشاپوری-

---

(۱) مسند الشہاب، ج ۲، ص ۳۲۳، ح ۱۴۵۱۔

(۲) تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔

(۳) تاریخ نیشاپور حاکم بنابر نقل الفصول المہمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ، ص ۲۴۲-۲۴۳۔ الصواعق المحرقہ، ج ۲، ص ۵۹۴- ۵۹۵۔ اخبار الدول وآثار الاول، ص ۱۱۵۔ فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج ۴، ص ۴۸۹-۴۹۰۔ نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص ۲۳۶۔

ان تینوں سے ابن جوزی حنبلی (۱) و سبط ابن جوزی حنفی نے از طریق واقدی (۲) اس واقعہ کو نقل کیا ہے۔

۱۲- یحی ابن یحی- اس سے بھی ابن جوزی حنبلی نے نقل کیا ہے۔ (۳)

روایت کا بقیہ

الا بشروطها و انا من شروطها

آ گاہ ہو جاؤ کہ (کلمة لااله الا الله) کے کچھ شرائط ہیں کہ جن میں سے ایک شرط میں ہوں۔

اگر چہ اہل سنت کی بہت سے کتابوں سے حدیث کا بقیہ حصہ حذف ہو چکا ہے لیکن پھر بھی بعض منصف علماء نے اس کو محفوظ رکھا ہے جیسے خواجہ پارسائی حنفی اور قاضی بہجت آفندی شافعی وغیرہ نے حدیث کے بقیہ حصہ کو نقل کر کے مقام امامت کی عظمت کی طرف اشارہ کیا ہے۔

---

(۱) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج ۶، ص ۱۲۵۔

(۲) تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔

(۳) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج ۶، ص ۱۲۵۔

محمد خواجہ پارسائی بخاری حنفی (۸۲۲ھ):

عن ابی الصلت عبد السلام بن صالح بن سليمان الهروی قال: كنت مع علی الرضاؑ حين خرج من نيسابور وهو راكب بغلته الشهباء، فاذا احمد بن الحرب و يحى بن يحى و اسحاق بن راهويه و عدة من اهل العلم قد تعلقوا بلجام بغلته فقالوا: يابن رسول الله! بحق آبائك الطاهرين حدثنا بحديث سمعته عن ابيك عن آبائه فاخرج رأسه الشريف من مظلته و قال: لقد حدثنی ابی موسى الكاظمؑ، عن ابيه جعفر الصادقؑ، عن ابيه محمد الباقرؑ، عن ابيه علی زين العابدينؑ، عن ابيه الحسين الشهيد بكربلاء، عن ابيه علیؑ بن ابی طالبؑ، عن رسول اللهؐ، انه قال: سمعت جبرائيل ،يقول: سمعت رب العزة سبحانه و تعالى يقول :انی انا الله لااله الاانا فاعبدونی من جاء بشهادة ان لااله الا الله بالاخلاص دخل حصنی فمن دخل حصنی امن من عذابی، وفی رواية فلما مرت الراحلة نادانا: "الابشروطها وانا من شروطها "قيل: من شروطها الاقرار بانه امام مفترض الطاعة۔(۱)

ابوصلت عبدالسلام بن صالح بن سلیمان ہروی سے روایت ہے کہ جس وقت حضرت امام رضاؑ شہر نیشاپور سے گذر رہے تھے تو آپ ہلکے کالے رنگ کے خچر پر سوار تھے۔

---

(۱) فصل الخطاب لوصل الاحباب بنابرنقل ینابیع المودة لذوی القربی، ج۳،ص ۱۶۸۔

میں آپ کے ساتھ تھا اس وقت احمد بن حرب، یحی بن یحی و اسحاق بن راہویہ اور دیگر کافی تعداد میں اہل علم آئے اور حضرت کی سواری کی لگام کو پکڑ کے عرض کی: اے فرزند رسول خداؐ آپ کو آپ کے پاک آباء واجداد کا واسطہ ہمارے لیے ایسی حدیث نقل فرمائیں کہ جو آپ نے اپنے والد گرامی اور انہوں نے اپنے آباء واجداد سے سنی ہو۔ پس آپ نے اپنے سر مبارک کو عماری سے باہر نکالا اور فرمایا: میرے والد گرامی موسی کاظمؑ نے اپنے پدر بزرگوار امام جعفر صادقؑ سے آپ نے اپنے والد ماجد امام محمد باقرؑ سے، آپ نے اپنے والد بزرگوار امام زین العابدینؑ سے، آپ نے اپنے پدر بزرگوار امام حسینؑ شہید کربلا سے، آپ نے اپنے والد گرامی امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے، اور حضرت علیؑ نے رسول خداؐ سے اور آپ نے جبرئیل سے سنا کہ اس نے کہا میں نے رب العزت سبحانہ تعالی سے سنا کہ خداوند عالم نے فرمایا: میں خدائے واحد ہوں میرے علاوہ کوئی معبود نہیں، میری عبادت کرو، جو کوئی بھی مخلصانہ گواہی و شہادت کے ساتھ ''لا الہ الا اللہ'' کہے گا میرے قلعہ میں داخل ہوگا اور جو میرے قلعہ میں داخل ہو گیا وہ میرے عذاب سے محفوظ رہے گا۔ دوسری روایت میں ہے کہ جیسے ہی قافلہ نے حرکت کی تب آپ نے بلند آواز سے فرمایا آگاہ رہو اس کلمہ کے کچھ شرائط ہیں کہ جن میں سے ایک شرط میں ہوں۔ کہا گیا ہے کہ کلمہ اخلاص کی شرائط میں سے حضرتؑ کو واجب الاطاعت ماننا ہے

قاضی بہجت آفندی شافعی (۱۳۵۰ھ)

ابوصلت عبدالسلام بن صالح ہروی کہتا ہے کہ جس وقت حضرت امام رضاؑ شہر نیشاپور سے

گذر رہے تھے میں آپ کے ہم رکاب تھا، آپ سفید رنگ کے خچر پر سوار تھے۔خراسان کے بعض علماء جیسے اسحاق بن راہویہ، احمد بن حرب، یحی بن یحی حضرت کے حضور میں شرفیاب ہوئے اور عرض کی: اے فرزند رسول خدا! اپنے پاک آباء واجداد سے سنی ہوئی کسی حدیث سے ہمیں خوشحال و مستفیض فرمائیں، حضرت امام رضاؑ نے ان کے جواب میں اپنے سر مبارک کو کجاوہ سے باہر نکالا اور فرمایا:

انی سمعت من ابی موسی قال: انی سمعت من ابی عبدالله جعفر انه قال: سمعت من ابی محمد الباقر انه قال: سمعت من ابی علی، انه قال: سمعت من ابی الحسین انه قال: سمعت من ابی علی امیرالمؤمنین انه قال: انی سمعت من رسول اللهؐ انه قال: من قال لااله الا الله، دخل حصنی فمن دخل حصنی امن من عذابی ۔ ثم قال: "الابشروطها – وقال الامام انامن شروطها"۔

یہ حدیث بھی سلسلہ سند کے اعتبار سے امامت سے رسالت پناہ تک پہنچتی ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ کلمہ لاالہ الا الله میرا قلعہ ہے جو کوئی بھی میرے قلعے میں داخل ہوگا میرے عذاب سے محفوظ رہے گا لیکن اس کلمہ طیبہ کے کچھ شرائط ہیں کہ جن میں سے ایک میں ہوں۔(۱)

حدیث حصن کے متعلق اہل سنت کے نظریات

حدیث حصن کے متعلق دو نظریئے پائے جاتے ہیں:

---

(۱) تشریح ومحاکمہ در تاریخ آل محمد، ص۱۹۰-۱۹۱۔

بعض کا یہ خیال ہے کہ اس حدیث کا راوی تنہا ابوصلت ہروی ہے لہذا اس کی تضعیف کرتے ہیں اور پھر اس کے نتیجے میں حدیث حصن کو بھی بے اعتبار ظاہر کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جب کہ اہل سنت کے بہت سے علماء و بزرگوں نے ابوصلت ہروی کی توثیق واعتماد کے ساتھ ساتھ اس حدیث حصن کی بھی تائید کی ہے۔ اور بعض حضرات نے تو حیرت انگیز کلمات کو اپنی زبان وقلم پر جاری کیا ہے، بعض نے اس حدیث کو شفا بخش ومتبرک جانتے ہوئے تجربہ بھی کیا ہے کہ جن کی طرف اشارہ کیا جائے گا۔

موافقین

حدیث حصن یا سلسلة الذھب ان مخصوص ومحدود احادیث میں سے ہے کہ جس نے اہل سنت کے علماء وبزرگوں کو حیرت میں ڈالا، ان سے اپنی عظمت کا اعتراف کرایا اور حدیث شریف کی تائید میں عجیب وغریب کلمات وجملات ان کی زبان پر جاری ہوئے کہ جن میں سے بعض کی طرف اشارہ کیا جارہا ہے۔

اباصلت ہروی (۲۳۶ھ):

وہ اس حدیث کی عظمت کے متعلق کہتے ہیں:

لو قرئ ھذا الاسناد علی مجنون لافاق۔(۱)

یہ اسناد اگر کسی مجنون ودیوانے پر پڑھی جائیں تو وہ عاقل ہوجائے گا۔

---

(۱) تذکرة الخواص من الامة بذکر خصائص الآئمة، ص۳۱۵۔

احمد ابن حنبل (۲۴۱ھ):

وہ اہل سنت کی چار فقہی اماموں میں سے ایک ہیں، کہتے ہیں:

لوقرأت هذا اسناد على مجنون لبرئ من جنته۔(۱)

اگران اسناد کو کسی دیوانے پر پڑھوں تو وہ اس دیوانگی سے افاقہ پائے اور عاقل ہو جائے۔

دوسری جگہ اس طرح آیا ہے:

لوقرئ هذا الاسناد على مجنون لافاق۔(۲)

ایک اور جگہ اس طرح نقل ہوا ہے:

لوقرئ هذا الاسناد على مجنون لبرئ من جنونه ۔(۳)

ایک جگہ اور نقل ہوا:

لوقرئ هذا الاسناد على مجنون لافاق من جنونه ۔(۴)

اگر یہ اسناد کسی دیوانے پر پڑھے جائیں تو وہ اس جنون سے شفا پا جائے گا۔

---

(۱) الصواعق المحرقہ، ج۲، ص۵۹۴-۵۹۵

(۲) نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص۲۳۶۔

(۳) الامالی الخمیسہ ،ج۱، ص۱۵، ح۱۶۔

(۴) تعلیقہ بر مسندالامام زید، ص۴۴۱۔ الاعتصام بحبل الاسلام، ص۲۰۶۔

یحی بن حسین حسنی (۲۹۸ھ):

وہ حضرت امام رضاؑ کے صحیفہ کی اسناد کے بارے میں ہمیشہ کہتا تھا:

لوقرئ هذا الاسناد فی اذن مجنون لافاق ۔(۱)

اگر یہ اسناد کسی دیوانے کے کان میں پڑھے جائیں تو وہ شفا پا جائے گا۔

ابونعیم اصفہانی شافعی (۴۳۰ھ):

وہ آنحضرتؑ کی اس حدیث کے متعلق ایک جامع بیان نقل کرتا ہے:

هذا حديث ثابت مشهور بهذا الاسناد من رواية الطاهرين عن آبائهم الطيبين وكان بعض سلفنا من المحدثين اذا روى هذا الاسناد قال: لوقرئ هذا الاسناد على مجنون لافاق ۔(۲)

یہ حدیث ثابت اور ان اسناد کے ساتھ مشہور ہے کہ جو پاک و پاکیزہ حضرات نے اپنے طیب و طاہر آباء و اجداد سے نقل کی ہے، ہمارے بعض گذشتہ محدثین جب ان اسناد کو نقل کرتے تو کہتے تھے کہ یہ اگر کسی دیوانے پر پڑھے جائیں تو وہ عقلمند ہو جائے گا۔

ابوالقاسم عبدالکریم بن ھوازن قشیری شافعی (۴۶۵ھ):

وہ بھی اس حدیث کے بارے میں عجیب بات کہتا ہے کہ جس کی طرف ہم اشارہ کرتے ہیں

---

(۱) ربیع الابرار ونصوص الاخبار، ج۲،ص ۳۸۵، ح ۲۲۷۔

(۲) حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ج۳،ص ۱۹۲۔

اتصل هذا الحديث بهذا السند ببعض امراء السامانيه فكتب بالذهب واوصى ان يدفن معه فى قبره ، فرئ فى منام بعد موته فقيل : ما فعل الله بك ؟ فقال : غفر الله لى بتلفظى بلااله الا الله و تصديقى ان محمداً رسول الله۔(۱)

یہ حدیث اسی سند کے ساتھ کسی سامانی بادشاہ (نوح بن منصور) کے پاس پہنچی اس نے حکم دیا کہ اس حدیث کو سونے سے تحریر کیا جائے اور وصیت کی کہ میرے مرنے کے بعد اس کو میرے ساتھ قبر میں دفن کر دیا جائے۔اس کے مرنے کے بعد اس کو کسی نے خواب میں دیکھا اور سوال کیا کہ آپ کے ساتھ کیا گذری؟ اس نے جواب دیا خداوند عالم نے مجھ کو کلمہ لااله الا الله کہنے اور محمد رسول الله کی تصدیق کرنے کی وجہ سے بخش دیا ہے۔

ابو حامد محمد غزالی شافعی (۵۰۵ھ):

اس نے حدیث سلسلۃ الذہب کی تائید کے ساتھ ساتھ اس کی شرح وتفسیر بھی کی ہے۔(۲)

---

(۱) الفصول المہمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ، ص۲۴۳۔ جواہر العقدین فی فضل الشرفین، ص۳۳۴۔ مہمان نامہ بخارا، ص۳۴۲۔ وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہاردہ معصوم، ص ۲۲۹۔ اخبار الدول وآثار الاول، ص۱۱۵۔ فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج۴، ص۴۸۹۔ نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص۲۳۶۔ الاعتصام بحبل الاسلام، ص۲۰۶۔

(۲) شرح حدیث سلسلۃ الذہب، یہ کتاب خطی ہے اور اس کا ایک نسخہ محمد یہ لائبریری ہندوستان میں ہے، دیکھیے: اہل البیت فی المکتبۃ العربیۃ، ص۲۳۷، شمارہ ۳۹۱۔

دیلمی شافعی (۵۰۹ ھ):

وہ حدیث حسن کو صحیح جانتا ہے اور کہتا ہے:

هذا حديث ثابت ۔(۱)

یہ حدیث ثابت ہے۔

زمخشری حنفی (۵۳۸ ھ):

وہ حدیث سلسلۃ الذھب کی عظمت میں یحی بن حسین حسنی کے قول کو نقل کرتا ہے کہ وہ ہمیشہ کہتا تھا:

لوقرئ هذا الاسناد فی اذن مجنون لافاق ۔(۲)

اگر یہ اسناد کسی دیوانے کے کان میں پڑھے جائیں وہ یقیناً عقلمند ہو جائے گا۔

ابن قدامہ مقدسی حنبلی (۶۲۰ ھ):

قال بعض اهل العلم :لوقرئ هذا الاسنادعلی مجنون لبرئ۔(۳)

بعض اہل علم کا کہنا ہے کہ اگر یہ اسناد کسی دیوانے پر پڑھے جائیں وہ یقیناً شفایاب ہو جائے گا۔

---

(۱) فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج۴، ص۴۸۹-۴۹۰۔

(۲) ربیع الابرار ونصوص الاخبار، ج۲، ص۷۹، ح۳۴۶۔

(۳) التبیین فی انساب القرشیین، ص۱۳۳۔

سبط ابن جوزی حنفی (۶۵۴ھ):

اس نے اس حدیث کی عظمت میں ابن قدامہ مقدسی حنبلی کے کلام کودہرایا ہےاور کہتا ہے:

لوقرئ هذا الاسنادعلى مجنون لبرئ۔(۱)

اگر یہ اسناد کسی دیوانے پر پڑھے جائیں وہ یقیناً عقلمند ہو جائے گا۔

زرندی حنفی (۷۵۷ھ):

وہ بھی حدیث حصن کی عظمت کے متعلق کہتا ہے:

اللهم اجعلنا من الآمنين من عذابك يوم الفزع الاكبر، انك اعلى و اجل و اجود و اكبر۔(۲)

پروردگارا! ہم کو روز قیامت اپنے عذاب سے محفوظ رکھنا کہ بیشک تو بلند مرتبہ، جلیل القدر بخشنے والا اور بزرگ و برتر ہے۔

سیوطی شافعی (۹۱۱ھ):

وہ حدیث حصن کو صحیح جانتا ہے اور کہتا ہے:

حديث صحيح۔(۳)

---

(۱) تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص۳۱۵۔

(۲) معارج الوصول الی معرفۃ فضل آل الرسول والبتول، ص۱۶۶۔

(۳) جامع الصغیر من حدیث البشیر النذیر، ص۳۷۶، ح۶۰۷۴۔

خنجی اصفہانی حنفی (۹۲۷ھ):

محققین کا کہنا ہے کہ یہ حدیث ان اسناد کے ساتھ اگر دیونے پر پڑھی جائے تو وہ شفایاب ہوجائے گا۔(۱)

دوسری جگہ کہتا ہے:

یہ حدیث عظیم المرتبت ہے اور اسناد بہت ہی عمدہ و عالی ہیں یہاں تک کہ علماء کا بیان ہے: ایک محدث نے بخارا کے ایک بادشاہ کے دربار میں اس حدیث کو پڑھا، بادشاہ نے اس محدث سے درخواست کی کہ اس حدیث کو میرے لیے لکھے اور وصیت کی اس کے مرنے کے بعد اس کو میرے کفن میں رکھ کر دفن کر دینا۔(۲)

عبدالواسع بن یحی واسعی یمانی حنفی:

وہ بھی کہتا ہے: فما احق ان یکتب هذا المسند بالذهب لاشتماله على السند المسلسل بالسلسلة الطاهرة و العترة النبوية الفاخرة ـ(۳)

یہ حدیث کہ جو نبی اکرمؐ کی عترت طاہرہ اور پاک و پاکیزہ سلسلۂ سند کے ساتھ درج ہے اس کا حق ہے کہ اس کو سونے سے لکھا جائے۔

---

(۱) وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہاردہ معصوم،ص۲۲۹۔

(۲) مہمان نامہ بخارا،ص۳۴۲۔وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہاردہ معصوم،ص۲۲۹۔

(۳) مسندالامام زید،ص۴۴۱۔

حدیث سلسلۃ الذھب کی برکت سے شفا پانا

اب تک اس حدیث شریف کے سلسلے میں اہل سنت کے نظریات بیان ہوئے لیکن اس کے تسلسل میں بیان کرتے ہیں کہ بعض اہل سنت نے اس دعوی (دیوانے و مجنون اور بیمار کے شفا پانے) کو عملی جامہ پہنایا ہے اور کہتے ہیں کہ حدیث سلسلۃ الذھب سے بیماروں کا شفاء پانا مجربات میں سے ہے۔

ابن خلکان شافعی کا واقعہ (۶۸۱ھ)

ان ابـا دلف الـعجلی لما حجب مرض موته الناس عن الدخول الیه لثقل مرضه فـاتـفـق انه افاق فی بعض الایام ، فقال لحاجبه : من بالباب من المحاویج ؟ فقال عشـرـة مـن الاشـراف ، وقـد وصـلـوا مـن خـراســان ، ولهم بـالبـاب عدة ایـام ، فـاستدعاهم فرحب بهم ، و سألهم عن سبب قدومهم ، فقالوا ضاقت بنا الاحوال و سـمـعـنـا بکرمك فقصدناك ، فاخرج عشرین کیسا فی کیس الف دینار ، ودفع لـکـل واحـد مـنهـم کیسیـن ، ثـم اعـطـی کـل واحد منهم مؤونة طریقـه، وقال : لاتـمسـکـو الاکیاس حتی تصلوا بها سالمة الی اهلکم ، وصرفو ا هذا فی مصالح الـطـریق ، ثم قال : لکتب لی کل واحد منکم خطه: بانه فلان بن فلان حتی ینتهی الـی عـلـیؑ ابـن ابـی طـالـبؑ ، ویذکر جدته فاطمة بنت رسول الله ثم یکتب : یا رسـول الـلـه انـی وجـدت اضـاقة فقصدت ابا دلف العجلی ، فاعطانی الفی دینار کرامة لك و طلبا لمرضاتك و رجاء لشفاعتك ، فکتبوا و تسلم الاوراق واوصی

من يتولى تجهيزة اذا مات ان يضع تلك الاوراق فى كفنه حتى يلقى بها رسول الله و يعرض عليه۔(۱)

ابو دلف عجلی اپنے مرض موت میں مبتلا تھا تو اس نے لوگوں سے ملاقات بند کر دی پس جب کچھ افاقہ ہوا اس نے اپنے دربان سے سوال کیا کہ کون کون مجھ سے ملنے اور میری عیادت کو آیا ؟ خادم نے جواب دیا دس افراد سادات خراسان سے آئے ہیں، ان کو کئی روز ہو چکے اور وہ ابھی تک آپ سے ملاقات کے منتظر ہیں۔ابو دلف نے ان کو بلوایا، خوش آمدید کہا اور ان کے آنے کا سبب معلوم کیا، انہوں نے جواب دیا ہمارے حالات خراب تھے زندگی سخت ہو چکی تھی ہم کو آپ کی بخشش و کرم کی اطلاع ملی لہذا آپ کے پاس آئے ہیں۔ابو دلف نے ہزار ہزار دینار کی بیس تھیلیاں نکالیں اور ان میں سے ہر ایک کو دو تھیلیاں دیں، پھر کچھ اور مقدار ہزینہ سفر کے طور پر ہر ایک کو دیا اور ان سے کہا کہ جب تک آپ اپنے وطن نہ پہنچ جاؤ ان تھیلیوں کو نہ کھولنا اور ان سے کہا کہ ہر ایک اپنے ہاتھ سے اپنا اور اپنے آباء و اجداد کے نام لکھیں یہاں تک کہ شجرہ علیؑ ابن ابی طالبؑ تک پہنچ جائے اور اپنی جدہ ماجدہ حضرت فاطمہ زہرؑا بنت محمد مصطفیؐ کا بھی ذکر کریں، اور پھر لکھیں اے رسول خدا! ہمارے حالات خراب تھے زندگی سخت ہو چکی تھی ہم ابو دلف کے پاس گئے اس سے مدد مانگی اس نے دو ہزار دینار ہم کو دیے اس امید کے ساتھ کہ آپ اس سے راضی رہیں اور اس کی شفاعت فرمائیں۔

---

(۱) وفیات الاعیان وانباء الزمان، ج۴، ص۷۷۔

ان لوگوں نے یہ جملے تحریر کیے، ابودلف نے ان تحریروں کو لیا اور اپنے کفن و دفن کے متولی سے سفارش کی کہ ان اوراق کو اس کے کفن میں رکھ کر دفنا دیا جائے تا کہ ان تحریروں کے ساتھ رسول اکرمؐ سے ملاقات کروں اور آپؐ کو دکھاؤں۔

سمہودی نے اس واقعہ کو حدیث سلسلۃ الذھب کی شفا بخش اور معنوی برکتوں میں سے شمار کیا ہے اور اس کی تفصیل کو روایت حصن کے ذیل میں بیان کرتا ہے۔(۱)

خنجی حنفی کی واقعہ (۹۲۷ھ)

اس حدیث شریف کی خاصیتوں میں سے ایک یہ ہے کہ اگر خلوص دل سے اس روایت کی اسناد کو کسی ایسے مریض کے سرہانے پڑھا جائے کہ جو مرنے والا ہو تو اگر اس کی موت میں تاخیر ہو تو یقیناً اس کا مرض دور اور وہ صحت مند ہو جائے گا میں نے اس حدیث کو کئی مرتبہ بہت سے مریضوں پر پڑھا اور تجربہ کیا ہے۔(۲)

دوسری جگہ کہتا ہے:

اس حقیر و فقیر کا تجربہ ہے میں جس مریض کی بھی عیادت کو جاتا اور اس کی موت نہ پہنچی ہو تو میں صدق دل سے ان اسناد کو اس مریض پر پڑھتا تو اس کا اثر دیکھتا، مریض شفا پا جاتا فوراً صحت مند ہو جاتا یہ بات میری تجربہ شدہ ہے۔(۳)

---

(۱) جواہر العقدین فی فضل الشرفین، ص ۳۴۶-۳۴۷۔

(۲) مہمان نامہ بخارا، ص ۳۴۲۔

(۳) وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہاردہ معصوم، ص ۲۲۹۔

مخالفین حدیث

بعض افراد کا گمان ہے کہ حدیث سلسلۃ الذہب کا راوی تنہا ابوصلت ہروی ہے اس کی تضعیف کرتے ہوئے اس کے ذریعہ تمام احادیث حتی حدیث حسن کو بھی بے اعتبار جانتے ہیں جب کہ یہ مطلب بے دلیل و بے بنیاد ادعا ہے جبکہ اہل سنت کے بزرگوں نے اس حدیث کو قبول کیا ہے۔ اہل سنت کے نزدیک ابوصلت کے مقام کی تفصیل آ ئندہ آ ئے گی۔

دوسرا باب

حدیث ایمان

متن روایت

حدیث سلسلۃ الذہب کا ایک اور متن حدیث حصن کے علاوہ بھی ہے جو درج ذیل ہے:

لما دخل علی بن موسی الرضا نیسابور علی بغلة شهباء فخرج علماء البلد فی طلبه منهم یحی بن یحی ، اسحاق بن راهویه ، احمد بن حرب ، محمد بن رافع، فتعلقوا بلجام دابته فقال له اسحاق : بحق آبائك حدثنا ـ فقال : الایمان معرفة بالقلب و اقرار باللسان وعمل بالارکان ـ(۱)

حضرت امام رضاؑ جب شہر نیشاپور میں داخل ہوئے، خاکی رنگ کے خچر پر سوار تھے علماء شہر جیسے یحی بن یحی، اسحاق بن راھویہ، احمد بن حرب، محمد بن رافع نے بڑھ کر استقبال کیا، امام کی سواری کی لگام تھام لی پھر اسحاق بن راھویہ نے عرض کی: آپ کو اپنے آباء طاہرین کا واسطہ ہمارے لیے حدیث بیان فرمائیں۔ آپ نے فرمایا: ایمان، دل سے جاننے، زبان سے اقرار کرنے اور اعضاء و جوارح سے عمل انجام دینے کا نام ہے۔

---

(۱) سنن ابن ماجہ، ج ۱، ص ۲۵، ح ۶۵، باب الایمان۔ اور دیکھیے: کشف الخفاء و مزیل الالباس عما اشتہر من الاحادیث علی السنۃ الناس، ج ۱، ص ۲۲۔ تنزیہ الشریعۃ المرفوعۃ عن الاخبار الشنیعۃ الموضوعۃ، ج ۱، ص ۱۵۲۔

راوی حضرات

یہ حدیث بھی انہی احادیث میں سے ہے کہ جس کو علماء اہل سنت نے حدیث حصن کی طرح بہت زیادہ نقل کیا ہے اور اس کی تائید میں بہت زیادہ کلمات وعبارات مذکور ہیں متعدد حیرتناک واقعات اس کے ذیل میں ذکر کیے ہیں، یہاں پر اس حدیث کے نقل کرنے والے افراد کا تذکرہ بالترتیب حضرت امام رضاؑ کے زمانے سے عصر حاضر تک بیان کیا جائے گا۔

یہ واضح رہے کہ تیسری صدی ہجری کے ان دس ہزار، بیس ہزار یا تیس ہزار راویوں و کاتبوں میں سے عصر حاضر میں صرف اڑتالیس (۴۸) راویوں کی روایات مختلف بیانات کے ساتھ باقی رہ گئی ہیں۔

تیسری صدی:

یحیی بن یحیی (۲۲۶ھ)(۱)

احمد بن حرب نیشاپوری (۲۳۴ھ)(۲)

ابوصلت عبدالسلام بن صالح ہروی (۲۳۶ھ)(۳)

---

(۱) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶، ص۱۲۵۔

(۲) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶، ص ۱۲۵۔ تذکرة الخواص من الامة بذکر خصائص الآئمة، ص۳۱۵۔

(۳) تحفة الاشراف بمعرفة الاطراف، ج۷، ص۳۶۶، ح۱۰۰۷۶۔

اسحاق بن راہویہ مروزی (۲۳۸ھ)(۱)

محمد بن اسلم کندی طوسی (۲۴۲ھ)(۲)

محمد بن رافع قشیری (۲۴۵ھ)(۳)

ابوزرعہ رازی (۲۶۱ھ)(۴)

ابن ماجہ قزوینی (۲۷۵ھ)(۵)

محمد بن سہل بن عامر بجلی (۶)

محمد بن زیاد سلمی (۷)

---

(۱) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج ۶،ص ۱۲۵۔ تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔

(۲) شعب الایمان، ج۱،ص ۴۸، ح ۱۷۔ الاعتقاد والہدایہ الی سبیل الرشاد،ص ۱۸۰۔

(۳) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج ۶،ص ۱۲۵۔ تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔

(۴) معارج الوصول الی معرفۃ فضل آل الرسول والبتول،ص ۱۶۴۔

(۵) سنن ابن ماجہ، ج۱، باب الایمان،ص ۲۵، ح ۶۵۔

(۶) تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف، ج۷،ص ۳۶۶، ح ۱۰۰۷۶۔

(۷) تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف، ج۷،ص ۳۶۶، ح ۱۰۰۷۶۔

داؤد بن سلیمان قزوینی

علی بن ازھر سرخسی

ھیثم بن عبداللہ (۱)

احمد بن عباس صنعانی (۲)

احمد بن عامر طائی (۳)

چوتھی صدی

دولابی حنفی (۳۱۰ھ) (۴)

ابوبکر آجری شافعی (۳۶۰ھ) (۵)

طبرانی حنبلی (۳۶۰ھ) (۶)

دارقطنی شافعی (۳۸۵ھ) (۷)

---

(۱) تینوں مذکورہ موارد الکامل فی ضعفاء الرجال، ج۲،ص۳۴۲ میں موجود ہیں۔

(۲) الکامل فی ضعفاء الرجال، ج۱،ص۱۹۸۔

(۳) الکشف الحیث، ص۴۹-۲۲۰۔

(۴) الکنی الاسماء، ج۱،ص۴۷۸-۴۷۹، ح۱۶۹۸۔

(۵) الاربعین حدیثا،ص۴۷، ح۱۲۔

(۶) المعجم الاوسط، ج۴،ص۳۶۳، ح۶۲۵۴۔ وج۶،ص۲۲۲، ح۸۵۸۰۔

(۷) المؤتلف والمختلف، ج۲،ص۱۱۱۵۔

پانچویں صدی

ابن مردویہ اصفہانی (۴۱۰ھ)(۱)

منصور بن حسین آبی (۴۲۱ھ)(۲)

ابونعیم اصفہانی شافعی (۴۳۰ھ)(۳)

بیہقی شافعی (۴۵۸ھ)(۴)

خطیب بغدادی شافعی (۴۶۳ھ)(۵)

شجری جرجانی حنفی (۴۹۹ھ)(٦)

چھٹی صدی

ابوحامد محمد غزالی شافعی (۵۰۵ھ)(۷)

---

(۱) الدرالمنثور فی التفسیر بالمأثور، ج٦،ص۱۰۰۔

(۲) نثر الدرر، ج۱،ص۳٦۲۔

(۳) تاریخ اصبہان (ذکر اخبار اصفہان)، ج۱،ص۴۷۱،شمارہ ۱۷۳۔

(۴) شعب الایمان، ج۱،ص۴۷-۴۸، ح٦۱۶و۱۷۔

(۵) تاریخ بغداد، ج۱،ص۲۵۵-۲۵٦۔ج۹،ص۳۸۵-۳۸٦۔ج۱۱،ص۴۷۔

(٦) الامالی الخمیسہ، ج۱،ص۱۳، ح٦وص۱۴-۱۵، ح۱۵۔

(۷) شرح حدیث سلسلۃ الذہب، یہ کتاب خطی ہے اوراس کا ایک نسخہ محمدیہ لائبریری ہندوستان میں ہے، دیکھیے: اہل البیت فی المکتبۃ العربیۃ، ص۲۳۷،شمارہ ۳۹۱۔

ابن شیرویہ دیلمی شافعی (۵۰۹ھ)(۱)

ابن عساکر دمشقی شافعی (۵۷۱ھ)(۲)

ابن جوزی حنبلی (۵۹۷ھ)(۳)

ساتویں صدی

ابن قدامہ مقدسی حنبلی (۶۲۰ھ)(۴)

رافعی قزوینی شافعی (۶۲۳ھ)(۵)

سبط ابن جوزی حنفی (۶۵۴ھ)(۶)

ابن ابی الحدید معتزلی شافعی (۶۵۶ھ)(۷)

موصلی شافعی (۶۶۰ھ)(۸)

---

(۱) فردوس الاخبار بماثور الخطاب، ج۱ص۱۴۸، ح۳۷۱۔

(۲) تاریخ دمشق الکبیر، ج۴۶، ص۱۲۶-۱۲۷، ح۱۰۰۶۶، شمارہ۵۱۳۶۔

(۳) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶، ص۱۲۵۔

(۴) التبیین فی انساب القرشیین، ص۱۳۳۔

(۵) التدوین فی اخبار قزوین، ج۲، ص۲۱۳۔

(۶) تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص۳۱۵۔

(۷) شرح نہج البلاغہ، ج۱۹، ص۵۱، حکمت۲۲۳۔

(۸) النعیم المقیم لعترۃ النباء العظیم، ص۳۹۴۔

آٹھویں صدی

ابن منظور افریقی (۷۱۱ھ)(۱)

مزی شافعی (۷۴۲ھ)(۲)

ذہبی شافعی (۷۴۸ھ)(۳)

زرندی حنفی (۷۵۷ھ)(۴)

صفدی شافعی (۷۶۴ھ)(۵)

نویں صدی

محمد بن محمد جزری شافعی (۸۳۳ھ)(۶)

ابن حجر عسقلانی شافعی (۸۵۲ھ)(۷)

---

(۱) مختصر تاریخ دمشق، ج۱۸،ص۱۵۹،شمارہ ۷۸۔

(۲) تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف، ج۷،ص۳۶۶، ح۱۰۰۷۶۔مصباح الزجاجہ فی زوائد سنن ابن ماجہ، ج۱،ص۱۲۱،-۱۲۲، ح۴۳۔

(۳) تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۶،ص۹۲،شمارہ ۴۰۹۷۔سیر اعلام النبلاء، ج۱۵،ص۴۰۰۔

(۴) معارج الوصول الی معرفۃ فضل آل الرسول والبتول،ص۱۶۴۔

(۵) الوافی الوفیات، ج۲۲،ص۲۵۰۔

(۶) اسنی المطالب فی مناقب سیدنا علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجھہ،ص۱۲۲-۱۲۶۔

(۷) تہذیب التہذیب، ج۶،ص۲۸۶،شمارہ ۶۱۹۔

عبدالرحمٰن صفوری شافعی (۸۹۴ھ)(۱)

دسویں صدی

سمہودی شافعی (۹۱۱ھ)(۲)

سیوطی شافعی (۹۱۱ھ)(۳)

ابن حجر ھیثمی شافعی (۹۷۴ھ)(۴)

متقی ہندی (۹۷۵ھ)(۵)

گیارہویں صدی

عبدالرؤوف مناوی شافعی (۱۰۳۱ھ)(۶)

---

(۱) نزھۃ المجالس ومنتخب النفائس، ج۱،ص۲۳۔

(۲) جواہر العقدین فی فضل الشرفین،ص۳۴۵-۳۴۶۔

(۳) جامع الصغیر من حدیث البشیر النذیر،ص۱۸۵، ح۳۰۹۴و۳۰۹۵۔الدر المنثور فی التفسیر بالمأثور، ج ۶،ص۱۰۰۔

(۴) الصواعق المحرقۃ، ج۲،ص۵۹۵۔

(۵) کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال، ج۱،ص۲۷۳-۲۷۴، ح۱۳۶۱و۱۳۶۲۔

(۶) فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج۳،ص۱۸۵۔

بارہویں صدی

میرزا محمد خان بدخشی ہندی حنفی (۱)

تیرہویں صدی اور اس کے بعد

قندوزی حنفی (۱۲۹۴ھ) (۲)

محمد بن یوسف حفصی عدوی (۱۳۳۲ھ) (۳)

سید محمد طاہر ہاشمی شافعی (۱۴۱۲ھ) (۴)

عبدالعزیز بن اسحاق بغدادی حنفی (۵)

طرق روایت

جیسا کہ بیان ہو چکا ہے کہ بعض افراد محض یہ تصور کرتے ہیں کہ حدیث سلسلۃ الذھب کا راوی تنہا ابوصلت ہروی ہے اس کو ضعیف قرار دینا چاہتے ہیں تا کہ تمام احادیث کہ جو ابوصلت سے مروی ہیں ان کو بے اعتبار ثابت کریں۔

----

(۱) مفتاح النجا فی مناقب آل عبا، ص ۱۸۰۔

(۲) ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج ۳ ص ۱۲۳-۱۲۴۔

(۳) جامع الشمل فی حدیث خاتم الرسل، ج ۱ ص ۳۰۔

(۴) مناقب اہل بیت از دیدگاہ اہل سنت، ص ۲۰۲۔

(۵) مسند الامام زید، ص ۴۴۳۔

جب کہ یہ واضح ہے کہ ابوصلت کا مقام اہل سنت کے جید علماء کے نزدیک ان تہمتوں سے کہیں بلند و بالا ہے۔

اسی طرح طبرانی حنبلی کے نظریہ کے برخلاف کہ اس کا دعوی ہے: حدیث ایمان فقط ابوصلت ہروی نے امام رضاؑ سے نقل کی ہے۔(۱) یہاں پر یہ نکتہ بیان کرنا ضروری ہے کہ حدیث ایمان فقط ابوصلت ہروی پر منحصر و موقوف نہیں ہے بلکہ دارقطنی شافعی ،ابن عدی جرجانی (۲) ،رافعی قزوینی شافعی (۳) اور مزی شافعی (۴) کے بقول اس حدیث شریف کی اسناد متعدد ہیں۔

دارقطنی شافعی حضرت امام رضاؑ سے حدیث ایمان نقل ہونے کے سلسلے میں اسناد و طرق کے متعلق کا ملا انصاف سے کہتا ہے:

---

(۱) ''الطبرانی الحنبلی : حدثنا محمد بن علی الصائغ قال: حدثنا عبدالسلام بن صالح الھروی قال: حدثنا علی بن موسی عن آبائه عن علی قال : قال رسول الله : الایمان معرفة بالقلب واقرار باللسان و عمل بالارکان ، لایروی ھذا الحدیث عن علی الا بھذا الاسناد تفرد به عبدالسلام بن صالح'' دیکھیے: المعجم الاوسط، ج۴،ص ۳۶۴، ح ۶۲۵۴۔

''الطبرانی الحنبلی : حدثنا معاذ ،حدثنا عبدالسلام بن صالح الھروی ---لم یرو ھذا الحدیث عن موسی بن جعفر الا عبدالسلام و لایروی عن علی الا بھذا الاسناد '' دیکھیے: المعجم الاوسط، ج ۶،ص ۲۲۲، ح ۸۵۸۰۔

(۲) الکامل فی ضعفاء الرجال، ج۲،ص ۳۴۲۔

(۳) التدوین فی اخبار قزوین، ج۱،ص ۱۶۷-۱۶۸و۴۶۲۔

(۴) تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف، ج۷،ص ۳۶۶، ح ۱۰۰۷۶۔

فی نسخ کثیرۃ عندنا بھذا الاسناد ۔(۱)

اس اسناد کے متعدد نسخے ہمارے پاس ہیں۔

یہاں پر کچھ راویوں وطرق کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے:

۱-عبدالسلام بن صالح ابوصلت ہروی

۲-محمد بن سہل بن عامر بجلی

۳-محمد بن زیاد سلمی

مزی شافعی ابن ماجہ کے ذریعہ ابوصلت کی روایت کونقل کرنے کے بعد کہتا ہے:

و تابعه محمد بن سهل بن عامر البجلی و محمد بن زیاد السلمی من علی بن موسی الرضاؑ۔(۲)

عبدالسلام بن صالح ابوصلت ہروی کا اتباع کرتے ہوئے محمد بن سہل بن عامر بجلی اور محمد بن زیاد سلمی نے بھی حضرت امام رضاؑ سے روایت نقل کی ہے۔

ابن حجر عسقلانی شافعی نے بھی حدیث ایمان کی تائید میں دوسری طرق واسناد کے ذریعہ اس حدیث کوامام رضاؑ کے علاوہ امام موسی کاظمؑ سے نقل کیا ہے۔(۳)

---

(۱) المؤتلف والمختلف، ج۲،ص۱۱۱۵۔

(۲) تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف، ج۷،ص۳۶۶،ح۱۰۰۷۶۔

(۳) تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف، ج۷،ص۳۶۶،ح۱۰۰۷۶۔

مزی شافعی دوسری جگہ ابوصلت ہروی کے دفاع میں کہتا ہے:

روی ابن ماجه هذا الحديث (حديث ايمان) وقد وقع لنا عنه عاليا جداً ---
رواه محمد بن اسماعيل الاحمسی و سهل بن زنجلة الرازی عنه فوقع لنا بدلاً
عالياً بدرجتين۔

ابن ماجہ نے اس حدیث کو نقل کیا ہے اور اس کی سند بہت عمدہ ہے اس کو محمد بن اسماعیل احمسی اور سہل بن زنجلہ رازی نے ابوصلت سے نقل کیا ہے کہ جو دو درجہ بلند تر ہمارے لیے ثابت ہے۔

اسی کے تسلسل میں دوسرے دو طرق سے حدیث ایمان حضرت امام موسی کاظمؑ اور حضرت امام جعفر صادق کے ذریعہ بھی نقل ہوئی ہے کہ جو ابوصلت کے کلام کی تائید میں کہتا ہے:

تابعه الحسن بن على التميمی الطبرستانی عن محمد بن صدقه العنبری عن
موسی بن جعفر و تابعه احمد بن عيسی بن علی بن الحسين بن علی بن الحسين
بن علی ابن ابی طالب العلوی عن عباد بن صهيب عن جعفر بن محمد۔(۱)

ابوصلت ہروی کا اتباع کیا ہے حسن بن علی تمیمی طبرستانی نے محمد بن صدقہ العنبری سے اور اس نے امام موسیٰؑ بن جعفرؑ سے۔ اور ابوصلت ہروی کا اتباع کیا ہے احمد بن عیسی بن علی بن حسین بن علی بن حسین بن علی ابن ابی طالب علوی نے عباد بن صہیب سے اور اس نے امام جعفرؑ بن محمدؑ سے نقل کیا ہے۔

---

(۱) تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج ۱۱،ص ۴۶۵،شمارہ ۴۰۰۳۔

۴- محمد بن اسلم کندی طوسی

بیہقی شافعی نے بھی اس روایت کو اپنی اسناد کے ساتھ محمد بن اسلم کندی سے نقل کیا ہے۔(۱)

۵-داؤد بن سلیمان قزوینی

۶-علی بن ازھر سرخسی

۷-ھیثم بن عبداللہ

ابن عدی جرجانی شافعی ''حسن بن علی بن صالح عدوی بصری'' کا احوال زندگی تحریر کرتے ہوئے جب حدیث ایمان تک پہنچتا ہے تو کہتا ہے: وھذا عن علی بن موسی الرضا قد رواہ عنہ ابو صلت و داؤد بن سلیمان الغازی القزوینی و علی بن الازھر السرخسی و غیرھم و ھؤلاء اشھر من الھیثم بن عبداللہ الذی روی عنہ العدوی۔۔۔(۲)

اس حدیث کو ابوصلت ہروی، داؤد بن سلیمان غازی قزوینی اور علی ابن ازہر سرخسی وغیرہ نے حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے اور یہ حضرات ھیثم بن عبداللہ سے کہ جو عدوی سے روایت نقل کرتا ہے زیادہ مشہور ہیں۔

۸-احمد بن عباس صنعانی

ابن عدی جرجانی شافعی نے احمد بن عباس صنعانی کے طریق سے نقل کیا ہے۔(۳)

---

(۱) شعب الایمان، ج۱ص۴۸، ح۱۷۔ الاعتقاد والھدایہ الی سبیل الرشاد ص۱۸۰۔

(۲) الکامل فی ضعفاء الرجال، ج۲ص۳۴۲۔

(۳) الکامل فی ضعفاء الرجال، ج۱ص۱۹۸۔

۹-احمد بن عامر طائی

ابوالوفاء حلبی نے اپنی کتاب میں اس طریق روایت کی طرف اشارہ کیا ہے۔(۱)

۱۰-اسحاق بن راہویہ

۱۱-محمد بن رافع

۱۲-احمد بن حرب (۲)

۱۳-یحی بن یحی (۳)

۱۴-ابوزرعہ رازی (۴)

یہ چودہ افراد وہ ہیں کہ جنہوں نے مستقیم حدیث ایمان کو حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے۔

یہ بات بھی قابل عرض ہے کہ حدیث ایمان حضرت امام موسی کاظمؑ، حضرت امام جعفر صادقؑ اور صحابہ وتابعین سے بھی اسی مضمون کے ساتھ نقل ہوئی ہے کہ جو نہ صرف حدیث ایمان کے جعلی نہ ہونے اور بعض علماء کے تعصب، بے دلیل تضعیف اور حدیث کو بے اعتبار ثابت کرنے پر دلیل نہیں ہے بلکہ اس حدیث کے صحیح ہونے کی طرف راہنمائی ہے۔

---

(۱) الکشف الحیث، ص ۴۹ و ۲۲۰۔

(۲) تینوں مذکورہ بالا موارد: المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج ۶، ص ۱۲۵۔ تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵ میں موجود ہیں۔

(۳) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج ۶، ص ۱۲۵۔

(۴) معارج الوصول الی معرفۃ فضل آل الرسول والبتول، ص ۱۶۴۔

۱-محمد بن صدقہ عنبری:

مزی شافعی کہتا ہے: اس نے حدیث ایمان کو حضرت امام موسی کاظمؑ سے نقل کیا ہے۔(۱)

۲-عباد بن صہیب:

مزی شافعی کہتا ہے: عباد، نے حدیث ایمان کو حضرت امام جعفر صادقؑ سے نقل کیا ہے(۲)

۳-مالک بن انس

۴-حماد بن زید

۵-احمد بن ابی خیثمہ

۶-عبداللہ بن احمد بن حنبل

محمد بن محمد جزری شافعی نے حدیث ایمان کی تائید اور اس کے جعلی نہ ہونے کے سلسلے میں حضرت امام رضاؑ کے علاوہ چار طریقوں سے نقل کیا ہے اور نہ صرف ان چار افراد پر اکتفاء کیا بلکہ حدیث کو متواتر جانا ہے اور کہتا ہے: ''وروی جماعة''۔(۳)

---

(۱) تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۱۱، ص ۴۶۵، شمارہ ۳۰۰۳۔

(۲) تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۱۱، ص ۴۶۵، شمارہ ۳۰۰۳۔ تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف، ج۷، ص ۳۶۶، ح ۱۰۰۷۶۔

(۳) اسنی المطالب فی مناقب سیدنا علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ، ص ۱۲۲-۱۲۶۔

۷-علی بن غراب

سیوطی شافعی نے بھی اس حدیث کا دفاع کرتے ہوئے روایت کو علی بن غراب کے طریق سے نقل کیا ہے۔(۱)

۸-ابوقتادہ، حارث بن ربعی انصاری صحابی

۹-عایشہ

ان دو طریقوں سے کنانی شافعی نے نقل کرتے ہوئے حدیث ایمان کو صحیح مانا ہے۔(۲)

روایت ایمان کے متعلق اہل سنت کے نظریات

حدیث ایمان کے متعلق دو نظریے پائے جاتے ہیں

بعض افراد کا یہ گمان ہے کہ حدیث ایمان کو فقط ابوصلت ہروی نے نقل کیا ہے اور ابوصلت کی شخصیت کی تضعیف کر کے اس حدیث کو بے اعتبار کرنے کی کوشش کی ہے جبکہ یہ انشاء اللہ بعد میں آئے گا کہ اولاً ابوصلت ہروی کی تضعیف بے دلیل ادعی اور بے نتیجہ کوشش ہے چونکہ خود علماء ومشایخ اہل سنت کے نزدیک ابوصلت کی شخصیت قابل اعتماد ہے۔

ثانیاً روایت ایمان کو فقط ابوصلت نے نقل نہیں کیا بلکہ دوسرے افراد نے بھی اس حدیث کو حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے۔

---

(۱) اللئالی المصنوعۃ فی الاحادیث الموضوعۃ، ج۱، ص۳۸۔

(۲) تنزیہ الشریعۃ المرفوعۃ عن الاخبار الشنیعۃ الموضوعۃ، ج۱، ص۱۵۲۔

ان افراد کے مقابل، بہت سے علماء اہل سنت نے ابوصلت ہروی کی شخصیت کا دفاع کرتے ہوئے اس حدیث کو حدیث حسن کی طرح تقویت دی ہے اور راوی و روایت دونوں کو اعتبار بخشا ہے بلکہ بعض حضرات تو اس حدیث کے سلسلہ سند کو شفا بخش جانتے ہیں اور بعض نے اس حدیث کی سند سے شفاء یابی کا تجربہ بھی حاصل کیا ہے۔

موافقین

اس نظریے میں علماء و بزرگان اہل سنت کی دو طرح کی تائید پیش کی جائے گی۔

اول: حدیث ایمان کے متعلق تائیدات واظہار نظر ۔

دوم: عملی تائیدات، یعنی ان لوگوں کے نظریات کہ جنہوں نے صرف اظہار نظر ہی پر اکتفاء نہیں کیا بلکہ حدیث ایمان کی عظمت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کی سند کو شفاء بخش جانا اور شفاء یابی کا تجربہ بھی کیا ہے جیسے ابوحاتم رازی شافعی کہ جس کا دعوی ہے کہ احمد بن حنبل نے ایسا کیا ہے اور مریض نے حدیث سلسلۃ الذھب کی سند سے شفاء پائی ہے۔

محمد بن ادریس شافعی (۲۰۴ھ):

محمد بن ادریس شافعی فقہ اہل سنت کے چار اماموں میں سے ایک ہے اس نے اس حدیث کو قبول کیا ہے اور اس کی شرح کی ہے۔(۱)

---

(۱) معارج الوصول الی معرفۃ فضل آل الرسول والبتول، ص۱۶۴۔

عبداللہ بن طاہر (۲۳۰ھ):

وہ خراسان، جرجان (گرگان)، ری وطبرستان (مازندران) کا حاکم تھا۔

اس کا بیٹا محمد بن عبداللہ کہ جو شاعر و ادیب ہے کہتا ہے: میں ایک روز اپنے باپ کے پاس کھڑا تھا احمد بن حنبل، اسحاق بن راہویہ اور ابوصلت ہروی بھی ہمارے پاس موجود تھے، میرے باپ نے کہا: ’’لیحدثنی کل رجل منکم بحدیث ‘‘آپ میں سے ہر ایک میرے لیے کوئی حدیث بیان کریں۔ ابوصلت نے حدیث ایمان کو سلسلۃ الذھب والی سند کے ساتھ نقل کرتے ہوئے بیان کیا۔ محمد بن عبداللہ کہتا ہے: بعض حاضرین نے تعجب اور خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اس حدیث کی سند کے متعلق کہا:

ما هذا الاسناد

یہ کیا سلسلہ سند ہے!

میرے باپ نے ان کے جواب میں کہا:

هذا سعوط المجانین ، اذا سعط به المجنون برأ۔(۱)

یہ سند دیوانوں کے لیے دوا ہے کہ جب کوئی دیوانہ اس دوا کو استعمال کرے تو شفا پا جائے گا۔ ظاہراً تعجب کرنے والا فرد احمد بن حنبل ہے اس لیے کہ حضرت امام رضاؑ کی نیشاپور تشریف آوری پر اسحاق بن راہویہ نے یہ سلسلہ سند سنا تھا لہذا اس کے لیے کوئی تعجب کا مقام نہیں تھا۔

---

(۱) تاریخ بغداد، ج ۵ ص ۴۱۸-۴۱۹، شمارہ ۲۹۳۲۔

ابوصلت ہروی (۲۳۶ھ):

ابوصلت ہروی کہتا ہے:

لو قرئ هذا الاسنادعلی مجنون لافاق۔(۱)

اگراس اسناد کو کسی دیوانے پر پڑھا جائے تو وہ شفاء پا جائے گا۔

احمد ابن حنبل (۲۴۱ھ):

وہ اہل سنت کے چار فقہی اماموں میں سے ایک ہے، کہتا ہے:

لوقرأت هذا الاسناد علی مجنون لبرئ من جنونه ۔ و قیل: انه قرأه علی مصروع فافاق۔(۲)

اگران اسناد کو کسی دیوانے پر پڑھوں تو وہ اس دیوانگی سے افاقہ پا جائے اور عاقل ہوجائے ۔اور کہا گیا ہے کہ اس نے ایک ایسے شخص پر پڑھا تو وہ شفا پا گیا۔

دوسری جگہ اس طرح آیا ہے:

لوقرأت هذا الاسناد علی مجنون لبرئ من جنته۔(۳)

اگران اسناد کو کسی دیوانے پر پڑھوں تو وہ اس دیوانگی سے افاقہ پا جائے اور عاقل ہوجائے۔

---

(۱) سنن ابن ماجہ، ج۱،ص۲۵۔

(۲) نزھۃ المجالس ومنتخب النفائس، ج۱،ص۲۳۔

(۳) الصواعق المحرقہ، ج ۲،ص ۵۹۵۔ جواہر العقدین فی فضل الشرفین، ص ۳۴۶۔ نثر الدرر، ج۱، ص۳۶۲۔

ابن ماجہ قزوینی (۲۷۵ھ):

ابن ماجہ بھی اس حدیث کو ابوصلت ہروی سے نقل کرتے ہوئے کہتا ہے:

لو قرئ ھذا الاسناد علی مجنون لافاق۔(۱)

اگر یہ اسناد کسی دیوانے پر پڑھے جائیں تو وہ شفا پا جائے گا۔

ابوحاتم رازی شافعی (۲۷۷ھ):

عبدالرحمٰن بن ابی حاتم اپنے باپ ابوحاتم سے نقل کرتے ہوئے کہتا ہے:

انہ (احمد بن حنبل) قرأہ علی مصروع فافاق۔(۲)

بیشک اس نے ایک دیوانے پر ان اسناد کو پڑھا وہ شفا پا گیا۔

یحی بن حسین حسنی (۲۹۸ھ):

وہ حضرت امام رضاؑ کے صحیفہ کی اسناد کے بارے میں ہمیشہ کہتا تھا:

لو قرئ ھذا الاسناد فی اذن مجنون لافاق۔(۳)

اگر یہ اسناد کسی دیوانے کے کان میں پڑھے جائیں تو وہ شفا پا جائے گا۔

---

(۱) سنن ابن ماجہ، ج۱، ص۲۵۔

(۲) نثر الدرر، ج۱، ص۳۶۳۔ جامع الشمل فی حدیث خاتم الرسل، ج۱، ص۳۰۔

(۳) ربیع الابرار ونصوص الاخبار، ج۴، ص۹۷، ح۳۴۶۔

ابوبکر محمد بن حسین آجری شافعی (۳۶۰ھ):

وہ یقین واطمینان کے ساتھ کہتا ہے:

هـذا الاسـنـاد اصـل كبير فى الايمان عند الفقهاء المسلمين قديماً و حديثاً و هـومـوافـق لـكـتـاب الـله عزو جل ، لا يخالف هذاالامر الا مرجى خبيث مهجور مـطـعـون عـلـيـه فـى ديـنـه وانـا ابيـن مـعنى هذا ليعلمه جميع من نظر فيه نصيحة للمؤمنين۔(۱)

یہ حدیث متقدمین ومتاخرین فقہاء مسلمین کے نزدیک باب ایمان میں ایک اہم ترین اصل ہے کہ جو قرآن کریم سے کاملاً مطابقت رکھتی ہے، اس امر میں انسان خبیث ومطرود وبے دین کے علاوہ کوئی بھی مخالفت نہیں کرسکتا، میں ابھی اس کی توضیح وتشریح کرتا ہوں کہ جولوگ بھی اس حدیث میں دقت نظر سے کام لیتے ہیں سمجھ لیں اور یہ مؤمنین کے لیے نصیحت قرار پائے۔

وہ اس حدیث کو قرآن وسنت کے مطابق قرار دیتے ہوئے صحیح جانتا ہے۔

دارقطنی شافعی (۳۸۵ھ):

اگرچہ اس کے لیے مشہور ہے کہ وہ ابوصلت کا مخالف ہے لیکن اس نے اصل روایت کو قبول کیا ہے اور حدیث ایمان کو نقل کرنے کے بعد کہتا ہے:

----

(۱) الاربعین حدیثا،ص ۴۷، ح ۱۲۔

فی نسخ کثیر ة عندنا عنه بهذا الاسناد۔(۱)

ابوصلت سے اس روایت کے متعدد نسخے ہمارے پاس موجود ہیں۔

منصور بن حسین آبی (۴۲۱ ھ):

وہ اس حدیث کی عظمت میں احمد بن حنبل و ابوحاتم رازی شافعی کے کلام کو نقل کرتا ہے۔(۲)

ابونعیم اصفہانی شافعی (۴۳۰ ھ):

ابونعیم اصفہانی بھی اس حدیث کے متعلق احمد بن حنبل سے ایک جامع و تعجب خیز بیان نقل کرتے ہوئے کہتا ہے:

قال لی احمد بن حنبل : ان قرأت هذا الاسناد علی مجنون لبرئ من جنونه وما عیب هذا لحدیث الا جودة اسناده۔(۳)

احمد بن حنبل نے مجھ سے کہا: اگر اس حدیث کی اسناد کو کسی دیوانے پر پڑھو تو اس کی دیوانگی ختم ہو جائے گی اور اس حدیث میں عیب یہی ہے کہ اس کے اسناد بہت پاک ہیں۔

بیہقی شافعی (۴۵۸):

اس نے حدیث ایمان کو نقل کرتے ہوئے اس کو قبول کیا ہے۔

---

(۱) المؤتلف والمختلف، ج۲،ص۱۱۱۵۔

(۲) نثر الدرر، ج۱،ص۳۶۲۔

(۳) تاریخ اصبہان (ذکر اخبار اصفہان)، ج۱،ص۱۷۴،شمارہ ۱۷۳۔

اوراس حدیث کی صحت کو ثابت کرنے کے لیے اس سلسلہ میں دوسری احادیث نبوی سے استفادہ کیا ہے۔(۱)

شجری جرجانی حنفی (۴۹۹ھ):

شجری جرجانی بھی اپنی اسناد کے ساتھ ابوحاتم وعبدالسلام (ابوصلت) سے نقل کرتے ہوئے کہتا ہے:

هذاالاسناد لوقرئ فی اذن مجنون لبرئ۔(۲)

ابوحامد محمد غزالی شافعی (۵۰۵ھ):

اس نے حدیث سلسلۃ الذھب کی تائید کے ساتھ ساتھ شرح وتفسیر بھی کی ہے۔(۳)

زمخشری حنفی (۵۳۸ھ):

وہ حدیث سلسلۃ الذھب کی عظمت میں یحی بن حسین حسنی کے قول کو نقل کرتا ہے کہ وہ ہمیشہ کہتا تھا:

---

(۱) شعب الایمان، ج۱ص ۴۷-۴۸، ح۱۶و۱۷۔

(۲) الامالی الخمیسہ ،ج۱ص۱۳، ح۷۔

(۳) شرح حدیث سلسلۃ الذہب، یہ کتاب خطی ہے اوراس کا ایک نسخہ محمدیہ لائبریری ہندوستان میں ہے، دیکھیے :اہل البیت فی المکتبۃ العربیۃ،ص۲۳۷،شمارہ۱۹۱۳۔

لوقرئ هذا الاسناد فی اذن مجنون لافاق۔(۱)

اگر یہ اسناد کسی دیوانے کے کان میں پڑھے جائیں وہ یقیناً عقلمند ہو جائے گا۔

ابن قدامہ مقدسی حنبلی (۶۲۰ ھ):

قال بعض اهل العلم :لوقرئ هذا الاسنادعلی مجنون لبرئ۔(۲)

بعض اہل علم کا کہنا ہے کہ اگر یہ اسناد دیوانے پر پڑھے جائیں وہ یقیناً شفایاب ہو جائے گا۔

سبط ابن جوزی حنفی (۶۵۴ ھ):

انہوں نے اس حدیث کی عظمت میں ابن قدامہ مقدسی حنبلی کے کلام کو دہرایا ہے اور کہتا ہے:

لوقرئ هذا الاسنادعلی مجنون لبرئ۔(۳)

اگر یہ اسناد کسی دیوانے پر پڑھے جائیں وہ یقیناً عقلمند ہو جائے گا۔

جمال الدین مزی شافعی (۷۴۲ ھ):

روی له ابن ماجه هذاالحدیث وقد وقع لنا عنه عالیاً جداً۔(۴)

ابن ماجہ نے اس حدیث کو نقل کیا، اس کی سند بہت عالی اور ہمارے لیے ثابت ہے۔

---

(۱) ربیع الابرار ونصوص الاخبار، ج۴، ص۷۹، ح۳۴۶۔

(۲) التبیین فی انساب القرشیین، ص۱۳۳۔

(۳) تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص۳۱۵۔

(۴) تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۱۱، ص۴۶۵، شمارہ ۴۰۰۳۔

پھراس روایت کے تمام اسناد وطرق کو بیان کرتا ہے۔

ابن حجر عسقلانی شافعی (۸۵۲ھ):

ابن حجر عسقلانی شافعی نے بھی حدیث ایمان کی تائید میں حضرت امام رضاؑ کے علاوہ دوسرے طریق سے حضرت امام موسیٰ کاظمؑ سے بھی نقل کیا ہے۔(۱)

محمد بن محمد جزری شافعی (۸۳۳ھ):

حدیث حسن اللفظ و المعنی ، رجال اسناده ثقات غیر عبدالسلام بن صالح الهروی و هو خادم الامام علی بن موسی الرضا ، فانهم ضعفوه مع صلاحه وقد روی ایضاً عن مالك وحماد بن زید وروی عنه احمد بن ابی خثیمة وعبد الله ابن الامام احمد و جماعة --- وفی الجملة حیث صح السند الی احد هذه الذریة الطاهرة اماصحیح او حسن او صالح یحتج به---(۲)

یہ حدیث لفظ و معنی کے اعتبار سے حسن وقابل قبول ہے اس کے رجال سند بھی ابوصلت ہروی کے علاوہ سب ثقہ ہیں کہ وہ امام رضاؑ کا خادم تھا اور اس کے یہاں صلاحیت وشائستگی کے باوجود بھی علماء نے اس کی تضعیف کی ہے، اس روایت کو مالک اور حماد بن زید نے بھی نقل کیا ہے کہ اس نے احمد بن ابی خثیمہ، عبداللہ بن امام احمد بن حنبل ومحدثین کی ایک جماعت نے روایت کی ہے۔

---

(۱) تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف، ج۷، ص۳۶۶، ح۱۰۰۷۶۔

(۲) اسنی المطالب فی مناقب سیدنا علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجھہ، ص۱۲۲-۱۲۶۔

۔۔۔ بہرحال جب بھی کوئی روایت سلسلہ سند کے اعتبار سے صحیح ہوتے ہوئے اہل بیت اطہارؑ کے کسی فرد تک پہنچ جائے تو وہ حدیث یا صحیح ہے یا حسن ہے یا یہ صلاحیت رکھتی ہے کہ اس سے احتجاج کیا جائے۔

عبدالرحمٰن صفوری شافعی (۸۹۴ھ):

وہ اس حدیث کی عظمت میں احمد بن حنبل وابوحاتم رازی شافعی کے کلام کونقل کرتا ہے۔(۱)

سیوطی شافعی (۹۱۱ھ):

وہ حدیث مذکورہ کی تقویت میں کہتا ہے:

والحق انه ليس بموضوع۔(۲)

حق یہ ہے کہ یہ حدیث گھڑی ہوئی وجعلی نہیں ہے۔

اوراس حدیث کی تائید میں اس حدیث کے دوسرے طرق بھی نقل کرتا ہے۔(۳)

ابوالحسن علی بن محمد کنانی شافعی (۹۶۳ھ):

وہ دومرحلوں میں اس روایت کی صحت کوثابت کرتا ہے، پہلے مرحلے میں ابوصلت کی شخصیت کوغیر متنازع قرار دیکرتقویت دیتاہےاور پھر سند روایت اور حدیث کواستحکام بخشتا ہے۔

---

(۱) نزھۃ المجالس ومنتخب النفائس، ج۱،ص۲۳۔

(۲) شرح سنن ابن ماجہ، ج۱،ص۵۲۔

(۳) اللئالی المصنوعۃ فی الاحادیث الموضوعۃ، ج۱،ص۳۷-۳۸۔

دوسرے مرحلے میں حدیث حصن وایمان کے مضمون ومطالب پر دوشاہد پیش کرتا ہے تا کہ کوئی اعتراض کی گنجائش باقی نہ رہے، وہ کہتا ہے:

ولهما شاهدان : حديث ابی قتادة : من شهد ان لااله الا الله ، ان محمداً رسول الله فذل بها لسانه و اطمأن بها قلبه ، لم تطعمه النار، اخرجه البيهقی فی الشعب ـ و ثانيهما من حديث عايشه : الايمان بالله اقرار باللسان و تصديق بالقلب و عمل بالاركان ، اخرجه الديلمی و الشيرازی فی الالقاب ـ(۱)

ان دونوں روایات کے دوشاہد ہیں ایک حدیث ابوقتادہ کہ جو لااله الا الله و محمد رسول الله کی شہادت دے اوران پر دل سے ایمان بھی رکھتا ہوتو اس کوجہنم کی آگ نہیں کھا سکتی،اس روایت کوبیہقی نے کتاب شعب الایمان میں نقل کیا ہے۔

دوسری روایت جناب عایشہ سے ہے کہ خدا پر ایمان ،زبان سے اقرار، دل سے تصدیق اوراعضاء وجوارح سے عمل کرنے کا نام ہے،اسکودیلمی وشیرازی نے کتاب القاب میں نقل کیا ہے۔

ابوالحسن سندی حنفی (۱۱۳۸ھ):

وہ صحیح بخاری وسنن ابن ماجہ کا شارح ہے اس حدیث کی تائید میں علماء وبزرگان اہل سنت کے کلام کو بیان کرتا ہے اور ابوصلت کی جانب سے روایت بیان کرنے کی شخصیت کادفاع کرتا ہے اورسیوطی شافعی سے نقل کرتے ہوئے اس حدیث کی تقویت میں کہتا ہے:

---

(۱) تنزیہ الشریعۃ المرفوعۃ عن الاخبار الشنیعۃ الموضوعۃ، ج۱،ص۱۵۲۔

والحق انه لیس بموضوع۔۔۔(۱)

حق وانصاف یہ ہے کہ یہ حدیث جعلی وگھڑی ہوئی نہیں ہے۔

عجلونی شافعی (۱۱۶۲ھ):

ابن جوزی حنبلی کے کلام کی رد میں کہ اس نے ابوصلت ہروی کی تضعیف کرتے ہوئے اس حدیث کو جعلی قرار دیا ہے، عجلونی ابوصلت ہروی کی شخصیت کے دفاع اور اس حدیث کی تائید میں کہتا ہے:

ومن لطائف اسناده رواية الابناء عن الآباء فی جميعه ۔(۲)

اس روایت کی اسناد میں ظریف ولطیف نکتہ یہ ہے کہ پورے سلسلہ سند میں اولاد اپنے آباء واجداد سے نقل کرتے ہیں۔

اہل سنت کے علماء وبزرگان کے کلام وتائیدات کو مدنظر رکھتے ہوئے سیوطی شافعی کا کلام کہ جو اس نے کہا کہ ''والحق انه لیس بموضوع ''(۳) کاملاً معنی دار نظر آتا ہے اور ابن جوزی حنبلی و دوسرے لوگوں کا نظریہ کہ یہ حدیث جعلی ومن گھڑت ہے باطل ہے بلکہ یقیناً یہ حدیث امام رضاؑ ہی کا کلام ہے۔

---

(۱) شرح سنن ابن ماجہ، ج۱، ص۵۲۔

(۲) کشف الخفاء ومزیل الالباس عما اشتہر من الاحادیث علی السنۃ الناس، ج۱، ص۲۲۔

(۳) شرح سنن ابن ماجہ، ج۱، ص۵۲۔

قندوزی حنفی (۱۲۹۴ھ):

وہ بھی ابن ماجہ کی روایت کو نقل کرکے اور ابوصلت کا اس روایت کے بارے میں نظریہ پیش کرکے حدیث ایمان کی تائید کرتا ہے۔(۱)

محمد فؤاد عبدالباقی حنفی:

وہ بھی سنن ابن ماجہ کے تعلیقہ میں حدیث مذکور کے ذیل میں ابوصلت کے جملہ کی تکرار کرکے اس حدیث کی تائید کرتا ہے اور کہتا ہے:

لبرأ من جنونه لما فی الاسناد من خیار العباد وهم خلاصة اهل بیت النبوة رضی الله تعالی عنهم۔(۲)

یقیناً دیوانہ شفاء پاجائے گا چونکہ اس روایت کی اسناد میں وہ نیک بندے ہیں کہ جو اہل بیت نبوت کے خلاصہ و نچوڑ ہیں خداوند ان سے راضی ہو۔

ڈاکٹر فاروق حمادہ:

وہ بھی حدیث ایمان کو نقل کرکے ابوصلت کے کلام کی تائید میں کہتا ہے: لانه سلسلة آل البیت، رضی الله عنهم۔(۳) اس لیے کہ یہ سلسلہ اہل بیت علیہم السلام ہے۔

---

(۱) ینابیع المودة لذوی القربی، ج۳، ۱۲۳-۱۲۴۔

(۲) تعلیقہ سنن ابن ماجہ، ج۱، ص۲۶۔

(۳) تعلیقہ کتاب ابونعیم اصفہانی (الضعفاء)، ص۱۰۸، شمارہ ۱۴۰۔

مخالفین

جیسا کہ بیان ہو چکا ہے کہ بعض افراد کو یہ گمان ہے کہ حدیث ایمان کو فقط ابوصلت ہروی نے نقل کیا ہے اور وہ اس کا تنہا راوی ہے لہذا ابوصلت کی تضعیف کر کے اس حدیث کو بے اعتبار ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔

لہذا ابوصلت ہروی کی علمی و رجالی حیثیت اہل سنت کے علماء و بزرگوں کے نزدیک تیسری فصل میں بیان ہوگی۔

حدیث حصن وایمان میں یکسانیت

سوال یہ ہے کہ کیا احادیث حصن وایمان ایک ہی ہیں یا یہ واقعہ دو مرتبہ پیش آیا ہے؟ ابن حجر ہیثمی شافعی اس مطلب کی تائید میں حدیث حصن وایمان کو دو مرحلوں میں مانتا ہے لہذا کہتا ہے:

لعلهما واقعتان۔(۱)

شاید یہ دو جدا واقعے ہیں۔

بہر حال حق یہ ہے کہ اولاً، اس میں کوئی شک وشبہہ نہیں ہے کہ یہ دونوں روایات حضرت امام رضاؑ کی زبان مبارک سے ادا ہوئی ہیں۔ ثانیاً ان دونوں روایات کا حضرت امام رضاؑ سے ایک ہی مرتبہ بیان ہونے پر کوئی دلیل نظر نہیں آتی۔ ثالثاً ان دونوں روایات کا شہر نیشاپور میں واقع ہونے پر بہت سے شواہد موجود ہیں۔

----

(۱) الصواعق المحرقہ، ج۲،ص۵۹۵۔

لہذا مذکورہ باتوں اور شواہد وقرائن کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ حدیث ایمان حضرت امام رضاؑ کے نیشاپور میں داخل ہونے کے موقع پر اور حدیث حصن آپؑ کے شہر نیشاپور سے خارج ہوتے وقت بیان ہوئی ہیں۔(۱)

حضرت امام رضاؑ کا نیشاپور میں وارد ہونا اور عوام واہل سنت علماء کا استقبال

اگر حضرت امام رضاؑ کی نیشاپور تشریف آوری سے مربوط روایات پر ایک بار پھر نظر ڈالی جائے تو لوگوں کے احساسات، عوام وخواص اہل سنت کی روش واستقبال اور بہت کچھ دریافت ہوگا، بہت سے سوالات کے جواب مل جائیں گے، اور کچھ نکات کی طرف بھی توجہ ہوگی۔

واقدی کا واقعہ

ولما دخل سنة مأتين بعث اليه المامون فاشخصه من المدينة الى خراسان فلماوصل الى نيسابورخرج اليه علمائهامثل يحى ابن يحى واسحاق بن راهويه ومحمد بن رافع و احمد بن حرب و غيرهم لطلب الحديث و الرواية والتبرك به---(۲)

---

(۱) ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج ۳، ۱۲۲-۱۲۴۔ بعض محققین تاریخ کی نظر کے مطابق حضرت امام رضاؑ کے نیشاپور سے نکلتے وقت حدیث سلسلۃ الذہب حدیث حصن صادر ہوئی ہے نہ کہ حدیث ایمان۔ دیکھیے: موسوعۃ التاریخ الاسلامی، ج ۷، ص ۴۷۰۔ تالیف یوسف غروی، محمد ہادی۔

(۲) تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔

سن ۲۰۰ ہجری کے آغاز پر مامون نے حضرت امام رضاؑ کے پاس کچھ افراد کو بھیجا تا کہ آپ کو مدینہ سے خراسان لے کر آئیں۔۔۔ جب آپ شہر نیشاپور میں وارد ہوئے، تو علماء شہر جیسے یحی بن یحی ، اسحاق بن راھویہ، احمد بن حرب ، محمد بن رافع وغیرہ طلب حدیث و روایت اور آپ کی ذات پاک سے متبرک ہونے اور کسب فیض کی خاطر آپ کی جانب بڑھے۔

ابن جوزی حنبلی کا واقعہ

فلما قدم نیسابور خرج فهوفی عمارية على بغلة شهباء فخرج علماء البلد فی طلبه منهم یحی بن یحی ، اسحاق بن راهويه ، احمد بن حرب ، محمد بن رافع وغيرهم فاقام بها مدة۔(۱)

جس وقت حضرت امام رضاؑ شہر نیشاپور میں داخل ہوئے، خاکی رنگ کے خچر پر عماری میں سوار تھے علماء شہر جیسے یحی بن یحی ، اسحاق بن راھویہ، احمد بن حرب ، محمد بن رافع نے بڑھ کر استقبال کیا، آپ وہاں ایک مدت تک مقیم رہے۔

حاکم نیشاپوری شافعی کا واقعہ

بہت افسوس کی بات ہے کہ اب حاکم نیشاپوری کی کتاب تاریخ نیشاپور دستیاب نہیں ہے اور یہ عظیم تاریخی اثر مفقود ہو چکا ہے، لہذا حاکم نیشاپوری کے واقعہ کو بعض دوسرے علماء نے اپنی کتابوں میں درج کیا ہے یہاں پر یہ واقعہ انہی کتابوں سے نقل کیا گیا ہے۔

---

(۱) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج ۶، ص ۱۲۵۔

حاکم نیشاپوری کے بیان کو احمد بن محمد بن حسین خلیفہ ٔ نیشاپوری شافعی (آٹھویں صدی)(۱)، ابن صباغ مالکی (۸۵۵ھ)(۲)، ابن حجر ہیثمی شافعی (۹۷۴ھ)(۳)، قرمانی دمشقی (۱۰۱۹ھ)(۴)، عبدالرؤوف مناوی شافعی (۱۰۳۱ھ)(۵) اور شبلنجی شافعی (۱۲۹۸ھ)(۶) نے مفصل طریقے سے اور ذہبی شافعی (۷۴۸ھ)(۷) وابن حجر عسقلانی شافعی (۸۵۲)(۸) نے مختصر طور پر نقل کیا ہے۔

نیز سمہودی شافعی (۹۱۱ھ)(۹) خنجی اصفہانی حنفی (۹۲۷ھ)(۱۰) نے تاریخ نیشاپور سے مستقیماً نقل نہیں کیا بلکہ ابن صباغ مالکی کی کتاب سے حاکم نیشاپوری کے واقعے کو نقل کیا ہے۔

---

(۱) تلخیص وترجمہ تاریخ نیشاپور، ص ۱۳۱-۱۳۲۔

(۲) الفصول المہمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ، ص ۲۴۲-۲۴۳۔

(۳) الصواعق المحرقہ، ج ۲، ص ۵۹۴۔

(۴) اخبار الدول وآثار الاول، ص ۱۱۵

(۵) فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج ۴، ص ۴۸۹-۴۹۰۔

(۶) نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص ۲۳۶۔

(۷) سیر اعلام النبلاء، ج ۹، ص ۳۹۰۔

(۸) تہذیب التھذیب، ج ۷، ص ۳۳۹۔

(۹) جواہر العقدین فی فضل الشرفین، ص ۳۴۵-۳۴۶۔

(۱۰) وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہاردہ معصوم، ص ۲۲۷۔ مہمان نامہ بخارا ص ۳۴۲-۳۴۵۔

ابن حجر ہیثمی شافعی نے حاکم نیشاپوری سے نقل کرتے ہوئے حضرت امام رضاؑ کے نیشاپور میں ورود کے وقت کی کیفیت کو اس طرح بیان کیا ہے:

تعرض له الحافظان ابوزرعه الرازی و محمد بن اسلم الطوسی ، ومعهما من طلبة العلم و الحديث مالايحصى ، فتضرعا اليه ان يريهم وجهه و يروى لهم حديثاً عن آبائه ۔۔۔(۱)

جس وقت حضرتؑ وارد نیشاپور ہوئے تو دو حافظ ابوزرعہ و محمد بن اسلم طوسی آپ کی جانب بڑھے اور ان کے ساتھ اہل علم و طالب حدیث کا ایک نا قابل شمار اجتماع تھا ان دونوں نے التجاء کی کہ ہمیں اپنے چہرہ انور کی زیارت کرائیں اور اپنے آباء واجداد سے کوئی روایت نقل فرمائیں۔

دوسری جگہ مذکور ہے:

فلما دخل علی بن موسی الرضا نيسابورعلى بغلة شهباء فخرج علماء البلد فی طلبه منهم يحى بن يحى ، اسحاق بن راهويه ، احمد بن حرب ، محمد بن رافع فتعلقوا بلجام دابته فقال له اسحاق : بحق آبائك ! حدثنا فقال۔(۲)

جس وقت حضرت امام رضاؑ نیشاپور میں داخل ہوئے، مٹیالے رنگ کے خچر پر سوار تھے علماء شہر جیسے یحی بن یحی، اسحاق بن راھویہ، احمد بن حرب، محمد بن رافع نے بڑھ کر استقبال کیا۔

---

(۱) الصواعق المحرقہ، ج۲،ص۵۹۵۔

(۲) کشف الخفاء ومزیل الالباس عما اشتھر من الاحادیث علی السنۃ الناس، ج۱،ص۲۲۔

اور آپؑ کی سواری کی لگام پکڑ کر اور آپؑ کو اپنے آباء طاہرینؑ کا واسطہ دیکر التجاء کی کہ ہمارے لیے کوئی حدیث بیان فرمائیں، تب آپؑ نے فرمایا۔

ابن صباغ مالکی بھی حاکم نیشاپوری سے نقل کرتے ہوئے کہتا ہے:

اورد صاحب كتاب تاريخ نيسابور فى كتابه : ان على بن موسى الرضا لما دخل الى نيسابور فى السفرة التى خص فيها بفضيلة الشهادة ، كان فى قبة مستورة بالسقلاط على بغلة شهباء وقد شق سوق نيسابور فعرض له الامامان الحافظان للاحاديث النبوية والمشايران على السنة المحمدية : ابوزرعة الرازى و محمد ابن اسلم الطوسى و معهما خلائق لايحصون من طلبة العلم و اهل الحديث و اهل الرواية و الدراية ، فقالا : ايها السيدالجليل ابن السادة الآئمة ! بحق آبائك الاطهرين واسلافك الاكرمين ، الا ماارتينا وجهك الميمون المبارك ورويت لنا حديثاً عن آبائك عن جدك محمد نذكرك به ، فاستوقف البغلة وامر غلمانه بكشف المظلة عن القبة و اقر عيون تلك الخلائق برؤية طلعته المباركة ، فكانت له ذؤابتان على عاتقه و الناس كلهم قيام على طبقاتهم ينظرون اليه و هم بين صارخ و باك و متمرغ فى التراب و مقبل لحافر بغلة وعلا الضجيج ، فصاحت الآئمة والعلماء والفقهاء : معاشر الناس ! اسمعوا، وعو وانصتولسماع ما ينفعكم و لا توذونا بكثرة صراخكم و بكائكم ، وكان المستملى ابوزرعة و محمد بن اسلم الطوسى ، فقال على ابن موسى الرضا ، حدثنى ابى موسى الكاظم ، عن ابيه

جعفر الصادق ، عن ابیه محمد الباقر، عن ابیه علی زین العابدین ، عن ابیه الحسین الشهید بکربلاء ، عن ابیه علی بن ابی طالب ،قال حدثنی حبیبی و قرة عینی رسول اللهؐ ، قال :حدثنی جبرائیل ،قال : سمعت رب العزة سبحانه و تعالی یقول :کلمة لااله الاالله حصنی فمن قالها دخل حصنی ومن دخل حصنی امن من عذابی ۔ ثم ارخی الستر علی القبة و سار۔ قال فعدو اهل المحابر و االدوی الذین کانوا یکتبون فانافوا علی عشرین الفا۔(۱)

صاحب کتاب تاریخ نیشاپور اپنی کتاب میں تحریر کرتا ہے کہ جس وقت حضرت امام علی بن موسی الرضاؑ شہر نیشاپور میں وارد ہوئے کہ جس میں آپ کی شہادت واقع ہوئی تو آپ عماری نما کپڑے کی محمل میں ہلکے کالے رنگ کے خچر پر سوار تھے پورا بازار شہر بھرا ہوا تھا آپ کے لیے راستہ کھلتا جاتا تھا،تب علماء اہل سنت میں سے دو مشہور و معروف حافظ ابوزرعہ و محمد بن اسلم طوسی حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان کے ساتھ لاتعداد اہل علم و طلاب ، اہل روایت و درایت اور دیگر لوگ جمع تھے۔ان دونوں نے حضرت کی سواری کی لگام کو پکڑ کے عرض کی: اے جلیل القدر سید و سردار، سردار آئمہ کے فرزند، آپؑ کو آپؑ کے پاک و پاکیزہ آباء واجداد کا واسطہ آپ ہمیں اپنے نورانی و مبارک چہرے کی زیارت کرادیں اور ہمارے لیے ایسی حدیث نقل فرمائیں کہ جو آپ نے اپنے والد گرامی اور انہوں نے اپنے آباءواجداد سے سنی ہو۔

---

(۱) الفصول المہمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ،ص۲۴۲-۲۴۳۔

تا کہ ہم آپ کو اس حدیث کے ذریعہ یاد رکھ سکیں۔پس آپ نے اپنی سواری کو روکا غلام کو حکم دیا کہ عماری کا پردہ ہٹائے اپنے سر مبارک کو عماری سے باہر نکالا تب خلق خدا آپ کے نورانی چہرے کی زیارت سے مشرف ہوئی بہت سے لوگ بے ساختہ رونے لگے،لوگ اپنے اپنے حسب مراتب کھڑے ہوئے تھے بہت سے زمین پر گر کر آپ کے مرکب کے قدموں کا بوسہ لے رہے تھےاور کچھ آہ وبکا گریہ وزاری میں مشغول تھےایک عجیب منظر تھا کہ علماء،فقہاءاور آئمہ حدیث نے لوگوں سے کہا کہ خاموش ہوجائیں اوراپنے آہ وبکا کوکم کریں،آنحضرتؑ کی مبارک آواز کو سنیں کہ جو آپ کے فائدے میں ہے۔ ابوزرعہ ومحمد بن اسلم طوسی امام کی فرمائش کوتحریر کررہے تھے کہ آپ نے فرمایا: مجھ سے میرے والد گرامی موسی کاظمؑ نے،آپ سے آپ کے پدر بزرگوار امام جعفر صادقؑ نے،آپ نے اپنے والد ماجد امام محمد باقرؑ سے، آپ نے اپنے والد بزرگوار امام زین العابدین سے،آپ نے اپنے پدر بزرگوار امام حسینؑ شہید کربلا سے،آپ نے اپنے والد گرامی حضرت علی سے سنا کہ آپ نے فرمایا کہ مجھ سے میرے حبیب وقرۃ عین رسول خداؐ نے فرمایا کہ آپ سے جبرئیل اوراس نے رب العزت سے سنا،خداوند عالم نے فرمایا کلمہ لا الہ الا اللہ میرا قلعہ ہےاور جو یہ کلمہ پڑھے گا وہ میرے قلعے میں داخل ہوگا اور جو میرے قلعے میں داخل ہوگا وہ میرے عذاب سے محفوظ رہے گا۔پھر عماری کا پردہ گرادیا گیااورآگے بڑھ گئے۔وہ حضرات کہ جن کے ہاتھوں میں قلم ودوات تھےاورحدیث لکھ رہے تھے جب ان کو گنا گیاتو بیس ہزار سے زیاد کی تعداد تھی۔

اس تاریخی واقعہ کے اہم ترین نکات

اس حدیث شریف کے نکات دو حصوں میں منقسم ہیں

الف﴾ حضرت امام رضاؑ کے ورود پر آپ سے عوام کا رویہ و سلوک۔

۱-حضرت امام رضاؑ کے نیشاپور میں وارد ہوتے وقت لوگوں کا بے نظیر و باعظمت استقبال۔

۲- لوگوں کا گریہ وزاری، نالہ وفریاد اور بے قراری۔

۳-بعض افراد کا زمین بوس ہونا اور آپ کے قدموں پر گر پڑنا۔

۴-حضرتؑ کی سواری کے قدموں کے بوسے لینا۔

ب﴾ حضرت امام رضاؑ کے حضور اہل سنت کے علما و بزرگوں کی روش ورفتار۔

۱-علماء کا امامؑ کے وجود مقدس سے فیض و برکت کا حصول۔

۲-حضرت امام رضاؑ کی تشریف آوری پر مشہور ومعروف علماء کا اپنے ہزاروں شاگردوں کے ساتھ استقبال۔

۳-حضرت امام رضاؑ کے حضور اہل سنت کے علماء و بزرگوں کا گریہ وزاری کرنا اور چہرہ مبارک کی زیارت کی خواہش کا اظہار کرنا۔

۴-حضرت امام رضاؑ کے حضور نقل حدیث کے لیے اہل سنت کے علماء کا التماس والتجا۔

۵- دس، بیس یا تیس ہزار لوگ واہل قلم، اس عظیم واقعہ کو نقل کرنے والوں کا اجتماع۔

۶-حضرت امام رضاؑ کی سواری کی لگام کو پکڑنے کے لیے اہل سنت کے علماء و بزرگوں کا ایک دوسرے پر سبقت لینا۔

شاید اسی اہم تاریخی نکات کی وجہ سے یہ حدیث و واقعہ صحاح و اہل سنت کے معتبر حدیثی منابع میں تحریر نہ کیے جانے کا سبب بنا ہو۔

علماء نیشاپور کا مقام اور منزلت

تاریخ میں علماء نیشاپور کی منزلت و مقام اور علمی مرتبہ بہت اچھی طرح مذکور ہے کہ جس سے صاف صاف واضح ہے کہ اس دور میں اس عظمت و جلالت کے باوجود حضرت امام رضاؑ کے حضور زانوئے ادب طے کرنا، گریہ و زاری اور التماس کرنا کہ پہلے آپ اپنے چہرہ انور کی زیارت کرائیں اور پھر اپنے آبا و اجداد طاہرین سے کوئی حدیث نقل فرمائیں۔ اب ان علماء کا تعارف پیش کرتے ہیں:

۱-آدم بن ابی ایاس عسقلانی (۲۲۰ھ)

وہ اہل حدیث کے امام، ثقہ اور مورد اعتماد، اہل شام کے بزرگ اور ان چھ افراد میں سے ہیں کہ جن کے پاس احادیث تصحیح و تطبیق کے لیے آتی تھیں۔ ذہبی ان کے بارے میں کہتا ہے:

الامام الحافظ القدوة ، شیخ الشام ابو الحسن الخراسانی ---۔(۱)

امام حافظ رہبر اہل شام کے بزرگ ابوالحسن خراسانی۔

ابوحاتم رازی شافعی لکھتا ہے: ثقة مامون متعبد من خیار عباد الله۔(۲)

---

(۱) سیر اعلام النبلاء، ج ۱۰، ص ۳۳۵۔

(۲) الجرح والتعدیل، ج ۲، ص ۲۶۸۔

ثقہ امین عابد اور خدا کے بہترین بندوں میں سے ہیں۔

احمد بن حنبل کہتے ہیں:

کان من الستة الذین یضبطون عنده الحدیث۔(۱)

یہ ان چھ افراد میں سے ہیں کہ جن کے پاس لوگ احادیث کی تطبیق وتصحیح کے لیے آتے تھے۔

۲-ابوزکریا یحی بن یحی تمیمی منقری نیشاپوری (۲۲۶ھ)

وہ شیخ اسلام وعالم خراسان اور بعض افراد کی تعبیر میں اہل دنیا کا امام ہے۔

ابوبکر بن عبدالرحمٰن کہتا ہے: شیخ الاسلام وعالم خراسان الحافظ ۔ ابوالعباس سراج کہتا ہے: امام لاهل الدنیا۔

ابواحمد الفراء کہتا ہے:

کان اماماً و قدوةً ونوراً للاسلام۔(۲)

وہ امام ورہبر اور اسلام کے لیے نور ہے۔

نسائی شافعی لکھتا ہے:

ھو ثقة مامون ثبت۔(۳)

وہ ثقہ امین اور قابل اطمینان وحجت ہے۔

---

(۱) تاریخ بغداد، ج۷، ص۲۸۔

(۲) سیر اعلام النبلاء، ج۱۰، ص۵۱۲۔

(۳) تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، شمارہ۱۵۲۴۔

احمد بن سیار مروزی شافعی کہتا ہے:

کان ثقة خیراً فاضلاً ۔(۱) وہ قابل اعتماد اور بہت نیک وفاضل شخص ہے۔

۳- ابوعبداللہ احمد بن حرب بن فیروز نیشاپوری (۲۳۴ھ)

وہ اہل حدیث کا قائد، اہل نیشاپور کا دینی رہبر، فقہاء وعابدوں کا بزرگ اور بے نظیر شخص تھا ۔ذہبی شافعی اس کے بارے میں کہتا ہے:

الامام القدوة ، شیخ نیسابور الزاهد کان من کبار الفقهاء و العباد۔

وہ امام رہبر، اہل نیشاپور کا قائد، متقی اور فقہاء وعابدوں میں سے بزرگ ہستی ہے۔

یحی بن یحی تمیمی اس کے بارے میں کہتا ہے:

ان لم یکن احمد بن حرب من الابدال فلا ادری من هم۔(۲)

اگر احمد بن حرب ابدال میں سے نہیں ہے تو پھر میں نہیں جانتا کہ ابدال کون ہے۔

۴- ابو یعقوب اسحاق بن راھویہ مروزی (۲۳۸ھ)

وہ اہل سنت کے علماء و بزرگوں میں سے ایسی شخصیت ہے کہ حدیث وفقہ میں اس کی طرف رجوع کیا جاتا ہے اور اس میں حفظ، سچائی اور تقوی بھر پور پایا جاتا ہے، اس کے شافعی یا حنبلی ہونے میں اختلاف ہے، اس کے بارے میں سیوطی شافعی کہتے ہیں:

---

(۱) سیر اعلام النبلاء، ج۱۰،ص۵۱۲۔

(۲) سیر اعلام النبلاء، ج۱۱،ص۳۲-۳۴۔

احد آئمة المسلمين و علماء الدين اجتمع له الحديث و الفقه و الحفظ و الصدق و الورع و الزهد۔۔۔۔(۱)

وہ علماء دین اور مسلمانوں کے اماموں میں ایک ہے اس میں حدیث، فقہ، حفظ، صدق، تقوی اور زھد سب ایک جگہ جمع ہیں۔

۵- ابوالحسن محمد بن اسلم کندی طوسی (۲۴۲ھ)

وہ شخصیت قابل اعتماد اور حافظوں میں سے ہے اور علمی اعتبار سے احمد بن حنبل کے برابر ہے، سیوطی شافعی اس کے بارے میں کہتا ہے:

كان من الثقات الحفاظ و الاولياء الابدا۔ وہ ثقہ، حافظ اور اولیاء ابدال میں سے ہے اور ابن خزیمہ شافعی سے نقل کرتے ہوئے کہتا ہے:

هو رباني هذه الامة لم ترعيناى مثله، كان يشبه باحمد بن حنبل۔(۲)

وہ اس امت کا عالم ربانی ہے میری آنکھوں نے اس جیسا نہیں دیکھا، وہ علمی مقام میں احمد ابن حنبل کی طرح ہے۔

۶- ابوعبداللہ محمد بن رافع قشیری حنبلی (۲۴۵ھ)

وہ اپنے زمانے میں خراسان کا مرجع وقت اور قابل اعتماد و صادق تھا حاکم نیشاپوری اس کے بارے میں کہتا ہے:

---

(۱) طبقات الحفاظ، ص۱۹۱-۱۹۲۔

(۲) طبقات الحفاظ، ص۲۳۸۔

شیخ عصره بخراسان والصدق والرحلة۔(۱)

وہ اپنے زمانے میں صدق وسچائی میں خراسان کا مرجع وقت، قابل اعتماد اور تحصیل علم و حدیث کی خاطر دور دراز کے سفر کرتا تھا۔

مسلم ونسائی کہتے ہیں: ابن رافع ثقة مامون۔(۲) ابن رافع ثقہ وامین ہے۔

ذہبی شافعی کہتا ہے:

الامام الحافظ ، الحجة القدوة بقية الاعلام---۔(۳)

امام حافظ حجت ورہبر اور بزرگوں میں سے ایک شخصیت ہے۔

۷- نصر بن علی جھضمی یا جھنی (۲۵۰ھ)

وہ مطمئن ترین وبہترین حافظ، محدث وعالم اور اہل سنت کے بزرگوں میں سے ہے۔ ابن ابی حاتم رازی شافعی اس کے بارے میں کہتا ہے:

نصر احب الی و اوثق و احفظ ، نصر ثقة ۔(۴)

نصر میرے نزدیک محبوب ترین فرد موثق وحافظ ترین شخص ہے، نصر ثقہ ہے۔

---

(۱) سیر اعلام النبلاء، ج ۱۲، ص ۲۱۴۔

(۲) الوافی بالوفیات، ج ۳۷، ص ۶۸۔

(۳) سیر اعلام النبلاء، ج ۱۲، ص ۲۱۴۔

(۴) الجرح والتعدیل، ج ۸، ص ۴۶۶۔

نسائی شافعی اورابن خراش کہتے ہیں: ثقة۔(۱) وہ ثقہ ہے۔

عبداللہ بن محمد فرھیانی لکھتا ہے:

نصر عندی من نبلاء الناس۔(۲) نصر میری نظر میں ایک عظیم شخصیت ہے۔

ذہبی شافعی کہتا ہے:

الحافظ العلامة الثقة ---کان من کبار الاعلام --- نصر بن علی من آئمة السنة الاثبات۔(۳)

نصر بن علی حافظ، علامہ، ثقہ بزرگ شخصیتوں میں سے تھے اور وہ اپنی روایات واسانید کوثبت وضبط کرتے تھے۔

۸- ابوزرعۃ عبیداللہ بن عبدالکریم رازی قرشی مخزومی حنبلی (۲۶۱ھ)

خراسان کے اہل حدیث لوگوں کا امام، قابل اعتماد، عظیم شخصیت وحافظ ہے، سیوطی شافعی اس کے بارے میں لکھتا ہے:

احد الاعلام و حفاظ الاسلام۔(۴)

وہ حافظین اسلام اور بزرگوں میں سے ایک ہے۔

---

(۱) سیر اعلام النبلاء، ج۱۲، ص۱۳۵۔

(۲) تاریخ بغداد، ج۱۳، ص۲۸۸۔

(۳) سیر اعلام النبلاء، ج۱۲، ص۱۳۵۔

(۴) طبقات الحفاظ، ص۲۵۴۔

ابن ابی حاتم رازی شافعی کہتا ہے:

مارأیت اکثر تواضعاً من ابی زرعة، ھو وابو حاتم اماما خراسان۔(۱)

میں ابوزرعہ سے متواضع تر کسی کو نہیں دیکھا وہ اور ابوحاتم دونوں خراسان کے امام تھے۔

نسائی شافعی اس کے بارے میں کہتا ہے: ''ثقة'' وذہبی شافعی بھی اس کو'' الامـــام سید الحفاظ ''جیسے الفاظ سے یاد کرتا ہے۔(۲)

۹- محمد بن اسحاق بن خزیمة شافعی (۳۱۱ھ)

وہ ایسی شخصیت ہے کہ خراسان میں امامت اور حفظ حدیث اسی پر منتہی ہوتی ہے اور کم نظیر شخصیت وحافظ ہے۔ ذہبی شافعی اس کے بارے میں کہتا ہے:

انتھت الیه الامامة والحفظ فی عصرہ بخراسان۔

وہ ایسی شخصیت ہے کہ خراسان میں امامت اور حفظ حدیث اسی پر منتہی ہوتی ہے۔

ابن حبان شافعی کہتا ہے:

مـارأیت علی وجه الارض من یحسن صناعة السنن و یحفظ الفاظھا الصحاح و زیاداتھا ، حتی کان السنن کلھا نصب عینیه الا ابن خزیمة فقط۔

میں نے روی زمین پر کسی کو ابن خزیمہ کی طرح نہیں دیکھا کہ جو سنت نبوی سے زیادہ آگاہ ہو اور الفاظ احادیث اوران میں زیادتی کو اس سے زیادہ جانتا ہو۔

----

(۱) الجرح والتعدیل، ج۵،ص۳۲۵۔

(۲) سیر اعلام النبلاء، ج۱۳،ص۷۵۔

گویا سنت نبوی اور احادیث پیغمبرؐ اس کی آنکھوں کے سامنے ہوں۔

دار قطنی شافعی کہتا ہے:

کان اماماً ثبتاً معدوم النظیر۔(۱)

وہ امام حجت اور بے نظیر تھا۔

۱۰- محمد بن عبد الوھاب ابو علی ثقفی شافعی (۳۲۸ھ)

وہ اہل حدیث کا رہبر، خراسان کی عظیم ہستی اور اہل سنت کے بقول وہ اپنے زمانے میں روی زمین پر خدا کی حجت تھا۔ ذہبی شافعی اس کے بارے میں کہتا ہے:

الامام المحدث الفقیه العلامه الزاهد العابد شیخ خراسان کان ابو علی فی عصره حجة الله علی خلقه --- و کان اماماً فی اکثر علوم الشرع۔(۲)

وہ امام، محدث، فقیہ، علامہ، زاہد، عابد اور خراسان کی عظیم ہستی تھا، ابو علی اپنے زمانے میں مخلوق الٰہی پر خدا کی حجت تھا اور وہ اکثر علوم شرعی میں امام تھا۔

مذکورہ افراد کی موقعیت اور اہل سنت کے نزدیک مقام و مرتبہ اور پھر ان حضرات کا حضرت امام علی ابن موسی الرضاؑ کے حضور رونا گڑگڑانا التماس و التجاء کرنا آنخضرتؑ کی عظمت، علمی و معنوی مقام و مرتبہ پر روشن دلیل ہے۔

---

(۱) سیر اعلام النبلاء، ج۱۴، ص۳۷۲۔

(۲) سیر اعلام النبلاء، ج۱۵، ص۲۸۲۔

تیسرا باب

ابوصلت ہروی اہل سنت کی نگاہ میں

بعض افراد بغیر تحقیق وجستجو اور اپنے علماء کے نظریات پر توجہ کیے بغیر یہ گمان کرتے ہیں کہ حدیث حصن وایمان کو فقط ابوصلت ہروی نے نقل کیا ہے اور وہ اس کا تنہا راوی ہے لہذا ابوصلت کی شخصیت کو غیر معتبر ثابت کر کے اس حدیث کو بے اعتبار ثابت کرنے کی کوشش کی ہے، جب کہ یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ اس روایت کے صرف ابوصلت تنہا راوی نہیں بلکہ یہ دونوں حدیثیں ابوصلت کے علاوہ دس سے زیادہ طریقوں سے نقل ہوئی ہیں۔

بنابرایں لازم ہے کہ جو بے بنیاد اور جھوٹی تہمتیں ابوصلت پر لگی ہیں ان کا دفاع کیا جائے اور ان کی حیثیت، ان کی روایات اور ان کے مذہب کے سلسلے میں گفتگو اور ان کے متعلق علماء اہل سنت کے نظریات پیش کیے جائیں۔

ابوصلت ہروی بہ حیثیت راوی

شیعہ اثناعشری کے نزدیک ابوصلت ہروی کاملاً ثقہ، صادق اور ان کی روایات صحیح ہیں۔(۱) لیکن اہل سنت کی کتب رجال میں ابوصلت کی شخصیت اور ان کی روایات کے متعلق تقریباً تین نظریے پائے جاتے ہیں۔

---

(۱) رجال نجاشی، ص ۲۴۵، شمارہ ۶۴۳۔ اختیار معرفۃ الرجال، ص ۶۱۵ و ۶۱۶، ح ۱۱۴۸-۱۱۴۹۔

پہلا نظریہ:

ابوصلت کی روائی حیثیت اور ان کی روایات کے موافق حضرات نے مذہبی تعصب کو نظرانداز کر کے ابوصلت کو بہ حیثیت راوی اوران کی روایات کوقبول کیا ہے۔

دوسرا نظریہ:

یہ ان افراد کا نظریہ ہے کہ جو ابوصلت کو بہ حیثیت راوی قبول کرتے ہوئے ان سے نقل شدہ روایات پر انتقاد واعتراض کرتے ہیں لیکن ابوصلت پر جھوٹ وجعل کی تہمت نہیں لگاتے۔

تیسرا نظریہ:

ابوصلت کی روائی حیثیت اوران کی روایات کے مخالف افراد۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ جنہوں نے مذہبی تعصب کو علمی میدان میں داخل کیا اور ابوصلت کو بے بنیاد و بغیر کسی دلیل کے فقط محبت اہل بیت کے جرم میں اور ان کے فضائل کی روایات کو نقل کرنے کے جرم میں انتہائی شدت کے ساتھ ان کی شخصیت کو مجروح کیا اور ابوصلت کو جھوٹا اور حدیث گھڑنے والا قرار دیا ہے۔

پہلا نظریہ

اہل سنت کے نظریات میں ابوصلت ہروی کا مذہب سنی اور مذہب شیعہ کی طرف مائل کے طور پر پیش کیا گیا ہے، وہ اپنے ہم عصر اور بعد کے علماء اہل سنت کے نزدیک ایک خاص مقام رکھتے ہیں۔

تاریخی واقعات سے معلوم ہوتا ہے کہ ابوصلت، علماء اہل سنت کے نزدیک بلند و بالا اور عظیم شخصیت کے حامل ہیں، وہ اسحاق بن راہویہ، احمد بن حنبل، عبدالرزاق صنعانی، یحی بن معین،

احمد بن سیار مروزی شافعی (۱)، محمد بن عبداللہ بن نمیر (۲) اور محمد بن یعقوب فسوی (۳) کے بہت قریبی دوستوں میں سے تھے، اوران لوگوں کے درمیان علمی- حدیثی مباحث اور جلسے ہوا کرتے تھے۔

اہل سنت کے علماء ومنصف مزاج بزرگوں نے مذہبی تعصب سے چشم پوشی کرتے ہوئے اورابوصلت کے شیعہ مذہب کی طرف تمایل کو دیکھتے ہوئے بھی ابوصلت کی روایت اوران کی روائی حیثیت کی تقویت وتوثیق کی ہے، اورابوصلت کی روایات کوقبول کرنے کےعلاوہ ان سے روایات کونقل کیا ہے اوران کوعظیم القاب واوصاف سے نوازا ہے جیسے حافظ، ثقہ، مامون، صدوق، ضابط، ادیب، فقیہ، عالم، رحّال، وغیرہ۔اس نظریہ کے علماءاہل سنت یہ ہیں:

یحی بن معین، عجلی، ابوداؤدسجستانی (صاحب سنن) ابن شاہین، حاکم نیشاپوری شافعی، حاکم حسکانی حنفی، ابویعلی قزوینی، مزی شافعی، محمد بن محمد جزری شافعی، ابن حجرعسقلانی شافعی، ابن تغزی حنفی، ابوالحسن کنانی شافعی، ابوالحسن سندی حنفی اورعجلونی شافعی۔

یحی بن معین (۲۳۳ھ):

حاکم نیشاپوری شافعی کہتا ہے: وثقه امام اهل الحديث ، يحى بن معين۔(۴)

---

(۱) تاریخ بغداد، ج۱۱، ص۴۷۔

(۲) معرفۃ الرجال، ج۱، ص۷۹، شمارہ ۲۳۱۔

(۳) المعرفۃ والتاریخ، ج۳، ص۷۷۔

(۴) تہذیب التھذیب، ج۶، ص۲۸۶-۲۸۷، شمارہ ۶۱۹۔

امام اہل حدیث یحی بن معین نے ابوصلت کی توثیق کی ہے۔

یحی بن معین نے مختلف مقامات پر ابوصلت ہروی کی شخصیت اور روائی حیثیت کا دفاع کیا ہےاوران کوشیعہ جانتے ہوئے بھی ان کے بارے میں اس طرح کی عبارات وکلام اپنی زبان پر جاری کیا ہے کہ جوان کی وثاقت کے علاوہ ان کی عظمت وجلالت پر دلالت کرتا ہے۔

عباس بن محمد دوری کہتا ہے:

سألت یحی بن معین، عن ابی صلت الهروی ، فقال ثقه۔(۱)

میں نے یحی بن معین سے ابوصلت ہروی کے بارے میں معلوم کیا تو انہوں نے جواب دیا وہ ثقہ ہیں۔

صالح بن محمد کہتا ہے کہ یحی بن معین سے ابوصلت کے بارے میں سوال کیا تو جواب دیا کہ ''صدوق ''(۲)وہ سچے ہیں۔

ابن محرز کہتا ہے:ابوصلت کے بارے میں یحی بن معین سے دریافت کیا تو جواب ملا: لیس ممن یکذب ۔(۳)

وہ ان لوگوں میں سے نہیں ہیں کہ جو جھوٹ بولیں۔

ابراہیم بن عبداللہ بن جنید کہتا ہے: یحی بن معین سے ابوصلت ہروی کے متعلق سوال کیا تو جواب دیا:

---

(۱)و(۲) المستدرک علی الصحیحین، ج۳،ص۱۳۷، ح۴۶۳۷/۲۳۵۔

(۳) معرفۃ الرجال، ج۱،ص۷۹، شمارہ۲۳۱۔

قد سمع و ما اعرفه بالكذب۔(۱)

اس نے روایات سنیں ہیں اور میں اس کو جھوٹا نہیں مانتا۔

وہی دوسری جگہ پر یحی بن معین سے اس طرح نقل کرتا ہے:

لم يكن ابو صلت عندنا من اهل الكذب۔(۲)

ابوصلت ہمارے نزدیک جھوٹوں میں سے نہیں ہیں۔

ایک اور جگہ پر یحی بن معین یقین کے ساتھ کہتا ہے:

ثقة صدوق الا انه يتشيع۔(۳)

ابوصلت ثقہ اور سچے تھے لیکن وہ مذہب شیعہ کی طرف مائل تھے۔

یحی بن معین نے متعدد ومختلف مقامات پر ابوصلت کا دفاع کیا ہے ان سے جھوٹ وجعلی حدیث جیسی تہمتوں کو دور کیا ہے۔

ابوصلت پر جعل حدیث کی تہمتوں میں سے ایک تہمت حدیث ''انا مدينة العلم وعلى بابها '' کے جعل وگھڑنے کی ہے کہ بعض علماء اہل سنت اس حدیث کو ابوصلت ہروی کی من گھڑت مانتے ہیں جب کہ یحی بن معین کی توثیق سے ابوصلت سے یہ تہمت مرتفع ہے اگر چہ اس حدیث کے اور دوسرے طرق واسناد بھی موجود ہیں۔

---

(۱)و(۲)و(۳) تاریخ بغداد، ج۱۱،ص ۴۸-۴۹،شمارہ ۵۷۲۸۔ تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۱۱، ص۴۶۳،شمارہ ۴۰۰۳۔ تہذیب التھذیب، ج۶ ص۲۸۶،شمارہ ۶۱۹۔

صالح بن محمد کہتا ہے:

رأیت ابن معین جاء الی ابی صلت فسلم علیه۔(۱)

میں نے یحی بن معین کو دیکھا کہ وہ ابوصلت ہروی کے پاس آئے اوران کوسلام کیا۔

یہ واقعہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ابوصلت اس مقام ومنزلت پر تھے کہ امام اہل حدیث ان کی خدمت میں آتے اورسلام کرتے تھے۔

عجلی (۲۶۱ھ):

ابوصلت کے بارے میں کہتا ہے:

عبدالسلام بن صالح بصری ثقة ۔(۲)

عبدالسلام بن صالح اہل بصرہ اور ثقہ ہیں۔

ابوداؤد سجستانی (۲۷۵ھ):

وہ ابوصلت کے بارے میں کہتے ہیں:

کان ضابطاً۔(۳)

ابوصلت حدیث کو نقل وضبط کرنے میں بہت دقت غور وخوض سے کام لیتے تھے۔

---

(۱) المستدرک علی الصحیحین، ج۳،ص۱۳۷، ح۴۶۳۷/۲۳۵۔ سیر اعلام النبلاء، ج۸،ص۴۴۸۔

(۲) تاریخ الثقات، ص۳۰۳، شمارہ۱۰۰۲۔

(۳) تہذیب التھذیب، ج۶،ص۲۸۶، شمارہ۶۱۹۔

محمد بن اسماعیل بخاری (۲۵۶ھ):

وہ ابوصلت ہروی کے ہم عصر تھے اور ان ہی کے علاقے میں رہتے تھے اور ابوصلت ہروی و دیگر علماء اہل سنت سے بہت اچھے وقریبی تعلقات تھے، ابوصلت ہروی کے رجال ہونا اور فضائل کے باب میں ابوصلت کا روایات نقل کرنا یقیناً بخاری کے کانوں تک پہنچا ہوگا لیکن پھر بھی بخاری نے ابوصلت کو اپنی کتاب ضعفاء میں نقل نہیں کیا یہ اس بات کی دلیل ہے کہ بخاری کی نظر میں ابوصلت بہ حیثیت راوی قابل قبول تھے۔

ابن شاہین (۳۸۵ھ):

وہ اگر چہ ابوصلت کے شیعہ ہونے کے بارے میں یقین رکھتا ہے لیکن تعصب سے چشم پوشی کرتے ہوئے ابوصلت کی سچائی ووثاقت سے توصیف کرتا ہے: ابو الصلت الهروی ثقة صدوق الا انه يتشيع۔(۱) ابوصلت ہروی ثقہ وصدوق ہیں مگر شیعیت کی طرف مائل ہیں۔

حاکم نیشاپوری شافعی (۴۰۵ھ):

وہ ابوصلت کے بارے میں کہتا ہے:

وثقه امام اهل الحديث ، يحی بن معين۔(۲)

امام اہل حدیث یحی بن معین نے ابوصلت کی توثیق کی ہے۔

---

(۱) تاریخ اسماء الثقات، ص ۲۲۷، شمارہ ۸۳۶۔

(۲) المستدرک علی الصحیحین، ج ۳، ص ۱۳۷، ح ۴۶۳۷/۲۳۵۔ تہذیب التھذیب، ج ۶، ص ۲۸۶۔

پھر دوسری جگہ کہتا ہے:

ابو الصلت ثقة مامون ۔(۱)

ابوصلت ثقہ وامین ہیں۔

ابویعلی قزوینی (۴۵۶ ھ):

وہ علماء اہل سنت کے نزدیک ابوصلت ہروی کے مقام ومنزلت کی طرف اشارہ کرتا ہے اور کہتا ہے:

ابو الصلت مشهور روى عنه الكبار ۔(۲)

ابوصلت مشہور ہیں اوران سے بزرگوں نے روایات نقل کی ہیں۔

---

(۱) المستدرک علی الصحیحین، ج۳،ص ۱۳۷، ح ۴۶۳۷/۲۳۵۔

ابن حجر عسقلانی شافعی نے حاکم نیشاپوری شافعی کی طرف نسبت دی ہے کہ وہ ابوصلت ہروی کے بارے میں کہتا ہے: روی المناکیر، دیکھیے: تہذیب التھذیب، ج ۶، ص ۲۸۷۔ بالفرض اگر یہ نسبت صحیح بھی ہو تو بھی حاکم نیشاپوری کے اس کلام سے کہ ابوصلت امین وثقہ ہے، کوئی منافات وتعارض نہیں ہے اس لیے کہ اہل سنت کے مبانی وقواعد کے اعتبار سے صرف روایات مناکیر کو نقل کرنا کسی راوی کی وثاقت وعدالت میں کوئی کمی نہیں کرتا۔ دیکھیے: الرفع التکمیل فی الجرح والتعدیل، تالیف لکھنوی حنفی۔ص ۹۸، ایقاظ ۷۔ جب کہ ابوصلت ہروی کو اہل سنت کے تمام بزرگ وقدیم علماء نے امین وثقہ جانا ہے۔

(۲) الارشاد فی معرفۃ علماء الحدیث، ص ۳۳۵۔

حاکم حسکانی حنفی (حدوداً ۴۹۰ھ):

ابو الصلت عبدالسلام بن صالح الهرو ی و هو ثقة اثنی علیه یحی ابن معین و قال هو صدوق۔(۱)

ابوصلت عبدالسلام بن صالح ہروی ثقہ ہیں اوران کی تعریف وتوصیف یحی ابن معین نے بھی کی ہے اور کہا ہے کہ وہ سچے ہیں۔

مزی شافعی (۷۴۲ھ):

وہ ابوصلت ہروی کو بہت ہی احترام کے ساتھ یاد کرتا ہے اور کہتا ہے:

ابو الصلت الهروی سکن نیشاپور و رحل فی طلب الحدیث الی البصرة والکوفة والحجاز و الیمن وهو خادم علی بن موسی الرضی، ادیب فقیه عالم --- روی له ابن ماجه هذا الحدیث (حدیث ایمان) وقد وقع لنا عنه عالیاً جداً۔(۲)

ابوصلت ہروی نیشاپور میں رہتے تھے اور طلب حدیث کے لیے بصرہ، کوفہ، حجاز اور یمن کا سفر کیا آپ امام علی بن موسی الرضی (الرضاؑ) کے خادم تھے، آپ ادیب، عالم، فقیہ۔۔۔ تھے، آپ سے یہ حدیث (حدیث ایمان) ابن ماجہ نے نقل کی ہے ہمارے نزدیک یہ حدیث عالی و عمدہ سند کے ساتھ ثابت ہے۔

---

(۱) شواہد التنزیل لقواعد التفضیل، ج۱،ص ۱۰۵، ح ۱۱۸۔

(۲) تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۱۱،ص ۴۶۰، شمارہ ۴۰۰۳۔

محمد بن محمد جزری شافعی (۸۳۳ھ):

اس نے حدیث ایمان کی عظمت میں بہت ہی عمدہ گفتگو کی ہے اور ابوصلت کے بارے میں کہتا ہے:

وهو خادم الامام علی بن موسی الرضا ،فانهم ضعفوه مع صلاحه۔۔۔(۱)

ابوصلت ہروی حضرت امام علی بن موسی الرضاؑ کے خادم ہیں اور علماء نے ان کی صلاحیت و شائستگی کے باوجود تضعیف کی ہے۔

ابن حجر عسقلانی شافعی (۸۵۲ھ):

سکن نیسابور، و رحل فی الحدیث الی الامصار و خدم علی بن موسی الرضا ۔(۲)

ابوصلت ہروی نیشاپور میں رہتے تھے اور طلب حدیث کے لیے متعدد شہروں کا سفر کیا آپ امام علی بن موسی الرضاؑ کے خادم تھے۔

وہ دوسری جگہ پر ابوصلت کے شیعہ ہونے پر تاکید کے باوجود ابوصلت کو سچا مانتا ہے اور جن لوگوں نے ابوصلت کو جھوٹا جانا ہے ان کو متعصب وشدت پسند کہتا ہے:

---

(۱) اسنی المطالب فی مناقب سیدنا علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجھہ ،ص۱۲۲-۱۲۶۔

(۲) تہذیب التھذیب، ج۶ ،ص ۲۸۵،شمارہ ۶۱۹۔

صدوق له مناكير و كان يتشيع افرط العقيلى فقال كذاب۔(۱)

ابوصلت ایک سچے انسان ہیں کچھ عجیب وغریب احادیث بھی نقل کی ہیں وہ شیعہ ہیں لیکن عقیلی نے حد سے تجاوز کیا ہے اوران کو جھوٹے ہونے کی نسبت دی ہے۔

یہ بات بھی قابل عرض ہے کہ اہل سنت کے نزدیک حدیث منکر کا نقل کرنا راوی کے ضعف کا سبب نہیں ہوتا۔

ابن تغری بردی حنفی (۸۷۴ھ):

وہ ابوصلت کو بہت ہی اچھے کلمات سے یاد کرتا ہے اور کہتا ہے:

ابو الصلت الهروى الحافظ الرحال ، رحل فى طلب العلم الى البلاد و اخذ الحديث عن جماعة وروى عنه غيرواحد ۔قيل انه كان يتشيع۔(۲)

ابوصلت ہروی حافظ اور بہت زیادہ سفر کرنے والے تھے آپ نے طلب علم کی خاطر بہت شہروں کی طرف سفر کیا، ایک جماعت سے حدیث کو سنا اوران سے بھی متعدد افراد نے روایت نقل کی ہے۔کہا جاتا ہے کہ وہ شیعیت کی طرف مائل تھے۔

واضح رہے کہ کسی راوی کے بارے میں لفظ حافظ اس کی مدح وثنا کی طرف اشارہ ہے۔اور اہل سنت کے نزدیک یہ بہت بڑا لقب ہے۔

---

(۱) دیکھیے :الرفع والتکمیل فی الجرح والتعدیل،تالیف لکھنوی حنفی۔ص ۹۸،ایقاظ ۷۔

(۲) النجوم الزاھرہ فی ملوک مصر القاھرہ،ج ۲،ص ۳۴۴۔

لفظ ''حافظ'' ایک اصطلاح ہے کہ جس کے بارے میں اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں حافظ وہ شخص ہے کہ جس کو ایک لاکھ حدیثیں سند و متن کے ساتھ یاد ہوں اور ان پر مسلط ہو۔(۱)

بعض نے حافظ کی تشریح میں کہا ہے کہ جو تین لاکھ یا ساتھ لاکھ احادیث یاد کیے ہوئے ہو۔

بہر حال ابوصلت کو حافظ کہنا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ حدیث کے نقل و ضبط میں کس قدر دقیق تھے اور لاکھوں حدیثوں کے متن و سند پر احاطہ رکھتے تھے۔

ابوالحسن کنانی شافعی (۹۶۳ھ):

وہ حدیث ایمان کی صحت اور اس کے جعلی نہ ہونے کے بارے میں دو مرحلوں میں گفتگو کرتا ہے پہلے مرحلے میں ابوصلت کی روائی حیثیت کو پیش کرتا ہے اور ان کا مقام یحی ابن معین کے ہم پلہ بیان کرتا ہے اور ان کے ثقہ و صدوق ہونے پر علماء کا کلام پیش کرتا اور جعل و جھوٹ کی تہمت کا دفاع کرتا ہے۔ اور دوسرے مرحلے میں ان کی احادیث پر دو شاہد پیش کرتا ہے ایک حدیث ابوقتادہ اور دوسری حدیث عائشہ کہ جو حدیث ایمان کی تائید میں ہے، لہذا یہ ''روی المناکیر'' جیسی تہمت ابوصلت کے دامن کو داغدار نہیں کرسکتی۔(۲)

ابوالحسن سندی (۱۱۳۸ھ):

وہ حدیث ایمان کی تائید میں علماء اہل سنت کی توثیقات کو بیان کرتا ہے۔

---

(۱) تدریب الراوی فی شرح تقریب النواوی، ص۴۹-۵۲۔

(۲) تنزیہ الشریعۃ المرفوعۃ عن الاخبار الشنیعۃ الموضوعۃ، ج۱، ص۱۵۲۔

ابوصلت کی روائی شخصیت کا دفاع کرتا ہےاور سیوطی شافعی سے نقل کرتے ہوئے کہتا ہے:

والحق انه ليس بموضوع ۔(۱)

حق وانصاف یہ ہے کہ یہ حدیث گھڑی ہوئی نہیں ہے۔

عجلونی شافعی (۱۱۶۲ھ):

وہ بھی ان لوگوں کی رد میں کہ جنہوں نے حدیث ایمان کو ابوصلت کی من گھڑت مانا ہے اور ابوصلت کے کلام کی تائید میں کہتا ہے:

ومن لطائف اسناده رواية الابناء عن الآباء فی جميعه۔(۲)

اس روایت کی اسناد میں ظریف ولطیف نکتہ یہ ہے کہ پورے سلسلہ سند میں اولاد اپنے آباء واجداد سے نقل کرتے ہیں۔

دوسرا نظریہ

اس نظریہ میں ابوصلت کی شخصیت روائی قابل قبول ہے لیکن جو روایات ان سے نقل ہوئیں ہیں ان پر اعتراض ہے۔

----

(۱) شرح سنن ابن ماجہ، ج۱، ص۵۲۔

(۲) کشف الخفاء ومزیل الالباس عما اشتہر من الاحادیث علی السنۃ الناس، ج۱، ص۲۲۔

زکریا بن یحی ساجی بصری شافعی (۳۰۷ھ):

اس نے ابوصلت کی سچائی اوران کی نقل روایت پر کوئی بات نہیں کی لیکن ان سے منقول عجیب وغریب روایات پر اعتراض کیا ہے اوراسی لیے ان پر تنقید کی ہے:

یحدث مناکیر هو عند هم ضعیف۔(۱)

ابوصلت عجیب وغریب روایات نقل کرتا ہے اسی وجہ سے اہل سنت کے نزدیک ضعیف ہے۔

نقاش حنبلی (۴۱۴ھ):

اس نے بھی ابوصلت کی سچائی اوران کی نقل روایت پر کوئی بات نہیں کی اور صرف ان سے منقول روایات پر اظہار نظر کیا اور کہتا ہے:

روی مناکیر۔(۲) ابوصلت عجیب وغریب روایت نقل کرتا ہے۔

ابونعیم اصفہانی شافعی (۴۳۰ھ):

اس نے بھی ابوصلت کی سچائی اوران کی نقل روایت پر کوئی اظہار نظر نہیں کی بلکہ صرف ان کی روایات پر اظہار خیال کرتا ہے:

----

(۱) تاریخ بغداد، ج۱۱،ص۵۱۔تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۱۱،ص۴۶۴۔سیر اعلام النبلاء، ج۱۱،ص۴۴۶۔میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ج۲،ص۶۱۶۔تہذیب تہذیب الکمال، ج۶،ص۹۱۔تہذیب التھذیب، ج۶،ص۲۸۶۔

(۲) تہذیب التھذیب، ج۶،ص۲۸۶۔

یروی احادیث منکرة ۔(۱)
ابوصلت عجیب وغریب روایت نقل کرتا ہے۔

تنقید وتحقیق:

دوسرا نظریہ ابوصلت کی وثاقت، امانت داری اور سچائی کے لیے ضرر رساں نہیں چونکہ اہل سنت کی نظر میں رجالی اعتبار سے کسی راوی کے روایات فضائل بیان کرنا کہ جن کو وہ عجیب و غریب روایات کہہ رہے ہیں اس راوی کے ضعیف ہونے پر دلیل نہیں ہوسکتی بلکہ تضعیف کے لیے روایات مناکیر کے علاوہ کوئی اور دلیل ہونی چاہیے۔(۲)

تیسرا نظریہ

اس نظریہ میں ابوصلت کی شخصیت اور ان سے منقول روایات دونوں پر اعتراض ہوا ہے۔ بعض اہل سنت کے متعصب افراد نے صرف اہل بیت کی محبت اور ان کے فضائل میں روایات نقل کرنے پر طرح طرح کی تہمتیں لگائیں اور مختلف طریقے سے توہین کی ہے۔

---

(۱) کتاب الضعفاء، ص ۱۰۸، شمارہ ۱۴۰۔
(۲) الرفع والتکمیل فی الجرح والتعدیل، تالیف لکھنوی حنفی۔ص ۹۸، ایقاظ ۷۔

ابراہیم بن یعقوب جوزجانی (۲۵۹ھ):

اس نے ابوصلت کے بارے میں امام اہل حدیث یحی بن معین اور دیگر علماء اہل سنت کی توثیق کونظر انداز کیا اور صرف تعصب سے کام لیتے ہوئے ابوصلت ہروی کی توہین و بے ادبی کی اوراس طرح کہا:

کان ابو الصلت الهروی زائغاًعن الحق مائلاًعن القصد، سمعت من حدثنی عن بعض الآئمة انه قال فيه: هو الكذب من روث حمار الدجال و كان قديماًمتلوثاً فی الاقذار۔(۱)

ابوصلت ہروی راہ حق سے منحرف، راہ اعتدال سے ہٹا ہوا تھا، میں نے ان علماء سے سنا کہ جو بعض آئمہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ ابوصلت کذب وجھوٹ اور دجال کے گدھے کی لید ھ ہے، وہ پہلے ہی سے گندگیوں میں آلودہ تھا۔

ابوحاتم رازی شافعی (۲۷۷ھ):

لم يكن عندی بصدوق و هو ضعيف۔(۲)

میرے نزدیک وہ سچا نہیں ہے اور وہ ضعیف ہے۔

---

(۱) احوال الرجال، ص۲۰۵-۲۰۶، شمارہ۔۳۷۹۔

(۲) الجرح والتعدیل، ج۶، ص۴۸، شمارہ ۲۵۷۔

ابوزرعہ دمشقی حنبلی (۲۸۱ھ):

ابوحاتم رازی شافعی کہتا ہے: امر ابو زرعة ان یضرب علی حدیث ابی الصلت وقال: لا احدث عنه و لا ارضاه۔(۱)

ابوزرعہ نے حکم دیا کہ ابوصلت کی روایات کو نقل نہ کیا جائے اور کہا کہ میں اس سے حدیث نقل نہیں کرتا اور نہ اس سے راضی ہوں۔

نسائی شافعی (۳۰۳ھ):

اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس نے بھی ابوصلت کی تضعیف کی ہے اور کہا ہے:

لیس بثقة۔(۲) وہ ثقہ نہیں ہے۔

عقیلی مکی (۳۲۲ھ):

وہ انتہائی تعصب کے ساتھ ابوصلت کے بارے میں کہتا ہے:

کان رافضیاً خبیثاً --- و ابو الصلت غیر مستقیم الامر۔(۳)

ابوصلت رافضی اور پست ہے اس کا عقیدہ صحیح و درست نہیں ہے۔

---

(۱) الجرح والتعدیل، ج۶، ص۴۸، شمارہ ۲۵۷۔

(۲) نسائی شافعی کی کتاب الضعفاء والمتروکین میں اس طرح کی کوئی بات نہیں آئی ہے لیکن دوسروں نے اس کی طرف اس طرح کی نسبت دی ہے۔ دیکھیے: تاریخ بغداد، ج۱۱، ص۵۱۔ تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۱۱، ص۴۶۶۔

(۳) الضعفاء الکبیر، ج۳، ص۷۰-۷۱، شمارہ ۱۰۳۶۔

دوسری جگہ کہا ہے:

کذاب ۔(۱) وہ بہت جھوٹا ہے۔

ابن حبان بستی شافعی (۳۵۴ھ):

اس نے دومقام پر ابوصلت ہروی کی شخصیت اور احادیث کی تضعیف کی ہے وہ کہتا ہے:

یجب ان یعتبر حدیثه (الامام الرضا) اذا روی عنه غیر اولاده و شیعته و ابی صلت خاصة ، فان الاخبار التی رویت عنه و بین بواطیل ، انما الذنب فیها لابی الصلت و لاولاده و شیعته۔(۲)

حضرت امام رضاؑ کی احادیث پر اعتبار کرنا واجب ہے مگر جب کہ وہ احادیث آپ کی اولاد اور شیعوں اور خصوصاً ابوصلت ہروی کے علاوہ کسی اور نے نقل کی ہوں اس لیے وہ تمام روایات جو ان لوگوں نے نقل کی ہیں وہ سب باطل ہیں اور ان کا گناہ ابوصلت ہروی امام رضاؑ کی اولاد اور شیعوں کی گردن پر ہے۔

یروی عن حماد بن زید واهل العراق عجائب فی فضائل علی و اهل بیته ، لایجوز الاحتجاج به اذا انفرد۔(۳)

---

(۱) تہذیب التھذیب، ج۶،ص۲۸۶۔تقریب التھذیب، ج۱،ص۵۰۶۔

(۲) کتاب الثقات، ج۸،ص۴۵۶۔

(۳) کتاب المجروحین، ج۲،ص۱۵۱۔

ابوصلت ہروی حماد بن زید اور اہل عراق سے علیؑ اور آل علیؑ کے فضائل میں عجیب وغریب روایات نقل کرتا ہے، ابوصلت اگران روایات کو تنہا نقل کرے تو ان کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔

ابن عدی جرجانی شافعی (۳۶۵ ھ):

وہ بھی ابوصلت ہروی کی تضعیف کرتے ہوئے اس سے منقول روایات خصوصاً حدیث ایمان کے جعل ومن گھڑت کی نسبت دیتا ہے اور کہتا ہے:

ولعبد السلام هذا عن الرزاق احاديث مناكير فى فضائل على وفاطمه والحسن و الحسين ، وهو متهم فى هذه الاحاديث ويروى عن على بن موسى الرضا حديث (الايمان معرفة القلب) وهو متهم فى هذه الاحاديث۔(۱)

عبدالسلام نے عبدالرزاق سے علی و فاطمہ وحسن وحسین کے بارے میں عجیب وغریب احادیث نقل کی ہیں وہ ان احادیث کے گھڑنے میں متہم ہے اور وہ علی بن موسیٰ الرضا سے حدیث ایمان نقل کرتا ہے کہ وہ ان احادیث کے جعل کرنے میں متہم ہے۔

دارقطنی بغدادی شافعی (۳۸۵ ھ):

اس کی طرف بھی نسبت دی گئی ہے کہ وہ بھی شدت کے ساتھ ابوصلت کی تضعیف کرتا ہے اور توہین آمیز کلمات سے ابوصلت کا تذکرہ کرتا ہے:

---

(۱) الکامل فی ضعفاء الرجال، ج ۵ص ۳۳۱-۳۳۲، شمارہ ۱۴۸۶/۵۱۸۔

کان رافضیاً خبیثاً ۔

وہ رافضی وخبیث وپست ہے۔

دوسری جگہ پر ابوصلت کی طرف جعل حدیث کی نسبت دیتا ہے اور کہتا ہے:

روی عن جعفر بن محمد الحدیث عن آبائه عن النبی انه قال: الایمان اقرار بالقول عمل بالجوارح ---وهو متهم بوضعه لم یحدث به الامن سرقه منه ، هو الابتداء فی الحدیث۔(۱)

ابوصلت نے جعفر بن محمد سے کہ انہوں نے اپنے آباءواجداد سے اور انہوں نے رسول خدا سے روایت نقل کی ہے کہ آپ نے فرمایا: ایمان زبان سے اقرار اور اعضاء وجوارح سے عمل کرنے کا نام ہے۔وہ اس حدیث کے گھڑنے کا متہم ہے،اس سے کوئی بھی حدیث نقل نہیں کرتا مگر یہ اس سے چراتا ہے کہ یہی روش حدیث گھڑنے کی ابتداء ہے۔

محمد بن طاہر مقدسی ظاہری (۵۰۷ھ):

وہ ابوصلت کو جھوٹا سمجھتا ہے اور کہتا ہے:

کذاب ۔(۲) وہ جھوٹا ہے۔

---

(۱) تاریخ بغداد، ج۱۱،ص ۵۱۔تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۱۱،ص۴۶۴۔میزان الاعتدال فی نقد الرجال،ج۲،ص۶۱۶۔تہذیب التہذیب،ج۶،ص۲۸۶۔

(۲) اکمال تھذیب الکمال،ج۸،ص۲۷۴،شمارہ۳۲۹۶۔

ابوسعد عبدالکریم سمعانی شافعی (۵۶۲ھ):

وہ ابن حبان بستی کے کلام کی تکرار کرتے ہوئے ابوصلت کی روایات پر اعتراض کرتا ہے۔

یروی عن حماد بن زید و اهل العراق العجائب فی فضائل علیؑ واهل بیته لا یجوز الاحتجاج به اذا انفرد۔(۱)

ابوصلت عراقی ہے حماد بن زید سے روایت نقل کرتا ہے، فضائل علیؑ اور آپ کے اہل بیت کی شأن میں بہت عجیب وغریب روایات نقل کی ہیں، کہ جن کے ذریعہ احتجاج واستدلال کرنا صحیح نہیں ہے اگر سلسلہ سند میں ابوصلت تنہا ہو۔

ابوالفرج ابن جوزی حنبلی (۵۹۷ھ):

اس نے ابوصلت کو ضعفاء ومتروکین میں سے شمار کیا ہے۔(۲)

ذہبی شافعی (۷۴۸ھ):

اس نے متعدد مقامات پر ابوصلت کی روائی حیثیت کی جرح وتضعیف اوران سے منقول روایات پر اعتراضات کیے ہیں۔ کہ جن کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

الشیخ العالم العابد شیخ الشیعة --- له فضل و جلال فیا لیته ثقة۔(۳)

----

(۱) الانساب، ج۵ ص۶۳۷۔

(۲) کتاب الضعفاء والمتروکین، ج۲ ص۱۰۶، شمارہ ۱۹۲۶۔

(۳) سیر اعلام النبلاء، ج۱۱ ص۴۴۶-۴۴۸۔

ابوصلت بزرگوار عالم عابد اور شیعوں کے رئیس تھے اور کافی فضل وکمال رکھتے تھے لیکن اے کاش کہ ثقہ ہوتے۔

الرجل الصالح الا انه شیعی جلد۔(۱)

وہ نیک وصالح انسان ہے مگر متعصب شیعہ ہے۔

اتھمه بالکذب غیرواحد ، قال ابوزرعة لم یکن بثقه وقال ابن عدی : متھم و قال غیره رافضی۔(۲)

متعدد افراد نے ابوصلت کو جھوٹ سے متہم کیا ہے ابوزرعہ نے کہا ہے کہ وہ ثقہ نہیں ہے اور ابن عدی نے کہا کہ ابوصلت متہم ہے، دوسرے لوگوں نے کہا کہ وہ رافضی ہے۔

ابو الصلت عبدالسلام بن صالح الھروی واه۔(۳)

ابوصلت عبدالسلام بن صالح ہروی سست و بے اعتبار آدمی ہے۔

ابو الصلت الھروی الشیعی ، الرجل العابد متروك الحدیث۔(۴)

ابوصلت ہروی شیعہ عابد انسان ہے لیکن اس کی حدیث متروک ہیں کہ جن پر عمل نہیں ہوتا۔

---

(۱) میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ج۲،ص۶۱۶،شمارہ۵۰۵۱۔

(۲) دیوان الضعفاء والمتروکین، ج۲،ص۱۱۲،شمارہ۲۵۲۸۔

(۳) المقتنی فی سرد الکنی، ج۱،ص۳۸۲،شمارہ۳۲۱۹۔المجرد فی اسماء سنن ابن ماجہ،ص۲۱۳،شمارہ۱۷۳۹۔

(۴) المغنی فی الضعفاء، ج۱،ص۶۲۴،شمارہ۳۶۹۴۔

ابو الصلت خادم علی بن موسی الرضا واہ شیعی متهم مع صلاحه۔(۱)

ابوصلت امام علی رضاؑ کا خادم اور بے اعتبار شیعہ ہے، صلاحیت وشائستگی کے باوجود اس پر احادیث گھڑنے کا الزام ہے۔

دوسری جگہ پر حاکم نیشاپوری کے کلام کو رد کرتے ہوئے کہ اس نے ابوصلت کو ثقہ وامین جانا ہے کہتا ہے:

لا واللہ لا ثقة و لا مامون۔(۲)

نہ خدا کی قسم! ابوصلت نہ ثقہ ہے اور نہ امین۔

ابن کثیر دمشقی (۷۷۴ھ):

اس نے ابوصلت کو ضعفاء میں شمار کیا ہے لہذا کہتا ہے:

ابو الصلت الهروی احد الضعفاء۔(۳)

ابوصلت ہروی ضعفاء میں سے ایک ہے۔

ان تضعیفات کی بناء پر بہت سے متعصب افراد سنن ابن ماجہ کی شرح کرتے ہوئے جب حدیث ایمان پر پہنچے تو اس کو ابوصلت کی وجہ سے بہت شدت کے ساتھ رد کیا اور اس کو جعلی اور ابوصلت کی من گھڑت قرار دیا ہے۔

---

(۱) الکاشف فی معرفة من لہ روایة فی الکتب الستة، ج۱، ص۶۵۲-۶۵۳، شمارہ ۳۳۶۸۔
(۲) المستدرک علی الصحیحین، ج۳، ص۱۳۷، ح۴۶۳۷/۲۳۵۔
(۳) البدایة والنهایة، ج۱۰، ص۳۲۹۔

بوصیری شافعی (۸۴۰ھ):

وہ کہتا ہے:

اسناد ہذاالحدیث ضعیف لاتفاقھم علی ضعف ابی الصلت الھروی۔(۱)

اس حدیث کی اسناد ضعیف ہیں چونکہ تمام علماء رجال کا ابوصلت کے ضعیف ہونے پر اتفاق ہے۔

یہ بات واضح ہے کہ علماء و بزرگان اہل سنت کی نظر میں ابوصلت کی بزرگی وعظمت اور ان توثیق اس بات پر دلیل ہے کہ بعض لوگوں کا تضعیف کرنا بے بنیاد اور نامناسب دعوی ہے۔

بشارعواد معروف (۲)، صفاء صفوی، احمد عدوی (۳) و ناصر الدین البانی حنبلی (۴) میں سے ہر ایک نے حدیث ایمان کو گھڑی ہوئی و جعلی مانا ہے اور اس کی جعل و گھڑنے کی تہمت ابوصلت پر لگائی ہے۔

---

(۱) مصباح الزجاجۃ فی زوائد سنن ابن ماجہ، ج۱ص۱۲۱-۱۲۲، ح۲۳۔

(۲) سنن ابن ماجہ، تحقیق وتعلیق بشارعواد، ج۱ص۸۹-۹۰، ح۶۵۔

(۳) اہداء الدیباجۃ بشرح سنن ابن ماجہ، ج۱ص۶۸-۶۹، ح۶۵۔

(۴) ضعیف سنن ابن ماجہ، ص۶-۷، ح۱۱۔ ضعیف الجامع الصغیروزیادتہ، ص۳۳۹، شمارہ ۲۳۰۹۔

نقد وتحقیق:

اول: علماء اہل سنت ومتقدمین اہل حدیث جیسے یحی ابن معین وغیرہ کا ابوصلت ہروی کی توثیق کرنا وان کی عظمت وجلالت کامعترف ہونا تیسرے نظریہ کی رد کے لیے بہترین دلیل ہے

دوم: نسائی شافعی و دارقطنی کا ابوصلت کی تضعیف کرنا معلوم نہیں ہے چونکہ ان کی کتب ضعفاء میں عبدالسلام بن صالح ابوصلت ہروی کا نام نہیں ہے۔

سوم: بالفرض نسائی شافعی کا ابوصلت ہروی کی تضعیف کرنا صحیح بھی ہوتو بھی یہ لوگ مثلاً نسائی شافعی، ابوحاتم رازی شافعی، ابن حبان بستی شافعی اور یحی ابن معین ان لوگوں میں سے ہیں کہ جو علماء اہل سنت کے بقول چھوٹی چھوٹی بات پر راوی کی تضعیف کردیتے اور جرح وتعدیل میں حد سے گذرنے والے شدت پسند لوگوں میں سے شمار ہوتے ہیں لہذا ان کی تضعیف کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔

فانهم معروفون بالاسراف فی الجرح والتعنت فیه ، فلیتثبت العاقل فی الرواة الذین تفردوا بجرحهم ولیتفکروفیه ۔(۱)

یہ افراد جرح وتعدیل میں مسرفین ومتعنتین میں سے شمار ہوتے ہیں اورتھوڑے سے بھی ضعف کی بنیاد پرراوی کو اعتبار سے ساقط کردیتے ہیں، عاقل وہ ہے کہ جوان کے افراد کے تضعیف شدہ راویوں کے بارے میں خودتفکر وتحقیق کرے۔

---

(۱) الرفع والتکمیل فی الجرح والتعدیل، تالیف لکھنوی حنفی۔ص ۱۱۱-۱۲۲، ایقاظ ۱۹۔

یہ واضح رہے کہ ان لوگوں میں یحی ابن معین کا بھی نام ہے جب کہ یحی ابن معین نے ابوصلت ہروی کی توثیق کی ہے لہذا یہ توثیق علماء کے نزدیک علمی مقام رکھتی ہے اس لیے کہ جو شخص تھوڑے سے ضعف وکمی کی خاطر راوی کی تضعیف کرتا ہو وہ ابوصلت کی توثیق کرے اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کو ابوصلت میں تھوڑا سا بھی ضعف نظر نہیں آیا ہے۔

چہارم: اس نظریہ کی بنیاد ابوصلت ہروی کا مذہب اوران کا اہل بیت علیہم السلام کے فضائل ومناقب والی روایات کو نقل کرنا ہے۔

ابوصلت کو صرف محبت اہل بیتؑ اوران کے فضائل کو نقل کرنے کے جرم میں کہ وہ بھی خود اہل سنت کے علماء جیسے عبد الرزاق صنعانی وغیرہ سے ہی نقل کی ہیں ان کو برے برے الفاظ اور ناشائستہ عبارات سے یاد کیا حتی گالیاں تک دی ہیں۔

تاریخی اعتبار سے اس توہین اور تضعیف کی بنیاد جوزجانی اوراس کی عبارات ہیں، اس نے اپنے اندھے تعصب سے نہ فقط ابوصلت ہروی بلکہ ہراس راوی کو کہ جس نے اہل بیت کے فضائل میں کوئی روایت نقل کی ہو خواہ وہ سنی ہی کیوں نہ ہو برے الفاظ، نامناسب عبارات سے نوازا اور تضعیف وتوہین کی ہے۔اور انتہائی افسوس کہ بعض دوسرے علماء نے بغیر سوچے سمجھے اور بغیر تحقیق وجستجو کے جوزجانی کی عبارات ہی کو دوسرے لفظوں میں دہرایا ہے۔

جوزجانی کہ جو ان تمام تضعیفات کی بنیاد ہے، حق یہ ہے کہ وہ علماء و بزرگان اہل سنت کی نظر میں کوئی اعتبار نہیں رکھتا، علماء اس کو ناصبی مانتے ہیں، اس کے اوراس کے ماننے والوں کے نظریات کو کوئی اہمیت نہیں دیتے۔

جوزجانی، ابوصلت پر تہمتوں کی وجہ:

ابوصلت ہروی کی بلند و بالا شخصیت کو مجروح ومخدوش ایک ناصبی انسان بنام ابراہیم بن یعقوب جوزجانی (۲۵۹ھ) نے کیا، اس نے ابوصلت کی بلا دلیل وسبب مخالفت کی ہے ان کا جرم صرف اتنا تھا کہ انہوں نے اہل بیت علیہم السلام کے فضائل ومناقب میں احادیث بیان کی ہیں جب کہ ان احادیث کی بہت سے اہل سنت علماء و بزرگوں جیسے یحی ابن معین وغیرہ نے تائید کی ہے ۔لیکن ابوصلت ہروی حضرت علیؑ کی محبت کے جرم میں مذکورہ ذیل عبارات و اوصاف سے نوازے جاتے ہیں:

کان ابو الصلت الهروی زائغاًعن الحق مائلاًعن القصد، سمعت من حدثنی عن بعض الآئمة انه قال فيه هو الكذب من روث حمار الدجال و كان قديماًمتلوثاً فی الاقذار۔(۱)

ابوصلت ہروی راہ حق سے منحرف، سیدھے راستے سے ہٹا ہوا تھا، میں نے ان علماء سے سنا کہ جو بعض آئمہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ ابوصلت کذب و جھوٹ اور دجال کے گدھے کی لیدھ ہے، وہ پہلے ہی سے گندگیوں میں آلودہ تھا۔

اور بہت سے افراد نے غور وتامل کیے بغیر صرف جوزجانی کے کلام پر اعتماد کرتے ہوئے ابوصلت کی تضعیف کی ہے جیسا کہ بیان ہو چکا ہے۔

---

(۱) احوال الرجال، ص ۲۰۵، شمارہ ۳۷۹۔

اہل سنت کے علماء و بزرگوں کا اعتراف کہ جوزجانی دشمن اہل بیتؑ ہے۔

جوزجانی ناصبی کی تضعیف کا کوئی اعتبار نہیں ہے اور ابوصلت کی شخصیت پر کوئی نقص وارد نہیں ہوسکتا ہے۔ چونکہ اولاً جوزجانی علماء اہل سنت جیسے ابن شافعی، دارقطنی شافعی، ذہبی شافعی وابن حجر شافعی اور معاصرین میں سے غماری شافعی وحسن بن علی سقاف شافعی کے بقول حضرت علیؑ سے دل میں بغض وحسد رکھتا تھا، ظاہر ہے کہ ایسا شخص یقیناً آپؑ کے فضائل کو رد کرے گا۔ اور آنحضرت واہل بیت علیہم السلام کے فضائل ومناقب نقل کرنے والے افراد کی تضعیف کرے گا۔

ابن عدی جرجانی شافعی لکھتا ہے:

کان مقیما بدمشق یحدث علی المنبر --- کان شدید المیل الی مذھب اھل دمشق فی التحامل علیٰ علی۔(۱)

وہ دمشق میں رہتا تھا اور منبر پر حدیثیں بیان کرتا تھا اور اہل دمشق کے مذہب کے طریقے پر علیؑ کی دشمنی پر بہت زیادہ مائل تھا۔

دارقطنی شافعی کہتا ہے:

فیه انحراف عن علی۔(۲) وہ حضرت علیؑ سے منحرف تھا۔

---

(۱) الکامل فی ضعفاء الرجال، ج۱ص۳۱۰، شمارہ ۱۳۲/۱۳۲۔

(۲) تہذیب التھذیب، ج۱ص۱۵۹، شمارہ ۳۳۲۔ معجم البلدان، ج۲ص۱۸۳۔

ابن حبان بستی شافعی کہتا ہے:

کان ابراهیم بن یعقوب جوزجانی ، حریزی المذهب۔(۱)

ابراہیم بن یعقوب جوز جانی حریزی المذہب (ناصبی و دشمن علیؑ) تھا۔

ابن حجر عسقلانی شافعی، ابن حبان بستی کے کلام کی توضیح یوں بیان کرتا ہے:

حریزی --- نسبة الی حریز بن عثمان المعروف بالنصب و کلام ابن عدی یؤید هذا ---(۲)

حریزی، حریز بن عثمان کی طرف نسبت ہے کہ جو بغض و دشمنی علیؑ میں معروف تھا ابن عدی کے کلام سے بھی اس مطلب کی تائید ہوتی ہے۔

ذہبی شافعی بھی ابن عدی شافعی کے کلام کو نقل کرنے کے بعد جوز جانی کے بارے میں کہتا ہے:

قدکان النصب مذهباً لاهل دمشق فی وقت۔(۳)

اس زمانے میں اہل دمشق کا مذہب بغض و دشمنی علیؑ تھا۔

ابن حجر عسقلانی شافعی بھی ابن حبان شافعی، ابن عدی شافعی اور دارقطنی کے کلاموں کو نقل کر کے جوز جانی کو ناصبی قرار دیتے ہوئے اس کی کتاب کو دلیل کے طور پر پیش کرتا ہے:

---

(۱) کتاب الثقات، ج۸،ص۸۱۔

(۲) تہذیب التہذیب، ج۱،ص۱۵۹،شمارہ ۳۳۲۔

(۳) میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ج۱،ص۷۶،شمارہ ۲۵۷۔

و کتابه فی الضعفاء یوضح مقالته۔۔۔(۱)

اس کی کتاب ضعفاء کے بارے میں اس کے عقیدے کی وضاحت کرتی ہے۔

اس کتاب میں تمام وہ افراد کہ جو محبان وشیعیان علیؑ ہیں یا آنحضرتؐ کے فضائل نقل کرتے ہیں سب کی تضعیف کی گئی ہے اور جگہ جگہ ان لوگوں کی توہین و نامناسب کلمات سے یاد کیا گیا ہے۔ اسی بناء پر ابن حجر عسقلانی نے اس کی تضعیفات کو قبول نہیں کیا اور ان کو بے اعتبار جانا ہے۔(۲)

ابن حجر ایک جگہ جوزجانی پر بہت سختی سے انتقاد واعتراض کرتا ہے:

الجوزجانی کان ناصبیاً منحرفاً عن علی، فهو ضد الشیعی المنحرف عن عثمان والصواب موالاتهما جمیعًا ولا ینبغی ان یسمع قول مبتدع فی مبتدع ۔(۳)

جوزجانی ناصبی اور علیؑ کی راہ سے منحرف ہے وہ ان شیعوں کا دشمن ہے کہ جو عثمان کو نہیں مانتے جبکہ صحیح عقیدہ علی وعثمان دونوں کی دوستی ہے اور یہ صحیح نہیں ہے کہ کسی ایک بدعتی کی بات کسی دوسرے بدعتی کے بارے میں سنی جائے۔

---

(۱) تہذیب التھذیب، ج۱، ص۱۵۹، شمارہ ۳۳۲۔

(۲) تہذیب التھذیب، ج۱، ص۸۱۔

(۳) ھدی الساری معروف بمقدمہ فتح الباری، ص۴۱۰۔

عبدالعزیز غماری شافعی جوزجانی کے بارے میں صاف صاف لفظوں میں بیان کرتا ہے:

ابو اسحاق جوزجانی هو ناصبی مشهور له صولات وجولات و تهاجمات شانئة فی القدح فی الآئمة الذین وصفوا بالتشیع حتی دعاه ذالك الی الکلام فی اهل الکوفة کافة، واخذ الحذر منهم و من روایاتهم و هذا معروف عنه ، مشهورله ، حتی نصوا علی عدم الالتفات الی طعنه فی الرجال الکوفیین او من کان علی مذهبهم فی التشیع ۔(۱)

ابواسحاق جوزجانی ناصبی ہے اور مشہور ہے کہ اس نے تمام شیعہ حضرات حتی تمام اہل کوفہ پر کافی تہمتیں لگائیں اور ان کی تضعیف و برائی میں بہت برے نامناسب الفاظ سے تذکرہ کیا حتی کہ بزرگوں کی بھی قدح و مذمت کی ہے، ان لوگوں سے روایات لینے سے منع کیا ہے یہ بات اس کے بارے میں معروف و مشہور ہے۔ انتہا یہ ہے کہ علماء نے جوزجانی کے متعلق کہا ہے کہ وہ اگر کسی اہل کوفہ یا کسی بھی شیعہ پر طعن و تشنیع کرے اور جرح و قدح کرے تو وہ قابل اعتبار نہیں ہے اور اس کے طعن پر اعتبار نہ کیا جائے ،شیعوں کے بارے میں جوزجانی کے کلام پر توجہ والتفات نہیں کرنا چاہیے۔

---

(۱) غماری شافعی، عبدالعزیز: بیان نکث الناکث، ص۵۴۔

حسن بن علی سقاف شافعی کہتا ہے:

الجوزجانی من السلف الطالح و هو احد المنحرفين عن الحق و يرمى الناس الانحراف قبحه الله تعالى ، وهو سباب شتام للصحابة الخيار البررة رضى الله عنهم و ميال للمجرمين۔(۱)

جوز جانی ماضی کے برے وپست ترین لوگوں میں سے ہے وہ راہ حق سے منحرف تھا وہ لوگوں پر منحرف ہونے کی تہمتیں لگا تا تھا، خدا اس کی صورت کو سیاہ کرے، وہ نیک اور اچھے صحابہ کرام کو بہت گالیاں بکتا اور بہت گندی باتیں کرتا اور مجرموں کی طرف مائل تھا۔

نتیجہ

اولاً، جوز جانی کی تضعیفات وجرح وقدح کے متعلق اہل سنت کے علماء و بزرگوں کے کلام کو مدنظر رکھتے ہوئے، خصوصاً شیعیان امیر المؤمنین اور اہل بیت طاہرین علیہم السلام کے متعلق یا ان افراد کے متعلق کہ جو فضائل اہل بیت میں روایات نقل کرتے ہیں جوز جانی کے بیان کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔

ثانیاً، جو روایات ابوصلت نے امیر المؤمنین اور اہل بیت طاہرین کے متعلق نقل کی ہیں ان کو علماء اہل سنت خصوصاً یحی ابن معین نے قبول کیا اور ان کی تائید میں ان روایات کو دوسرے طرق سے بھی نقل کیا ہے تا کہ ابوصلت اور ان روایات کی صحت میں کوئی شک باقی نہ رہے۔

---

(۱) محمد بن عقیل: العتب الجمیل علی اھل الجرح والتعدیل، تحقیق حسن بن علی سقاف شافعی، ص۱۲۲۔

ثالثاً، اگر یہی معیار رہے کہ ہر اس راوی کی تضعیف کی جائے کہ جو حضرت امیر المؤمنین علی علیہ السلام اور اہل بیت طاہرین علیہم السلام کے فضائل و مناقب میں روایات نقل کرتا ہے جیسا کہ جوزجانی کی روش ہے تو پھر بہت زیادہ راوی اور صحابہ و تابعین کی بے پناہ روایات کو نظر انداز کرنا پڑے گا اور ان سب کی تضعیف کرنی ہوگی بقول ذہبی شافعی:

فلو رد حديث هولاء لذهب جملة من الآثار النبوية ، و هذه مفسدة بينة۔(۱)

اگر ان افراد و حضرت امیر المؤمنینؑ کے شیعوں اور محبوں کے کلام کو رد کیا جائے تو احادیث نبوی میں سے ایک عظیم حصہ تباہ و برباد ہو جائے گا۔

رابعاً، ہماری گفتگو حدیث ایمان کے متعلق ہے کہ جو ابوصلت نے حضرت امام رضاؑ سے نقل کی ہے اور آپ نے اپنے آباء و اجداد سے روایت فرمائی ہے یہاں تک کہ سلسلہ حضرت علیؑ اور حضرت رسول اکرمؐ تک جا پہنچا ہے۔ اور اس کے علاوہ یہ حدیث دوسرے طریقوں سے بھی نقل ہوئی ہے کہ جو ابوصلت کے طریق کی تائید اور اس کو صحت و قوت بخشتے ہیں۔

خامساً، اہل سنت کے علماء کا ابوصلت کی تائید و توثیق کرنا، اس کی روایات پر اعتماد کرنا خصوصاً حدیث سلسلۃ الذھب اور اس سے بڑھ کر یہ کہ اس کو شفا بخش ماننا بلکہ ان اسناد کے ذریعہ شفا پانے و اس کا تجربہ حاصل کرنے کے بعد اصلاً راوی یا روایت کی نفی کا کوئی وہم و گمان بھی باقی نہیں رہتا۔

---

(۱) میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ج۱، ص۵۔

ابوصلت ہروی کے مذہب کے بارے میں گفتگو

ابوصلت کے مذہب کے بارے میں حق یہ ہے کہ اکثر علماء شیعہ ان کو شیعہ امامی مانتے ہیں(۱) سوائے شیخ طوسی (۲)اوران کی پیروی میں ابن داؤدحلی (۳)وعلامہ حلی (۴) کہ وہ ان کو عامی المذہب مانتے ہیں، لیکن اکثر علماء اہل سنت نے ابوصلت ہروی کوسنی المذہب مگرشیعیت کی طرف مائل قراردیا ہے۔ یہاں پر ایک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پھر کیوں اہل سنت کے کلام میں اکثر مواقع پر ابوصلت کے متعلق ''شیعی''،''شیعی جلد''،''رافضی خبیث'' جیسے الفاظ استعمال ہوئے ہیں؟ کہ یہ الفاظ اہل سنت کی جانب سے ابوصلت کے شیعہ ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔

اس سوال کا جواب یہ ہے کہ علم رجال اور خصوصاً اہل سنت کی نظر میں ان الفاظ کے خاص معانی ہیں جن کی وضاحت پیش کی جارہی ہے۔

---

(۱) رجال نجاشی ،ص ۲۴۵، شمارہ ۶۴۳۔ تنقیح المقال فی علم الرجال ، ج ۲،ص ۱۵۳۔ معجم رجال الحدیث و تفصیل طبقات الرواۃ، ج ۱۰،ص ۱۶-۱۸، شمارہ ۶۵۴۔

(۲) رجال طوسی ،ص ۳۸۰، شمارہ ۱۴، وص ۳۹۶، شمارہ ۵۔

(۳) کتاب الرجال ،ص ۴۷۴، شمارہ ۲۹۵۔

(۴) خلاصۃ الاقوال فی معرفۃ الرجال ،ص ۲۰۹، شمارہ ۶۷۲۔

اہل سنت کے نزدیک ''شیعہ''''شیعہ جلد''اور''رافضی خبیث'' جیسے الفاظ کے معانی

اہل سنت کی نظر میں لفظ شیعہ کا ملاً اصطلاح شیعہ امامیہ سے متفاوت ہے اس لیے کہ شیعہ امامیہ کی اصطلاح میں شیعہ اس کو کہا جاتا ہے کہ جو حضرت امیر المؤمنین علی علیہ السلام کی ولایت بلافصل کا معتقد اور ان کے بعد آپ کے گیارہ معصوم فرزندوں کی امامت کو مانتا ہو۔اور اصحاب آئمہ کا شیعہ ہونے کا مطلب یہ ہے وہ حضرت امیر المؤمنین علی علیہ السلام کی ولایت بلافصل اور ان کے بعد اپنے زمانے تک آپ کے معصوم فرزندوں کی امامت کا معتقد ہو یعنی جس امام کے زمانے میں زندگی بسر کر رہا ہو اس امام کو حجت الٰہی و امام برحق مانتا ہو۔جب کہ اہل سنت کے نزدیک شیعہ اور اس جیسے الفاظ کے معانی، مذکورہ معنی سے جدا ہیں۔لہذا کسی اہل سنت کے کسی شخص کو شیعہ کہنے سے اس شخص کے شیعہ ہونے پر دلیل نہیں ہو سکتی۔

اہل سنت کے نزدیک شیعہ کے متعلق دو نظریے ہیں، بعض افراد معتقد ہیں کہ شیعہ اس کو کہتے ہیں کہ جو حضرت علیؑ کا محبّ و دوست ہو اور آپ کو عثمان سے افضل مانتا ہو اور یہ عقیدہ رکھتا ہو کہ امام علی اپنی تمام جنگوں میں حق پر تھے اور ان کے مقابلے میں آنے والے باطل پر تھے لیکن شیخین (ابوبکر و عمر) کی حضرت علیؑ پر فوقیت و افضلیت کا قائل ہو۔(۱)

---

(۱) تہذیب التھذیب، ج۱ص۸۱۔ھدی الساری معروف بمقدمہ فتح الباری، ص۴۸۳۔

بعض دوسرے لوگ معتقد ہیں کہ شیعہ اس کو کہا جاتا ہے کہ جو حضرت علیؑ کو تمام صحابہ پر فوقیت دیتا ہو حتی شیخین سے بھی افضل مانتا ہو اور آپ کی افضلیت کا قائل ہو نہ کہ خلافت میں استحقاق خلافت کا۔(۱)

شیعہ غالی، جلد، ان الفاظ کے بارے میں بھی دو نظریے ہیں، بعض لوگوں کا خیال ہے کہ جو شخص حضرت علیؑ کو تمام صحابہ اور سب سے افضل مانتا ہو حتی شیخین سے بھی۔ (۲)

لیکن دوسرے افراد کہتے ہیں کہ شیعہ غالی یا جلد وہ ہے کہ جو حضرت علیؑ کو چاہتا ہو محبّ و دوست ہو لیکن آپ کو شیخین پر فوقیت نہیں دیتا فقط عثمان سے افضل مانتا ہو اور عثمان، معاویہ، طلحہ و زبیر اور تمام وہ افراد کہ جنہوں نے حضرت علیؑ سے جنگ کی ہے ان پر لعنت کرتا ہو۔(۳)

رافضی خبیث، تمام اہل سنت کے نزدیک رافضی خبیث اس کو کہا جاتا ہے کہ جو حضرت علیؑ کی محبت و دوستی کے ساتھ ساتھ آپ کو تمام صحابہ سے افضل مانتا ہو حتی شیخین سے بھی اور آنحضرت کو مستحق خلافت بلافصل کا معتقد ہو اور تمام غاصبین خلافت و شیخین سے بیزاری اور ان پر لعنت کرتا ہو۔(۴)

----

(۱) تہذیب التھذیب، ج۱،ص۸۱۔

(۲) میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ج۱،ص۵۔ ھدی الساری معروف بمقدمہ فتح الباری، ص۴۸۳۔

(۳) میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ج۱،ص۶۔

(۴) میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ج۱،ص۶۔ تہذیب التھذیب، ج۱،ص۸۱۔

لہذا شیعہ،شیعہ غالی، وجلد ان لوگوں کو کہا جاتا ہے کہ سنی مذہب ہیں لیکن شیعیت کی طرف مائل ہیں لیکن رافضی ایسے شخص کو کہتے ہیں کہ جو حضرت علی کی خلافت بلافصل کا معتقد ہو۔لیکن پھر بھی صرف اس جملے سے کسی کو شیعہ امامی ثابت نہیں کیا جا سکتا اس لیے کہ اس معنی رافضی میں فرقہ زیدیہ، کیسانیہ،اسماعیلیہ وواقفیہ وغیرہ بھی شامل ہیں۔

تحقیق وتبصرہ

مذکورہ معانی اوراہل سنت کے نظریات کو مدنظر رکھتے ہوئے صاف صاف کہا جا سکتا ہے کہ ابوصلت ہروی اہل سنت کی نظر میں سنی مذہب تھے لیکن رافضی نہیں تھے اور تاریخی واقعات سے بھی جس چیز کا استفادہ ہوتا ہے وہ یہی ہے کہ ابوصلت سنی مذہب اور شیعیت کی طرف مائل تھے لہذا ان کی اصطلاح میں شیعہ جلد وشیعہ غالی تھے۔وہ تاریخی واقعات کہ جو ابوصلت کے شیعہ جلد وشیعہ غالی ہونے پر دلالت کرتے ہیں وہ یہ ہیں:

۱- ابوصلت ہروی نے فضائل اہل بیتؑ میں روایات خصوصاً حضرت علیؑ کے فضائل میں بہت زیادہ روایات نقل کی ہیں جیسے حدیث ’’ انا مدینة العلم و علی بابها ‘‘(۱)اور حدیث سلسلة الذهب(۲)۔

---

(۱) تاریخ بغداد، ج۱۱،ص۵۱۔
(۲) اس کی تفصیل پہلی اور دوسری فصل میں بیان ہو چکی ہے۔

۲ -خطیب بغدادی شافعی، مروزی کی ''تاریخ مرو'' سے نقل کرتے ہوئے ابوصلت کے بارے میں کہتا ہے:

و کان یعرف بکلام الشیعة۔(۱) **ابوصلت معروف متکلم شیعہ ہے۔**

۳-وہی مروزی شافعی سے ہی ابوصلت ہروی کا عقیدہ خلفاء کے بارے میں اس طرح بیان کرتا ہے: ورائته یقدم ابابکر و عمر و یترحم علی علی و عثمان ولا یذکر اصحاب النبیؐ الا بالجمیل و سمعته یقول: ھذا مذھبی الذین ادین الله به۔(۲)

میں نے ابوصلت کو دیکھا کہ وہ ابوبکر وعمر کو مقدم رکھتے اور فوقیت دیتے، علی وعثمان پر ترحم و احترام کرتے اور اصحاب رسول خداؐ کو احترام سے یاد کرتے تھے اور کہتے تھے کہ یہی میرا مذہب وعقیدہ ہے۔

۴- مروزی شافعی فقط ابوصلت کی تضعیف کا ایک نقطہ بیان کرتا ہے وہ یہ کہ ابوصلت روایت مثالب کو بھی نقل کرتے جیسے ابوموسی اشعری، معاویہ اور بعض صحابہ کے بارے میں لہذا کہتا ہے:

الا انه ثم احادیث یرویها فی المثالب''(۳)

یہ کہ ابوصلت ان روایات کو بھی نقل کرتا ہے کہ جو مثالب (طعن و تشنیع) میں وارد ہوئی ہیں۔

۵- لیکن دوسرے مقام پر دار قطنی کا دعوی یہ ہے کہ ابوصلت ہروی بنی امیہ کے بارے میں اس طرح کہتا ہے:

---

(۱) و (۲) و (۳) تاریخ بغداد، ج۱۱، ص ۴۷-۴۸۔

كلب للعلوية خير من جميع بنى امية فقيل فيهم عثمان فقال فيهم عثمان۔(۱)

علوی کتا بھی بنی امیہ کے تمام افراد سے بہتر ہے کسی نے کہا بنی امیہ میں عثمان بھی ہے تو کہا ہاں عثمان سے بھی۔

یہ مطلب مروزی شافعی کے کلام کے منافی ہے اسی لیے ذہبی شافعی نے دارقطنی کے کلام کو رد کیا ہے اور اس کلام کی سند پر اعتراض کیا ہے(۲) جب کہ مروزی شافعی کے کلام کو ابوصلت کے بارے میں قبول کرتا ہے۔

نتیجہ

تمام گفتگو سے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ابوصلت سنی تھے اور شیخین کو خلیفہ مانتے تھے لیکن حضرت علیؑ کی طرف بہت مائل تھے اور آپ کی شأن وفضائل میں بہت سی روایات نقل کرتے ہیں، ابو موسی اشعری، معاویہ اور دیگر بنی امیہ کے مخالف تھے یہی وجہ رہی کہ ان کو شیعہ، شیعہ غالی وشیعہ جلد جیسے الفاظ سے یاد کیا گیا۔

بنابراین عقیلی مکی اور دارقطنی شافعی نے ابوصلت کو رافضی کہا ہے یہ بے بنیاد دعوی ہے اس پر کوئی دلیل ومدرک نہیں ہے۔

---

(۱) تاریخ بغداد، ج۱۱، ص۴۷-۴۸۔

(۲) تہذیب تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۶، ص۹۲، شمارہ ۴۰۹۷۔

چوتھا باب

دیگر احادیث

تمام احادیث سلسلة الذہب

اب تک دو حدیثین ، حدیث ایمان ، وحدیث حصن کہ جو سلسلة الذهب کے نام سے معروف ہیں ، بیان ہوچکی ہیں ، اب اس حصہ میں دیگر وہ احادیث کہ جن کی اسناد سلسلة الذہب ہی کی طرح ہیں لیکن مطالب حدیث ایمان وحصن سے جدا ہیں اور حضرت امام رضاؑ نے ان کو بھی اپنے اباء واجداد طاہرینؑ ہی سے تسلسل کے ساتھ نقل فرمایا ہے نیز علماء اہل سنت نے اپنی معتبر کتابوں میں ان کو درج کیا ہے، بیان کی جا رہی ہیں:

۱-ابن نجار شافعی (۶۴۳ھ) اپنی اسناد کے ساتھ عبداللہ ابن احمد بن محمد بن حنبل سے کہ اس نے اپنے والد سے اور انہوں نے حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے اپنے آباءواجداد طاہرینؑ سے انہوں نے رسول اکرمؐ سے نقل فرمایا ہے کہ حضرت رسول اکرمؐ کا ارشاد گرامی ہے:

مامن قوم کانت لهم مشورة فحضر معهم من اسمه احمد و محمد فشاروه الاخير لهم۔(۱)

کوئی بھی قوم وقبیلہ جب کبھی آپس میں مشورہ کرے اور ان کے درمیان محمد یا احمد نامی شخص بھی ہو تو خداوند عالم اس مشورے میں نیکی و بھلائی قرار دیتا ہے۔

---

(۱) ذیل تاریخ بغداد، ج ۱۹، ص ۱۳۵۔

۲ -ابن نجار شافعی اپنی اسناد کے ساتھ یوسف بن عبداللہ غازی سے کہ وہ حضرت امام رضاؑ سے نقل کرتا ہے کہ آپ نے اپنے آباء و اجداد طیبین طاہرین ؑ سے نقل فرمایا انہوں نے امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

یقول الله تبارك وتعالى : يابن آدم ماانصفتنى ، أ تحبب اليك بالنعم و تنقمت الى بالمعاصى ، خيرى عليك منزل و شرك الى صاعد ولا يزال ملك كريم يعطينى عنك كل يوم و ليلة بعمل قبيح ، يابن آدم لو سمعت وصفك من غيرك وانت لاتدرى من الموصوف لسارعت الى مقته۔(۱)

خداوند عالم نے آولاد آدم کو مخاطب کر کے فرمایا: اے فرزند آدم ! میرے ساتھ تو نے انصاف نہیں کیا میں تیرے لیے نعمتیں بھیج کر تجھ سے محبت کرتا ہوں اور تو گناہ انجام دے کر میرے عقاب وناراضگی کا سبب بنتا ہے، میری نیکیاں وعنایات تجھ پر برس رہی ہیں اور تیرے گناہ و برائیاں آسمان چھور ہی ہیں، ہمیشہ شب و روز کاتبان اعمال فرشتے مجھ تک تیرے گناہ و بدکاریوں کو پہنچاتے ہیں۔اے فرزند آدم! اگر اپنی برائیوں کو کسی دوسرے کی زبانی سنے اور تجھ کو یہ معلوم نہ ہو کہ یہ برے اعمال کس کے ہیں تو فوراًاس پر غضبناک ومتنفر ہو جائے گا۔

۳- محمد بن سلامۃ قضاغی شافعی (۴۵۴ھ) اپنی اسناد کے ساتھ حضرت امام رضاؑ سے نقل کرتا ہے کہ آپ نے اپنے آباؤ اجداد طیبین وطاہرینؑ سے نقل فرمایا۔

---

(۱) ذیل تاریخ بغداد، ج۱۹،ص۱۳۵۔التدوین فی اخبار قزوین، ج۳،ص۴۔

انہوں نے امیرالمؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اورآپ نے رسول خداؐ سے کہ آنخضرتؐ نے ارشادفرمایا:

من عامل الناس فلم يظلمهم و حدثهم فلم يكذبهم و وعدهم فلم يخلفهم فهو ممن كملت مرؤته و ظهرت عدالته و وجبت اخوته و حرمت غيبته۔(۱)

جوشخص لوگوں کے ساتھ اچھابرتاؤ کرےاوران پرظلم نہ کرےاوران سے وعدہ کرےاور وعدہ خلافی انجام نہ دےاس شخص کی مروت کامل،عدالت واضح وروشن،اس سے اخوت و بھائی چارگی لازم وضروری اوراس کی غیبت حرام ہے۔

۴-بیہقی شافعی (۴۵۸ھ) اپنی اسناد کے ساتھ حضرت امام رضاؑ سے نقل کرتا ہے کہ آپ نے اپنے آباؤاجدادطیبین وطاہرینؑ سے نقل فرمایاانہوں نے امیرالمؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اورآپ نے رسول خداؐ سے کہ آنخضرتؐ نے ارشادفرمایا:

رأس العقل بعد الدين التودد الى الناس واصطناع الخير الى كل بر و فاجر (۲)۔

اصل واساس عقل، دین کے بعدلوگوں سے دوستی واظہارمحبت اور ہرنیک وبدانسان کے لیےاچھائی چاہناہے۔

---

(۱) مسندالشہاب،ج۱،ص۳۲۲۔دیکھیے الکفایۃ فی علم الروایۃ،ج۱،ص۸۷،ح۵۴۳۔

(۲) شعب الایمان،ج۶،۲۵۶،ح۸۰۶۲۔

۵-ابونعیم اصفہانی شافعی (۴۳۰ھ) اپنی اسناد کے ساتھ حضرت امام رضاؑ سے نقل کرتا ہے کہ آپ نے اپنے آباؤ اجداد طیبین وطاہرینؑ سے نقل فرمایا انہوں نے امیرالمؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

اشد الاعمال ثلاثة : اعطاء الحق من نفسك وذكر الله على كل حال ومواساة الاخ في المال۔(۱)

سخت ترین اعمال تین ہیں: اپنی ذات پر حق کا نفاذ، ہر حال میں ذکر خدا کرنا اور اپنے دینی بھائیوں کی مالی مدد کرنا۔

۶- ابونعیم اصفہانی شافعی (۴۳۰ھ) نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباؤ اجداد طیبین وطاہرینؑ سے نقل فرمایا انہوں نے امیرالمؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

العلم خزائن و مفتاحها السؤال: فاسئلوا ، يرحمكم الله فانه يؤجر فيه اربعة السائل والمعلم والمستمع والمجيب لهم والمحب له۔(۲)

---

(۱) حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ج۱،ص ۸۵۔

(۲) ابونعیم شافعی اصفہانی اس حدیث کے بارے میں کہتا ہے: ’’هذا حديث غريب من هذا الوجه لم نكتبه الا بهذا الاسناد‘‘ یہ حدیث عجیب غریب اس وجہ سے ہے کہ اس کو ہم ان اسناد کے علاوہ نہیں لکھتے ہیں: حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ج۳،ص ۴۲۸۔البتہ اس مدرک میں ’’والمحب لہ‘‘ نہیں ہے، بلکہ التدوین فی اخبار قزوین، ج۳،ص ۴۲۸۔میں یہ جملہ موجود ہے۔

علم ایک ایسا خزانہ ہے کہ جس کی چابی سوال ہے لہذا سوال کرو خدا تم پر رحمت کرے، اس لیے کہ اس میں چار افراد کو اجر وثواب ملتا ہے: سوال کرنے والے کو استاد کو سننے والے کو اور جواب دینے والے کو اور سوال کو دوست رکھنے والا بھی ماجور ہے۔

۷- داؤد بن سلمان نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباؤ اجداد طیبین وطاہرینؑ سے نقل فرمایا انہوں نے امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

لا یزال الشیطان ذعراً من المؤمن ماحافظ علی الصلوات الخمس ، فاذا ضیعهن تجرأ علیه و اوقعه فی العظائم۔(۱)

شیطان ہمیشہ اس بندہ مؤمن سے ڈرتا ہے کہ جو نماز پنجگانہ پابندی کے ساتھ بجالاتا ہے۔ لیکن جب وہ نماز چھوڑ دیتا ہے تو شیطان اس پر مسلط ہوجاتا ہے اور اس کو گناہان کبیرہ میں پھانس دیتا ہے۔

۸- داؤد بن سلمان نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباؤ اجداد طیبین وطاہرینؑ سے نقل فرمایا انہوں نے امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

---

(۱) التدوین فی اخبار قزوین، ج۲،ص۱۲۵۔

خیرالاعمال عند الله تعالی ایمان لا شك فیه و غزو لا غلول فیه ---(۱)

خداوند عالم کے نزدیک سب سے بہترین اعمال وہ ایمان ہے کہ جس میں کوئی شک وشبہہ نہ ہواور وہ جہاد ہے کہ جس میں کوئی خیانت ودھوکا نہ ہو۔

۹ - داؤد بن سلمان نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباؤاجداد طیبین وطاہرینؑ سے نقل فرمایا انہوں نے امیرالمؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

من مر علی المقابر فقرأ فیها احدی عشر مرة قل هوالله احد ثم وهب اجره للاموات اعطی من الاجر بعددالاموات۔(۲)

جو شخص بھی قبرستان سے گذرے اور وہاں گیارہ مرتبہ سورہ قل ھواللہ پڑھ کر مردوں کو بخش دے تو خداوند عالم اس کو اس قبرستان میں مدفون مردوں کی تعداد میں ثواب عطا کرے گا۔

۱۰-علی بن حمزہ علوی نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباؤاجداد طیبین وطاہرینؑ سے نقل فرمایا انہوں نے امیرالمؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

---

(۱) التدوین فی اخبار قزوین، ج۲،ص۱۲۶۔ یہ روایت رسول اکرمؐ سے دوسرے طریقوں سے بھی نقل ہوئی ہے۔دیکھیے: مسند احمد ابن حنبل، ج۳،ص۲۵۸۔

(۲) التدوین فی اخبار قزوین، ج۳،ص۲۹۷۔

تعلموا من انسابكم ماتصلون به ارحامكم ، فان صلة الرحم منسأة فى الاجل مثراة للمال مرضاة للرب تعالى۔(۱)

اپنے خاندانی شجرہ نسب کواس حدتک یادکروکہ جن پرصلہ رحم کرنا چاہیےاس لیے کہ صلہ رحم موت کوٹالتا ہے،مال میں اضافہ کرتا ہےاور پروردگارکوراضی وخوشنودکرتا ہے۔

۱۱-احمد بن عامر طائی نے حضرت امام رضاؑ سےنقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباؤاجداد طیبین وطاہرینؑ سےنقل فرمایاانہوں نے امیرالمؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سےاورآپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشادفرمایا:

من حفظ على امتى اربعين حديثاً ينتفعون بها ، بعثه الله يوم القيامة فقيهاً عالماً (۲)۔

میری امت میں سے جوشخص بھی چالیس احادیث حفظ کرےاوران سےلوگوں کو فائدہ پہنچائے،خداوندعالم اس کوروزقیامت فقیہ وعالم محشورکرے گا۔

۱۲-شبلنجی شافعی نے بطورمرسل حضرت امام رضاؑ سےنقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباؤاجدادطیبین وطاہرینؑ سےنقل فرمایاانہوں نے امیرالمؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سےاورآپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشادفرمایا:

---

(۱) موضح اوھام الجمع والتفریق،ج۲،۴۵۴۔

(۲) مسندالامام زید،ص۴۴۳۔العلل المتناھیہ،ج۱،ص۱۱۹۔

من لم یؤمن بحوضی فلا اوردہ اللہ تعالی حوضی ، ومن لم یؤمن بشفاعتی فلا اناله الله شفاعتی ۔ ثم قال انما شفاعتی لاھل الکبائر من امتی فاما المحسنون فما علیھم من سبیل۔(۱)

جو شخص بھی میرے حوض کوثر پر ایمان نہ رکھتا ہو خداوند عالم اس کو میرے حوض پر وارد نہیں کرے گا۔اور جو میری شفاعت پر ایمان نہ رکھتا ہو خدا اس کے نصیب میں میری شفاعت قرار نہیں دے گا۔ پھر فرمایا میری شفاعت ان لوگوں کو بھی نصیب ہوگی کہ جو گناہ کبیرہ کے مرتکب ہوئے ہیں لیکن اچھے کام کرنے والے اور نیک افراد سے کوئی مواخذہ و باز پرس نہیں ہوگی۔

۱۳- شبلنجی شافعی نے بطور مرسل حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباؤ اجداد طیبین و طاہرینؑ سے نقل فرمایا انہوں نے امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

لا یکون الی یوم القیامۃ مؤمن الا ولہ جار یؤذیہ۔(۲)

روز قیامت تک کوئی مؤمن نہیں ہے مگر یہ کہ اس کا پڑوسی اس کو پریشان کرتا ہوگا۔

۱۴- شبلنجی شافعی نے بطور مرسل حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباؤ اجداد طیبین و طاہرینؑ سے نقل فرمایا انہوں نے امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

---

(۱)و(۲) نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص ۲۳۷۔

الشیب فی مقدم الرأس یمن، وفی العارضین سخاء و فی الذوائب شجاعة و فی القفاء شؤم۔(۱)

سر کے اگلے حصے کے بالوں میں سفیدی برکت کی علامت ہے اورسر کے دونوں طرف کے بالوں میں سفیدی باعث سخاوتمندی ہے اور زلفوں میں شجاعت کی علامت ہے اورسر کے پیچھے کے بالوں میں سفیدی بدبختی کی علامت ہے۔

۱۵- شبلنجی شافعی نے بطور مرسل حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباؤ اجداد طیبین و طاہرینؑ سے نقل فرمایا انہوں نے امیرالمؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

لما اسری بی السماء رأیت رحماً معلقة فی العرش تشکوا رحماً الی ربها انها قاطعة لها قلت : کم بینك و بینها من اب ؟ قالت : تلتقی فی اربعین اباً۔(۲)

جب مجھ کو شب معراج آسمان کی سیر کرائی گئی میں نے کچھ لوگوں کو دیکھا کہ جو خداوند عالم کے حضور قطع رحم کی شکایت کررہے تھے، میں نے ان سے سوال کیا کہ تمہارے اوراس شخص کے درمیان کہ جس کی شکایت کررہے ہو کتنی نسلوں اور پشتوں کا فاصلہ ہے تو جواب دیا چالیس پشتوں کا۔

---

(۱)و(۲) نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار،ص۲۳۷۔

حرف آخر

اب تک کی تمام گزارشات سے اس طرح نتیجہ نکلتا ہے:

۱-حضرت امام رضاؑ کا شہر نیشاپور میں وارد ہونا، آپ کا حدیث سلسلۃ الذھب ارشاد فرمانا اور علماء و عوام اہل سنت کی جانب سے آنحضرتؑ کا بے نظیر استقبال ایک مسلم، تاریخی اور غیر قابل انکار واقعہ ہے۔

۲- حدیث سلسلۃ الذھب حصن یا ایمان کی متن و دلالت کے ساتھ اہل سنت کی کتابوں میں مستفیض بلکہ متواتر ہے۔ یہاں تک کہ ان دونوں احادیث کا مختلف کتابوں میں پایا جانا شیعہ منابع کے ساتھ ساتھ پھر ان کا مختلف طرق کے ساتھ اسی دور میں علماء طرفین کا تحریر کرنا دونوں متن کے متواتر ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

۳- یہ حدیث شریف مختلف طرق کے ساتھ اہل سنت کی کتابوں میں مذکور ہے اور علماء و بزرگان اہل سنت نے اس کی تائید کی ہے لہذا اس حدیث کا صحاح ستہ میں نہ پایا جانا اس کے ضعف و کمزور ہونے پر دلیل نہیں ہے چونکہ بعض محققین اہل سنت کا کہنا ہے کہ بہت زیادہ احادیث صحیحہ ہیں کہ جو صحاح ستہ میں ذکر نہیں ہوئی ہیں لہذا احادیث صحیحہ کو صرف صحاح ستہ میں تلاش کرنا کافی نہیں ہے جبکہ یہ ایمان والی حدیث سنن ابن ماجہ میں مذکور ہے۔

مذکورہ بالا مطالب کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر محقق و منصف مزاج انسان کے سامنے دو اہم اور بنیادی سوال پیدا ہوتے ہیں۔

پہلا سوال

حضرت امام علی رضاؑ کا نیشاپور تشریف لانا اور حدیث سلسلۃ الذھب کا ارشاد فرمانا، اس کو دس یا بیس یا تیس ہزار لوگوں کا لکھنا، اور پھر تقریباً نوے علماء و رجال اہل سنت کا روایت کرنا، اس کا سیکڑوں معتبر کتابوں میں درج کرنا، حدیث شریف اور سلسلہ سند حدیث کو عجیب و غریب الفاظ سے یاد کرنا، یہ تمام باتیں اس مطلب کی طرف متوجہ کرتی ہیں کہ کیوں اور کس دلیل پر مؤلفین صحاح نے اس حدیث شریف کو اپنے مجموعہ احادیث میں ذکر نہیں کیا(۱) حتی اس عظیم واقعہ کی طرف اشارہ بھی نہیں کیا؟۔

واقعاً تمام علماء اہل سنت و علماء نیشاپور اور مؤلفین صحاح کی حضرت امام رضاؑ اور آپ کی احادیث خصوصاً حدیث سلسلۃ الذھب کے بارے میں یہ دورخی کیوں اور کس لیے ہے؟

دوسرا سوال

علماء اہل سنت حضرت امام رضاؑ کی علمی و معنوی شخصیت کے بارے میں عجیب و غریب الفاظ کے ساتھ تذکرہ کرتے ہیں، آپؑ کے لیے ایک عظیم مقام و مرتبہ کے قائل ہیں اور مختلف عبارات و الفاظ جیسے ''ثقة یفتی بمسجد رسول الله و هو ابن نیف و عشرین سنة''(۲)

---

(۱) البتہ حدیث ایمان سنن ابن ماجہ میں ذکر ہوئی ہے جیسا کہ بیان ہو چکا ہے۔

(۲) حضرت امام علی بن موسی الرضا قابل اعتماد ہیں آپ ۲۴ سال کی عمر میں مسجد رسول میں بیٹھ کر لوگوں کو فتوی دیتے تھے۔ تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔

''ماسئل الرضا عن شئ الا علمه ''(۱)'' افتی وھو شاب فی ایام مالك ابن انس ''(۲)''احد اکابر الآئمة و مصابیح الامة من اھل بیت النبوة و معادن العلم والعرفان ''(۳)، اس طرح کی بکثرت عبارات کہ جو آپ کی عظمت ومقام ومرتبت کی وضاحت کے لیے کافی ہیں، لیکن یہ دیکھنا چاہیے کہ ان لوگوں نے کس طرح اس عظیم و بحر بیکراں کے علم سے استفادہ کیا؟ حضرت امام رضاؑ سے معنوی وعلمی استفادہ کا ایک طریقہ یہ ہے کہ آپ کی زبان مبارک سے جو احادیث معارف صادر ہوئی ہیں اوران کو راویوں نے نقل کر کے اپنے بعد والی نسلوں کے حوالے کیا ہے اوران کو اسی دوران آنحضرتؑ کے چاہنے والوں نے ایک مجموعہ کی شکل میں جمع آوری وتالیف کر دیا تھا کہ جو''صحیفۃ الرضا'' یا''مسند الرضا'' کے نام سے مشہور ہیں تا کہ تمام تشنگان علوم ومعارف اس سے کما حقہ استفادہ کر سکیں۔

---

(۱) حضرت امام علی رضاؑ سے جو بھی سوال ہوتا آپ اس کا جواب ارشاد فرماتے۔الفصول المہمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ، ص ۲۴۱۔

(۲) حضرت امام رضاؑ جوانی میں امام مالک بن انس (اہل سنت کے چار اماموں میں سے ایک امام) کے زمانے میں فتوی دیتے تھے۔سیر اعلام النبلاء، ج ۹، ص ۳۸۸۔

(۳) حضرت امام رضاؑ بزرگ وعظیم امام، امت کے لیے مشعل ہدایت، اہل بیت نبوت ومعدن علم وعرفان ہیں۔جامع کرامات الاولیاء، ج ۲، ص ۳۱۱۔

جن لوگوں نے صحیفہ ومسند یا انفرادی طور سے ایک ایک حدیث کو حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے ان میں ابوصلت ہروی، علی بن صدقہ رقی، داؤد بن سلیمان جرجانی، احمد بن عامر طائی، حسن بن فضل بن عباس اور متعدد دوسرے افراد ہیں کہ جن کے نام مختلف ومتفرق طریقے پر اور بے توجہی و بے اعتنائی کے ساتھ اہل سنت کی کتابوں میں درج ہوئے ہیں، تاکہ اہل جرح وتعدیل ان راویوں کو بغیر دلیل کے تضعیف کرسکیں اور ان کی روایات کو بے اعتبار بنا کر پیش کیا جاسکے۔(۱)

لہذا یہاں پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے ایک طرف تو علماء و بزرگان اہل سنت کی جانب سے حضرت امام رضاؑ کی شخصیت اور مقام علمی ومعنوی کا اعتراف اور دوسری طرف ان روایات و راویوں کی بغیر دلیل کے اور تعصب کی وجہ سے تضعیف کرنا کہ جنہوں نے آنحضرتؑ سے روایات نقل کی ہیں گویا آپؑ سے علمی ومعنوی استفادہ کے راستوں کو بند کرنا۔ یہ رنگی و بے اعتنائی کس لیے ہے اور اس کا کیا مطلب ہے؟!

---

(۱) کتاب المجروحین، ج۲، ص۱۰۶۔ کتاب الثقات، ج۸، ص۴۵۷۔

کتاب نامہ

الف) اہل سنت

حنبلی

۱- التبیین فی انساب القرشیین، ابن قدامہ مقدسی حنبلی، موفق الدین ابومحمد عبداللہ بن احمد بن محمد (۶۲۰ھ)، چ ۲، عالم الکتب، مکتبہ النھضة العربیة، بیروت ۱۴۰۸ھ۔

۲- حاشیہ ابن القیم، ایوب زرعی حنبلی، ابوعبداللہ محمد بن ابی بکر (۷۵۱ھ)، چ ۲، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۵ھ۔

۳- الذیل علی طبقات الحنابلہ، ابن رجب حنبلی، زین الدین ابوالفرج عبدالرحمٰن بن شھاب الدین احمد بن رجب (۷۹۵ھ)، چ ۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت ۱۴۱۷ھ۔

۴- زوائد تاریخ بغداد علی الکتب الستہ، خلدون احدب حنبلی، چ ۱، دار القلم، دمشق، ۱۴۱۷ھ۔

۵- شذرات الذھب فی اخبار من ذھب، ابن عماد حنبلی، شھاب الدین (۱۰۸۹ھ)، چ ۱، دار ابن کثیر، دمشق ۱۴۰۶ھ۔

۶-ضعف الجامع الصغیر وزیادتہ (الفتح الکبیر)، البانی حنبلی، محمد ناصر الدین، چ ۳، المکتب الاسلامی، بیروت، ۱۴۱۰ھ۔

۷-ضعیف سنن ابن ماجہ، چ۱، المکتب الاسلامی، بیروت، ۱۴۰۸ھ۔

۸-الطبقات الحنابلہ، ابن ابی یعلی حنبلی، ابوالحسین محمد بن محمد بن حسین (۵۲۶ھ)، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت ۱۴۱۷ھ۔

۹ - العلل المتناھیہ فی الاحادیث الواھیہ، ابن جوزی حنبلی، ابوالفرج عبدالرحمٰن (۵۹۷ھ)، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۰۳ھ۔

۱۰- کتاب الضعفاء والمتروکین، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بغداد، ۱۴۰۶ھ۔

۱۱- المسند، احمد بن حنبل (۲۴۱ھ)، دارصادر، بیروت۔

۱۲- المعجم الاوسط، طبرانی شامی حنبلی، سلیمان بن احمد (۳۶۰ھ)، چ ۱، دارالفکر، عمان، ۱۴۲۰ھ۔

۱۳- المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ابن جوزی حنبلی، ابوالفرج عبدالرحمٰن (۵۹۷ھ)، چ۱، دارالفکر، بیروت ۱۴۱۵ھ۔

۱۴-الموضوعات، چ ۲، دارالفکر، بیروت، ۱۴۰۳ھ۔

حنفی

۱۵-الامالی الخمیسہ، شجری جرجانی حنفی، یحی بن حسین (۴۹۹ھ)، چ ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۲ھ۔

۱۶- اسرار الشریعہ یا الفتح الربانی والفیض الرحمانی، نابلسی دمشقی حنفی، عبدالغنی بن اسماعیل (۱۱۴۳ھ)، چ ۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۰۵ھ۔

۱۷- اتحاف السادۃ المتقین بشرح اسرار احیاء علوم الدین، زبیدی حنفی، سید محمد بن محمد (۱۲۰۵ھ)، خزانۃ السادات، مصر۔

۱۸- تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، سبط ابن جوزی حنفی (۶۵۴ھ)، چ ۱، موسسۃ اھل البیت، بیروت، ۱۴۱۷ھ۔

۱۹- الجواہر المضیۃ فی طبقات الحنفیہ، عبدالقادر قرشی حنفی، ابومحمد محی الدین عبدالقادر بن محمد بن محمد بن نصر اللہ بن سالم بن ابی الوفاء (۷۷۵ھ)، چ ۲، مؤسسہ الرسالہ، بیروت ۱۴۱۳ھ۔

۲۰- ربیع الابرار ونصوص الاخبار، زمخشری حنفی ☆، ابوالقاسم محمود بن عمر (۵۳۸ھ)، چ ۱، موسسۃ الاعلمی للمطبوعات، بیروت ۱۴۱۲ھ۔

۲۱- الرفع والتکمیل فی الجرح والتعدیل، لکھنوی حنفی، ابوالحسنات محمد عبدالحی (۱۳۰۴ھ)، تحقیق: عبدالفتاح ابوغدہ، موسسۃ قرطبہ، حلب۔

۲۲- شرح سنن ابن ماجہ، سندی حنفی، ابوالحسن (۱۱۳۸ھ)، چ ۲، دار المعرفۃ، بیروت، ۱۴۱۸ھ۔

☆ حاجی خلیفہ نے اپنی کتاب کشف الظنون میں زمخشری کو حنفی تحریر کیا ہے۔

۲۳- الطبقات السنیة فی تراجم الحنفیة، عبدالقادر تمیمی مصری حنفی، تقی الدین بن عبدالقادر (۱۰۰۵ھ) ، چ۱، دارالرفاعی، ریاض ۱۴۰۳ھ۔

۲۴- الفوائدالمجموعة فی الاحادیث الموضوعة، شوکانی صنعانی حنفی، محمد بن علی (۱۲۵۰ھ)، دارالکتب العلمیہ، بیروت۔

۲۵ - کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون، حاجی خلیفہ حنفی (۱۰۶۷ھ) ، دارالفکر، بیروت، ۱۴۰۲ھ۔

۲۶ - الکنی والاسماء، دولابی حنفی، ابوبشر محمد بن احمد بن حماد (۳۱۰ھ)، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۰ھ۔

۲۷ - مسندالامام زید، شیخ عبدالواسع بن یحی واسعی یمانی حنفی ، منشورات دارمکتبة الحیاة، بیروت، ۱۹۶۶ء۔

۲۸ - معارج الوصول الی معرفة فضل آل الرسول والبتول، زرندی حنفی جمال الدین محمد بن یوسف (۷۵۷ھ)، تحقیق: محمد کاظم محمودی، چ۱، مجمع احیاء الثقافة الاسلامیہ، قم، ۱۴۲۴ھ۔

۲۹ - مفتاح النجا فی مناقب آل عبا، بدخشی حنفی، میرزا محمد خان (بارہوی صدی ہجری)، نسخہ خطی، آیت اللہ العظمی مرعشی نجفی لائبریری، قم۔

۳۰ - مہمان نامہ بخارا، خنجی اصفہانی حنفی، فضل اللہ بن روز بہان (۹۲۷ھ) ، چ۲، نشر بنگاہ ترجمہ ونشر کتاب، تہران۔

۳۱- النجوم الزاھرہ فی ملوک مصر و القاھرہ،ابن تغری بردی اتا بکی حنفی ، جمال الدین ابومحاسن یوسف(۸۷۴ھ)،چ۱،دارالکتب العلمیۃ ، بیروت ۱۴۱۳ھ۔

۳۲-وسیلۃ الخادم الی المخدوم درشرح صلوات چہاردہ معصوم، خنجی اصفہانی حنفی،فضل اللہ بن روزبہان(۹۲۷ھ)،چ۱،انتشارات انصاریان،قم ۱۳۷۵ش(ایرانی سال)

۳۳- ینابیع المودۃ لذوی القربی، قندوزی حنفی،سلیمان بن ابراہیم(۱۲۹۴ھ) ،چ۲، دارالاسوۃ،قم ۱۴۲۲ھ۔

شافعی

۳۴-الاربعین حدیثا،آجری شافعی،ابوبکرمحمد بن حسن(۳۶۰ھ)،چ۱،مکتبۃ المعلا،کویت ،۱۴۰۸ھ۔

۳۵- اسنی المطالب فی مناقب سیدنا علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجھہ، جزری شافعی،ابوالخیر شمس الدین محمد بن محمد بن محمد(۸۳۳ھ)،مکتبۃ الامام امیرالمؤمنینؑ،اصفہان۔

۳۶-الانساب، سمعانی تمیمی شافعی،ابوسعدعبدالکریم بن محمد بن منصور(۵۶۲ھ) ،چ۱، دارالکتب العلمیۃ، بیروت،۱۴۰۸ھ۔

۳۷-الاتحاف بحب الاشراف،شبراوی شافعی، شیخ عبداللہ بن محمد بن عامر(۱۱۷۲ھ) ، چ۱،دارالکتاب الاسلامی،ایران،۱۴۲۳ھ۔

۳۸-الاعتصام بحبل الاسلام،تابعی شافعی،شیخ احمد،چ۱،مطبعۃ السعادۃ،قاہرہ،۱۳۲۷ھ۔

۳۹-الاعتقاد والهدایه الی سبیل الرشاد، بیهقی شافعی ، احمد بن حسین (۴۵۸ھ) ، چ۱، دارالآ فاق الجدیدة، بیروت، ۱۴۰۱ھ۔

۴۰-البدایه والنهایه، ابن کثیر دمشقی شافعی، ابوالفداء (۷۷۴ھ)، چ۵، دارالکتب العلمیه ، بیروت، ۱۴۰۹ھ۔

۴۱- بیان نکت الناکث المعتدی ،غماری شافعی ،عبدالعزیز، چ۳،نشر دارالامام النووی، اردن۔

۴۲-تاریخ اصفهان (ذکر اخبار اصبهان) ، ابونعیم اصفهانی شافعی ، احمد بن عبدالله (۴۳۰ھ)، چ۳، دارالکتب العلمیه ، بیروت، ۱۴۱۰ھ۔

۴۳-تاریخ الاسلام ووفیات المشاهیر والاعلام، ذهبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ) ، چ ۱، دارالکتاب العربی، بیروت، ۱۴۱۱ھ۔

۴۴- تاریخ بغداد، خطیب بغدادی شافعی، احمد بن علی (۴۶۳ھ)، چ۱، دارالکتب العلمیه بیروت، ۱۴۱۷ھ۔

۴۵-تاریخ دمشق الکبیر، ابن عساکر شافعی، ابوالقاسم علی بن حسین بن هبة الله (۵۷۱ھ) ، چ۱، داراحیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۲۱ھ۔

۴۶ -تحفة الاشراف بمعرفة الاطراف مع النکت الظراف ابن حجر عسقلانی شافعی (۸۵۲ھ)، مزی شافعی ، یوسف بن عبدالرحمٰن (۷۴۲ھ) ، چ۲، المکتب الاسلامی والدار القیمه ، بیروت ۱۴۰۳ھ۔

۴۷- تدریب الراوی فی شرح تقریب النواوی، سیوطی شافعی، جلال الدین (۹۱۱ھ)، تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف، دارالفکر، بیروت، ۱۴۰۹ھ۔
۴۸- التدوین فی اخبار قزوین، رافعی قزوینی شافعی، عبدالکریم بن محمد (۶۲۳ھ)، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۰۸ھ۔
۴۹- تہذیب تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ذہبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ)، چ۱، نشر الفاروق الحدیثۃ، قاہرہ، ۱۴۲۵ھ۔
۵۰- تشریح ومحاکمہ در تاریخ آل محمد، آفندی شافعی، قاضی بہجت (۱۳۵۰ھ)، مترجم مرزا مہدی ادیب، چ۲، مرکز چاپ ونشر بنیاد بعثت، تہران، ۱۳۷۶ش (ایرانی سال)
۵۱- تلخیص وترجمہ تاریخ نیشاپور حاکم نیشاپوری، خلیفہ نیشاپوری شافعی، احمد بن محمد بن الحسن بن احمد (آٹھویں صدی)، ابن سینا لائبریری، تہران۔
۵۲- تقریب التہذیب، ابن حجر عسقلانی شافعی، احمد بن علی (۸۵۲ھ)، چ۲، دارالمعرفۃ، بیروت، ۱۳۹۵ھ۔
۵۳- تنزیہ الشریعۃ المرفوعۃ عن الاخبار الشنیعۃ الموضوعۃ، کنانی شافعی، ابوالحسن علی بن محمد بن عراق (۹۶۳ھ)، چ۲، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۰۱ھ۔
۵۴- تہذیب التہذیب، ابن حجر عسقلانی شافعی، احمد بن علی (۸۵۲ھ)، چ۱، دارالفکر، بیروت، ۱۴۰۴ھ۔

۵۵- تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، مزی شافعی، یوسف بن عبدالرحمٰن (۷۴۲ھ)، چ۱، دارالفکر، بیروت، ۱۴۱۴ھ۔

۵۶- الجامع الصغیر من حدیث البشیر النذیر، سیوطی شافعی، جلال الدین (۹۱۱ھ)، دارالکتب العلمیہ، بیروت۔

۵۷- جامع کرامات الاولیاء، نبھانی شافعی، یوسف بن اسماعیل (۱۳۵۰ھ)، چ۱، دارالفکر، بیروت، ۱۴۱۴ھ۔

۵۸- الجرح والتعدیل، ابن ابی حاتم رازی شافعی، ابومحمد عبدالرحمٰن (۳۲۷ھ)، چ۱، دارالفکر، بیروت۔

۵۹- جواہر العقدین فی فضل الشرفین، سمہودی شافعی، علی بن عبداللہ الحسنی (۹۱۱ھ)، وزارۃ الاوقاف والشؤون الدینیۃ، بغداد، ۱۴۰۷ھ۔

۶۰- الحلقۃ الاولی من تاریخ نیسابور المنتخب من السیاق، انتخاب، فارسی شافعی، ابوالحسن عبد الغافر بن اسماعیل (۵۲۹ھ)، ابواسحاق ابراہیم بن محمد بن الازہر الصیریفینی (۶۴۱ھ)، چ۱، نشر جامعہ مدرسین، قم، ۱۴۰۳ھ۔

۶۱- حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ابونعیم اصفہانی شافعی، احمد بن عبداللہ (۴۳۰ھ)، چ۱، دارالفکر، بیروت، ۱۴۱۶ھ۔

۶۲- الرسالۃ القشیریۃ فی التصوف، قشیری شافعی، ابوالقاسم عبدالکریم بن ھوازان (۴۶۵ھ)، تحقیق وتعلیق: محمود بن شریف ودکتر عبدالحلیم محمود، چاپ حسان، قاہرہ۔

۶۳- الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، سیوطی شافعی، جلال الدین (۹۱۱ھ)، چ۱، دار الفکر، بیروت، ۱۴۱۴ھ۔

۶۴- دول الاسلام، ذہبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ)، چ۱، دار صادر، بیروت ۱۹۹۹ھ۔

۶۵- دیوان الضعفاء والمتروکین، چ۱، دار القلم، بیروت، ۱۴۰۸ھ۔

۶۶- ذیل تاریخ بغداد، ابن نجار بغدادی شافعی، ابوعبداللہ محبّ الدین محمد بن محمود بن حسن (۶۴۳ھ)، چ۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۷ھ۔

۶۷- سنن الدار قطنی، دارقطنی بغدادی شافعی، علی بن عمر (۳۸۵ھ)، چ۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ۔

۶۸- سیر اعلام النبلاء، ذہبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ)، چ۱۱، مؤسسہ الرسالۃ، بیروت ۱۴۱۷ھ۔

۶۹- شرح نہج البلاغہ، ابن ابی الحدید معتزلی شافعی، عبدالحمید بن ھبۃ اللہ (۶۵۶ھ)، چ۲، دار احیاء المعرفہ، دمشق، ۱۳۸۵ھ۔

۷۰- شعب الایمان، بیہقی شافعی، احمد بن حسین (۴۵۸ھ)، چ۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ۔

۷۱- الصواعق المحرقہ، ابن حجر ہیثمی شافعی، ابوعباس احمد بن محمد بن محمد بن علی (۹۷۳ھ)، چ۱، موسسہ الرسالۃ، ۱۴۱۷ھ۔

۷۲- طبقات الحفاظ، سیوطی شافعی، جلال الدین (۹۱۱ھ)، چ۱، دار الکتاب العلمیۃ، بیروت، ۱۴۰۳ھ۔

۷۳- طبقات الشافعیہ، ابن قاضی شبھۃ شافعی، ابوبکر بن احمد بن محمد بن عمر بن محمد دمشقی (۸۵۱ھ)، دار الندوۃ الجدیدہ، بیروت، ۱۴۰۷ھ۔

۷۴- طبقات الشافعیۃ، ابن کثیر دمشقی شافعی، اسماعیل بن عمر (۷۷۶ھ)، چ۱، دار المدار الاسلامی، بیروت۔

۷۵- طبقات الشافعیۃ، ابن ہدایت اللہ حسینی شافعی، ابوبکر (۱۰۱۴ھ)، چ۲، دار الآفاق الجدیدۃ، بیروت ۱۹۷۹ء۔

۷۶- طبقات الشافعیۃ، اسنوی شافعی، جمال الدین عبد الرحیم (۷۷۲ھ)، چ۱، دار الکتب العلمیۃ، بیروت ۱۴۰۷ھ۔

۷۷- طبقات الشافعیۃ الکبری، سبکی شافعی: تاج الدین ابونصر عبد الوہاب بن علی بن عبد الکافی (۷۷۱ھ)، چ۱، دار احیاء الکتب العربیۃ، بیروت۔

۷۸- طبقات الفقہاء الشافعیۃ بترتیب ومستدرکات محی الدین ابوبکر زکریا یحی بن شرف نووی شافعی، ابن صلاح شافعی، تقی الدین ابوعمرو عثمان بن عبد الرحمٰن الشہر زوری (۶۴۳ھ)۔ (۶۷۶ھ) وتنقیح یوسف بن عبد الرحمٰن مزی شافعی (۷۴۲ھ)، چ۱، دار البشائر الاسلامیہ، بیروت ۱۴۱۳ھ۔

۷۹-العبر فی خبر من غبر، ذہبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ)، دارالکتب العلمیہ، بیروت۔
۸۰-العتب الجمیل علی اهل الجرح والتعدیل، تحقیق وتعلیق: حسن بن علی سقاف شافعی، محمد بن عقیل شافعی (۱۳۵۰ھ)، چ۱، دارالامام النووی، اردن۔
۸۱-فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذرّیتھم، جوینی شافعی، شیخ الاسلام ابراہیم بن محمد (۷۲۲ھ): ، چ۱، مؤسسۃ المحمودی، بیروت ۱۴۰۰ھ۔
۸۲- المستدرک علی الصحیحین، حاکم نیشاپوری، ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ (۴۰۵ھ)، چ۱، مکتبۃ العصریہ، بیروت، ۱۴۲۰ھ۔
۸۳-فردوس الاخبار بماثور الخطاب، دیلمی شافعی، ابن شبرویہ (۵۰۹ھ)، چ۱، دارالفکر، بیروت، ۱۴۱۸ھ،
۸۴-فیض القدیر بشرح الجامع الصغیر، مناوی شافعی، عبدالرؤوف بن علی (۱۰۳۱ھ)، چ۲، دارالفکر، بیروت، ۱۳۹۱ھ۔
۸۵-الکاشف فی معرفۃ من لہ روایۃ فی الکتب الستہ، ذہبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ)، چ۱، دارالقبلہ، موسسہ علوم القرآن، جدہ، ۱۴۱۳ھ۔
۸۶-الکامل فی ضعفاء الرجال، ابن عدی جرجانی شافعی، ابواحمد عبداللہ (۳۶۵ھ)، چ۳، دارالفکر، بیروت، ۱۴۰۹ھ۔

۸۷- کتاب الثقات، ابن حبان بستی شافعی، ابوحاتم محمد بن حبان ابن احمد (۳۵۴ھ)، چ۱، دارالفکر بیروت ۱۳۹۳ھ۔

۸۸- کتاب الضعفاء، ابونعیم اصفہانی شافعی، احمد بن عبداللہ (۴۳۰ھ)، چ۱، دارالثقافۃ، مراکش، ۱۴۰۵ھ۔

۸۹- کتاب الضعفاء والمتروکین، دارقطنی بغدادی شافعی، علی بن عمر (۳۸۵ھ)، چ۱، المکتب الاسلامی، بیروت، ۱۴۰۰ھ۔

۹۰- کتاب الضعفاء والمتروکین، نسائی شافعی، ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب (۳۰۳ھ)، چ۱، موسسہ الکتب الثقافیہ، بیروت، ۱۴۰۷ھ۔

۹۱- کتاب المجروحین، بن حبان بستی شافعی، ابوحاتم محمد بن حبان ابن احمد (۳۵۴ھ)، دارالمعرفۃ، بیروت ۱۴۱۲ھ۔

۹۲- کشف الخفاء ومزیل الالباس عما اشتھر من الاحادیث علی السنۃ الناس، عجلونی جراحی شافعی، شیخ اسماعیل بن محمد (۱۱۶۲ھ)، چ۶، موسسۃ الرسالہ، بیروت، ۱۴۱۶ھ۔

۹۳- کفایۃ الطالب فی مناقب علی بن ابی طالب، گنجی شافعی، محمد بن یوسف (۶۵۸ھ)، چ۱، داراحیاء التراث اہل البیت، تہران، ۱۴۰۴ھ۔

۹۴- الکفایہ فی علم الروایہ، خطیب بغدادی شافعی، احمد بن علی (۴۶۳ھ)، چ۲، دارالکتب الحدیثہ، قاہرہ۔

۹۵ - اللآ لی المصنوعہ فی الاحادیث الموضوعہ، سیوطی شافعی، جلال الدین (۹۱۱ھ)، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۷ھ۔

۹۶ - المؤتلف والمختلف، دارقطنی بغدادی شافعی، علی بن عمر (۳۸۵ھ)، چ۱، دارالغرب الاسلامی، بیروت، ۱۴۰۶ھ۔

۹۷ - المجرد فی اسماء رجال سنن ابن ماجہ، ذہبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ)، چ۱، دارالرایہ، ریاض، ۱۴۰۹ھ۔

۹۸ - مسند الشہاب، قضاعی شافعی، محمد بن سلامہ (۴۵۴ھ)، چ۲، موسسۃ الرسالہ، بیروت، ۱۴۰۷ھ۔

۹۹ - مصباح الزجاجہ فی زوائد ابن ماجہ، تحقیق: عوض بن احمد شہری، بوصیری قاہری شافعی، ابوعباس شہاب الدین احمد بن ابی بکر (۸۴۰ھ)، چ۱، جامعۃ الاسلامیہ، مدینہ منورہ، ۱۴۲۵ھ۔

۱۰۰ - مطالب السؤل فی مناقب آل رسول، محمد بن طلحہ شافعی (۶۵۲ھ)، چ۱، موسسہ البلاغ، بیروت، ۱۴۱۹ھ۔

۱۰۱ - معرفۃ الرواۃ، ذہبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ)، چ۱، دارالمعرفۃ، بیروت، ۱۴۰۶ھ۔

۱۰۲ - المعین فی طبقات المحدثین، ذہبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ)، چ۱، دارالصحوۃ، بیروت، ۱۴۰۷ھ۔

۱۰۳- المغنی فی الضعفاء، ذہبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ) ، چ۱، دار الکتب العلمیہ ، بیروت، ۱۴۱۸ھ۔
۱۰۴- المقتنی فی سرد الکنی، ذہبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ) ، چ۱، دار الکتب العلمیہ ، بیروت، ۱۴۱۸ھ۔
۱۰۵-مناقب اہل بیت از دیدگاہ اہل سنت، ہاشمی شافعی، سید محمد طاہر (۱۴۱۲ھ) ، چ۱، بنیاد پژوہشہای اسلامی، مشہد، ۱۳۷۸ھ ش (ایرانی سال)۔
۱۰۶-موضح اوہام الجمع والتفریق، خطیب بغدادی شافعی، احمد بن علی (۴۶۳ھ) ، چ۱، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۰۷ھ۔
۱۰۷-میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ذہبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ) ، چ ۱، دار الفکر، بیروت۔
۱۰۸-نزہۃ المجالس ومنتخب النفائس، صفوری شافعی، عبد الرحمٰن بن عبد السلام بن عبد الرحمٰن (۸۹۴ھ) ، چ۳، شرکۃ مکتبۃ ومطبعۃ مصطفیٰ البانی الحلبی، قاہرہ، ۱۳۸۷ھ ش (ایرانی سال)
۱۰۹ -النعیم المقیم لعترۃ النباء العظیم، موصلی شافعی ، عمر بن شجاع الدین محمد بن عبد الواحد (۶۶۰ھ): ، چ۱، دار الکتاب الاسلامی، قم، ۱۴۲۳ھ۔
۱۱۰-نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، شبلنجی شافعی شیخ مؤمن بن حسن بن مؤمن (۱۲۹۸ھ)، چ۱، دار الکتب العلمیہ ، بیروت، ۱۴۱۸ھ۔

۱۱۱- الوافی بالوفیات، صفدی شافعی، صلاح الدین خلیل بن ایبک (۷۶۴ھ)، چ۱، النشر ات الاسلامیہ، جرمنی، ۱۳۸۱ھ۔
۱۱۲-وفیات الاعیان وانباء الزمان، ابن خلکان شافعی، ابوعباس شمس الدین محمد بن ابی بکر(۶۸۱ھ)، چ۱، دارصادر، بیروت، ۱۳۹۸ھ۔
۱۱۳- ھدی الساری معروف بہ مقدمہ فتح الباری، ابن حجر عسقلانی شافعی، احمد بن علی (۸۵۲ھ) :، چ۱، دارالریان للتراث، قاہرہ، ۱۴۰۷ھ۔

ظاہری

۱۱۴- اکمال تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، بہ ضمیمہ نظرات محمد بن طاہر مقدسی ظاہری، مغلطای حنفی، علاء الدین (۷۶۲ھ)، چ۱، الفاروق الحدیثہ، بیروت، ۱۴۲۲ھ۔

مالکی

۱۱۹- جھرۃ تراجم فقہاء المالکیہ، قاسم علی مالکی، سعد مالی، چ۱، دارالبحوث للدراسات الاسلامیہ واحیاء التراث، دبئی، ۱۴۲۳ھ۔
۱۱۶-طبقات المالکیہ، ازھری مالکی، محمد بشیر ظافر، چ۱، دارالآفاق العربیہ، قاہرہ، ۱۴۲۰ھ۔
۱۱۷-الفصول المھمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ، ابن صباغ مالکی (۸۵۵ھ) : ، چ۲، دارالاضواء، بیروت، ۱۴۰۹ھ۔
۱۱۸- مجرد اسماء الرواۃ عن مالک، رشید عطار، ابوالحسین رشید الدین یحی بن عبداللہ بن علی قریشی (۶۶۲ھ)، چ۱، مکتبۃ الغرباء الاثریہ، مدینہ منورہ، ۱۴۱۸ھ۔

دوسرے افراد۔(۱)

۱۱۹-احوال الرجال، جوزجانی ناصبی، ابواسحاق ابراہیم بن یعقوب (۲۵۹ھ) ، چ۱، موسسۃ الرسالہ، بیروت ۱۴۰۵ھ۔

۱۲۰-اخبار الدول وآثار الاول فی التاریخ، قرمانی دمشقی، ابوعباس احمد بن یوسف بن احمد (۱۰۱۹ھ)، عالم الکتب، بیروت۔

۱۲۱-الارشاد فی معرفۃ علماء الحدیث، ابویعلی قزوینی، خلیل بن عبداللہ الخلیلی (۴۵۶ھ)، دارالفکر، بیروت، ۱۴۱۴ھ۔

۱۲۲-اهداء الدیباچہ بشرح سنن ابن ماجہ، صفاضوی واحمد عدوی ، چ۱، دار الیقین، بحرین ۱۴۲۲ھ۔

۱۲۳-تاریخ الثقات، عجلی، ابوالحسن احمد بن عبداللہ بن صالح (۲۶۱ھ)، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۰۵ھ۔

۱۲۴-تاریخ اسماء الثقات، ابن شاہین، ابوحفص عمر بن احمد بن عثمان (۳۸۵ھ)، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۰۶ھ۔

۱۲۵- تاریخ یحی بن معین براویۃ ابی الفضل عباس بن محمد بن حاتم الدوری البغدادی (۲۷۱ھ)، یحی بن معین، ابوزکریا مری غطفانی بغدادی (۲۳۳ھ)، دارالقلم، بیروت۔

---

(۱) دوسرا افراد سے وہ لوگ مراد ہیں کہ جو اہل سنت ہی ہیں لیکن ان کا فقہی مذہب معلوم نہیں ہے۔

۱۲۶-تحقیق وتعلیق سنن ابن ماجہ، معروف عواد، بشار، تحقیق وتعلیق بشار معروف عواد، چ ا،
دارالجبل، بیروت، ۱۴۱۸ھ۔
۱۲۷-جامع الشمل فی حدیث خاتم الرسل، حفصی عدوی، محمد بن یوسف بن عیسی بن
اطیفش (۱۳۳۲ھ)، دارالکتب العلمیہ، بیروت۔
۱۲۸-سنن ابن ماجہ، ابن ماجہ قزوینی، ابوعبداللہ محمد بن یزید (۲۷۵ھ)، دارالفکر، بیروت۔
۱۲۹-الصلۃ بین التصوف والتشیع، شیبی، دکتر کامل مصطفیٰ، چ ۳، دارالاندلس، بیروت،
۱۹۸۲ء۔
۱۳۰-الفہرست الشامل للتراث العربی الاسلامی المحفوظ، مؤلفین کا ایک گروہ، (الحدیث
النبوی الشریف وعلومہ ورجالہ)، تحقیق ونشر: موسسۃ آل البیت للفکر الاسلامی، عمان، اردن،
۱۴۲۶ھ۔
۱۳۱-کتاب الضعفاء الصغیر، بخاری، محمد بن اسماعیل (۲۵۶ھ)، چ ا، عالم الکتب، بیروت،
۱۴۰۴ھ۔
۱۳۲- الکشف الحیث، ابوالوفاء حلبی طرابلسی، ابراہیم بن محمد بن سبط ابن عجمی (۸۴۱ھ)،
چ ا، عالم الکتب ومکتبۃ النھضۃ العربیہ، بیروت، ۱۴۰۷ھ۔
۱۳۳-کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال، متقی ہندی، علاء الدین علی بن عبدالملک
(۹۷۵ھ)، چ ۵، موسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۴۰۵ھ۔
۱۳۴-مختصر تاریخ دمشق، ابن منظور افریقی، محمد بن مکرم (۷۱۱ھ)، چ ا، دارالفکر
، بیروت، ۱۴۰۹ھ۔

۱۳۵-معجم البلدان، یاقوت حموی، ابوعبداللہ شہاب الدین یاقوت بن عبداللہ رومی بغدادی (۶۲۶ھ)، داراحیاء التراث العربی، بیروت، ۱۳۹۹ھ۔

۱۳۶-المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث النبوی، ونسینک، آرنٹ یان، ۱۹۳۶ء۔

۱۳۷- معجم المؤلفین، کحالہ، عمر رضا، داراحیاء التراث العربی، بیروت۔

۱۳۸-معرفۃ الثقات، عجلی، ابوالحسن احمد بن عبداللہ بن صالح (۲۶۱ھ)، ج۱، مکتبۃ الدار، مدینہ منورہ، ۱۴۰۵ھ۔

۱۳۹- معرفۃ الرجال، یحی بن معین، ابوزکریا مری غطفانی بغدادی (۲۳۳ھ)، ج۱، مطبوعات مجمع اللغۃ العربیہ، دمشق، ۱۴۰۵ھ۔

۱۴۰-المعرفۃ والتاریخ، فسوی، یعقوب بن سفیان (۲۷۷ھ)، ج۲، موسسۃ الرسالۃ، بیروت، لبنان، ۱۴۰۱ھ۔

۱۴۱-مفتاح کنوز السنۃ، ونسینک، آرنٹ یان، دارالباز، مکہ مکرمہ، ۱۴۰۳ھ۔

۱۴۲-موسوعۃ اطراف الحدیث النبوی الشریف، زغلول، ابوھاجر محمد السعید بن بسونی، دارالفکر، بیروت، ۱۴۱۴ھ۔

۱۴۳-نثر الدرر، آبی، ابوسعد منصور بن حسین (۴۲۱ھ)، ھئیۃ المصریۃ العامۃ للکتاب، مصر۔

ب: شیعہ

۱۴۴ - اھل البیت فی المکتبۃ العربیہ، طباطبائی، سید عبدالعزیز (۱۴۱۶ھ)، تحقیق ونشر: موسسۃ آل البیت لاحیاء التراث، چ۱، قم، ۱۴۱۷ھ۔

۱۴۵ - احقاق الحق وازھاق الباطل، قاضی نوراللہ، شہید ثالث حسینی شوشتری (۱۰۱۹ھ)، چ۱، مکتبہ آیت اللہ العظمی مرعشی نجفی، قم۔

۱۴۶ - اختیار معرفۃ الرجال، شیخ طوسی، ابوجعفر محمد بن حسن بن علی (۴۶۰ھ) تحقیق: حسن مصطفوی، مشہد یونیورسٹی، ۱۳۴۸ھ ش (ایرانی سال)۔

۱۴۷ - تنقیح المقال فی علم الرجال، مامقانی، شیخ عبداللہ (۱۳۵۱ھ)، چ۱، مطبعۃ المرتضویہ، نجف اشرف۔

۱۴۸ - خلاصۃ الاقوال فی معرفۃ الرجال، علامہ حلی، ابومنصور حسن بن یوسف بن مطہر اسدی (۷۲۶ھ) تحقیق: شیخ جواد قیومی، چ۱، موسسۃ النشر الاسلامی، قم، ۱۴۱۷ھ۔

۱۴۹ - رجال الطّوسی، شیخ طوسی، ابوجعفر محمد بن حسن بن علی (۴۶۰ھ)، تحقیق وتعلیق: سید محمد صادق آل بحرالعلوم، چ۱، مطبعۃ الحیدریہ، نجف اشرف، ۱۳۸۱ھ۔

۱۵۰ - رجال نجاشی، تحقیق: سید موسی شبیری زنجانی، نجاشی، ابوعباس احمد بن علی احمد بن عباس اسدی کوفی (۴۵۰ھ)، چ۶، انتشارات جامعہ مدرسین، قم، ۱۴۱۸ھ۔

۱۵۱ - کتاب الرجال، ابن داوٗد حلی، تقی الدین حسن بن علی (۷۰۷ھ)، چ۲، انتشارات دانشگاہ تہران، ۱۳۸۳ھ۔

۱۵۲-معجم رجال الحدیث وتفصیل طبقات الرواۃ، خوئی،سیدابوالقاسم (۱۴۱۳ھ)، ج۳، منشورات مدینۃ العلم،قم ۱۴۰۳ھ۔

۱۵۳-ملحقات احقاق الحق، مرعشی نجفی،سید شہاب الدین (۱۴۱۱ھ) ، ج۲،مکتبہ آیت اللہ العظمی مرعشی نجفی،قم،۱۴۲۳ھ۔

۱۵۴- موسوعۃ التاریخ الاسلامی، یوسفی غروی ،محمد ہادی ،ج۱،مجمع الفکر الاسلامی ،قم ۱۴۳۰ھ۔

☆☆☆☆☆

☆☆☆

☆